قافلۂ صدق و صفا ، کاروانِ عشق و وفا ، فرسانِ حماس کے ایک جانباز غازی و مجاہد اشرف البعلوجی کا تذکرہ مجاہد فلسطین شیخ یحیی سنوار شہید کے قلم سے

اشرف البعلوجیؒ

تصنیف

مجاہد ملت شیخ یحییٰ سنوار شہید

ترجمہ

حامد قاسم

یہ غازی یہ تیرے پُر اسرار بندے
جنھیں تُو نے بخشا ہے ذوقِ خدائی

دو نیم ان کی ٹھوکر سے صحرا و دریا
سِمٹ کر پہاڑ ان کی ہیبت سے رائی

دو عالم سے کرتی ہے بیگانہ دل کو
عجب چیز ہے لذّتِ آشنائی

شہادت ہے مطلوب و مقصودِ مومن
نہ مالِ غنیمت نہ کِشور کشائی

مقدمہ

الحمدللہ و الصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ، قال اللہ تعالیٰ :
أذن للذین یقاتلون بأنهم ظلموا ، و إن اللہ علی نصرهم لقدیر.

حمد و ثناء اسی قادر مطلق مختار کل رب الجہاد و المجاھدین اللہ عزوجل کے نام جس نے جہاد فی سبیل اللہ جیسا مقدس و مطہر فریضہ عطا کرکے امت مسلمہ کو سرفراز و سر بلند فرمایا ، مزید جہاد کی اہمیت کو ذروۃ سنامہ کا تمغۂ امتیاز عطا فرما کر اسے محکم و قطعی فریضہ بنا دیا ، یہ جہاد ہی کی برکات ہیں کہ چودہ سو سال سے امت مسلمہ کے جانباز و شہسواران ، مظلوم و مقہور بلاد و اراضی کو پنجۂ استبداد سے چھڑاتے آئے ہیں ، جہاد ہی کی برکات سے افغانستان آج توحید کے نغموں سے گونج رہا ہے ، ملک شام سارا ہی خیر بلاد الأرض کا حقیقی مصداق بننے جا رہا ہے ، ارض مقدسہ ان شاءاللہ آزادی و حریت کے دہانے پر ہے ، دنیا مہدیٔ منتظر کی منتظِر ہے ، خدا کی زمین پر خدا کا نظام نافذ ہونے کو ہے ، جہاد اپنی کرشمہ سازی سے آنکھوں کو خیرہ کررہا ہے ، یہ جہاد کی برکات ہے ، اس کی فرضیت و [1]اہمیت ، افادیت و عظمت سے انکار ہر گز نہیں کیا جا سکتا ہے ، اس کی فرضیت کا منکر بالکل اسی طرح کافر ہے جس طرح نماز کی فرضیت کا منکر کافر ہے ، علماء فرماتے ہیں کہ جہاد کو ناپسند کرنے والا بھی جنت تک رسائی نہ پاسکے گا ، جہاد ہمارا مذہبی مسئلہ ہے ، اس کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ جب جہاد کا موقع آیا تو آپ مسجد نبوی میں نہیں رہے بلکہ دشت و صحرا جنگلات و بیابان کی راہ چل پڑے ، یاد رکھیں کہ بغیر جہاد کے انقلاب ممکن نہیں ہے ، بغیر جہاد کے پھنکارتے پھن کچلے نہیں جاسکتے ، بغیر جہاد کے مظلوموں کے لہو پی کر سیراب ہونے والی فصلیں کاٹی نہیں جاسکتی ، دشمنانِ اسلام کے کبر و نخوت سے بھرے سر ، سرنگوں نہیں کیے جاسکتے ، جہاد ہی وہ واحد راستہ ہے جس کے ذریعے ہر شیطان کو ختم کیا جا سکتا ہے ، جہاد رب کا حکم ہے ، دین کا بلند ترین شعبہ ہے ، لیکن ہماری غفلت الامان الحفیظ ، جبکہ دشمن ہمیں للکار رہا ہے ،بابری مسجد کی اینٹیں اس کے در و دیوار ہمیں صدائیں دے رہے ہیں، سلاخوں تلے دبے اسیرین ہماری راہ تک رہے ہیں، ذرا اپنے بازؤں اور یہودیوں کے بازؤں کا موازنہ کرو یہاں کسی پچیس سال کے نوجوان سے کہو کہ تمہیں مظلوموں کی امداد کرنی

ہے، بابری مسجد کے لیے ہاتھ میں کلاشنکوف لیے کافروں سے برسر پیکار ہونا ہے، تو یہ سن کر وہ سراسیمگی میں مبتلا ہوجاتا ہے، پھر کہے گا کہ مجھے پسٹل چلانا نہیں آتا، مجھے کلاشنکوف چلانا نہیں آتا، مجھے دشمن پر ہینڈ گرنیڈز پھینکنا نہیں آتا ،مجھے راکٹ لانچر چلانا نہیں آتا ،یہی بات کسی اسکول سے لوٹتے ہوئے یہودی طالب علم سے پوچھیے کہ بتا اے یہودی ،اگر تیرے ہاتھ میں پستول دے دیا جائے تو کیا تو چلاسکے گا ؟ وہ جواب دے گا کہ میں نے اٹھارہ طریقوں سے پستول چلانے کی تربیت حاصل کی ہے ، ذرا سچے دل سے یہ بتائیں کہ کیا آپ نے بھی یہ سنا کہ اسرائیل نے اتنے اتنے میچ جیتے، یا یہ کہ اس کی کرکٹ یا ہاکی ٹیم ہے، وہ کرکٹ اور ہاکی نہیں کھیلتے، وہ ہمارے سروں سے کھیلتے ہیں، وہ ہمارے تن بدن کو اپنے کھیل کود اور ذہنی تفریح کا تختہ مشق بناتے ہیں ، انہیں شب و روز بس یہی ایک دھن سوار ہے،لیکن ذرا ہمارے قصبوں دیہاتوں اور شہروں کا گشت لگائیں ،گیند اور بلا اٹھائے، ہر ایک خود کو بہادر خیال کررہا ہے ،جس قدر ممکن ہو کر کیٹر بننے کی بے جا کوشش کررہا ہے، بلکہ بعض جگہوں پر مستقل میدان ہیں، جہاں گھوڑ سواری بھاگ دوڑ کے مقابلے نہیں، بلکہ کرکٹ کے عاشق اپنی قسمت آزمائی کرتے ہیں، ساری کوششیں ساری توانائیاں اسی میں صرف ہورہی ہیں ،ذرا سی فراغت ہوئی ،گیند اور بلا لیکر کھیل گاہ کی سمت چل پڑے ،کاش کہ ان ہاتھوں میں اسلحہ ہوتا، تو مسلمان کتنا اچھا لگتا ، پھر جب جہاد سامنے آتا ہے تو کنی کتراتے ہیں ، ،شرعی اصطلاحات میں تحریف کرتے ہیں، پھر رب کی نصرت تلاش کرتے ہیں، رب کی نصرت کے لیے بستر اٹھا کر شرعی اصطلاحات میں تحریف نہیں کرنی ہوتی بلکہ عملی جہاد کے میدان میں نکل کر اپنا سر پیش کرنا پڑتا ہے ، پھر فرشتوں کے لشکر اترتے چلے آتے ہیں۔

ہماری پسماندگی کی ایک وجہ یہ ہے کہ جمہوریت اور مساوات جیسی خوش کن اصطلاح سے ہمارے ذہنوں کو مغرب زدہ بنادیا گیا ، اور مغربی جمہوریت پھر اسلام کی ترقی کے لیے مانع بن گئی ، کیوں خلافت و جمہوریت دونوں متضاد چیزیں ہیں ، قرآن میں عالم و غیر عالم میں فرق کیا گیا ہے جبکہ جمہوریت میں سب کا ووٹ برابر قرار دیا گیا ہے ، قرآن کے مطابق حاکمیت صرف اللہ کی ہے ، جبکہ جمہوریت میں حاکمیت عوام کی ہے ، قرآن کے مطابق اکثریت بھٹکے ہوئے لوگوں کی ہے ، جبکہ جمہوریت میں حق کا معیار اکثریت ہے ، قرآن کے مطابق حاکم بننے کے اہل وہ لوگ ہیں جو اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہیں ، جبکہ جمہوریت میں ہر ایک حاکم بن سکتا ہے ، حدیث کے

مطابق جو حکومت طلب کرے وہ اس کا اہل نہیں ، جبکہ جمہوریت میں حکومت کا مہذب طریقے سے مطالبہ ہوتا ہے ، حدیث کے مطابق جس قوم کی حکمران عورت بنتی ہے وہ فلاح نہیں پاتی ، جبکہ جمہوریت میں عورت حکمراں بن سکتی ہے ، جب اس قدر دونوں میں تضاد ہے تو بھلا کیوں کر اسلام کی آبیاری اور کلمۃ اللہ کی سربلندی ہو سکتی ہے ،

الکشن ممبری کونسل صدارت بنائے خوب آزادی نے پھندے

اُٹھا کر پھینک دو باہر گلی میں نئی تہذیب کے انڈے ہیں گندے

گر ایں جمہوریت انتخابات است عذاب است و عذاب است و عذاب است

دریں ایام می بینی و می بینم کہ بر مردار غوغائے کلاب است

اسلام کی سر بلندی کماحقہ جہاد سے ممکن ہے ، جہاد کا مقصد فساد نہیں ہے بلکہ یہ تو فسادیوں کا علاج ہے ، جہاد دہشت گردی نہیں بلکہ دہشت گردوں کا علاج ہے ، جن مقاصد کے تحت جہاد کیا جاتا ہے وہ سراسر انسانی حقوق پر مبنی ہیں ، عقل سلیم اگر اس بابت گوشۂ تنہائی میں سوچ و فکر سے کام لیں تو بخوبی واضح ہو جائے گا کہ قرآن کے مطابق جہاد کے مقاصد میں مقبوضہ علاقوں کی بازیابی ، کمزوروں کی مدد ، مقتولین کا قصاص ، جزیے کا حصول ، عہد شکنی کی سزا ، اپنا دفاع ، عبادت گاہوں کا دفاع ، فتنوں کا خاتمہ ، اور اسلام کا غلبہ شامل ہے ، عقل و خرد کے دعویدار کیا یہ بتا سکتے ہیں کہ یہ انسانی حقوق کے خلاف ہے ؟ جب عقول تشکیک زدہ ہو جائیں قلب و جگر مغرب کے پرستار ہوجائیں اور تن و من جمہوریت کے دلدار ہوجائیں تو یا تو وہ جہاد کا انکار کرتے ہیں یا پھر جہاد سے بچنے کے حیلے حوالے تلاش کرتے ہیں اور تاویلات فاسدہ کے دروازے کھول لیتے ہے ، کبھی اولا اعمال کی تصحیح اور ایمان کی مضبوطی کی شرط کا بہانہ تلاشتے ہیں ، اسی قبیل سے جہاد اصغر اور جہاد اکبر کی ابحاث ہیں ، جہاد کے لیے ایمان کی مضبوطی کی شرط لگانا سوائے نفس پرستی کے اور کیا ہوسکتا ہے کہ جب نماز روزہ زکوۃ حج ایمان کی کمزوری کے باوجود ادا کیے جاسکتے ہیں تو پھر جہاد جیسا عظیم الشان عمل کیوں نہیں کیا جاسکتا ؟ اگر نیک حکمراں کے لیے اعمال کی تصحیح ضروری ہے تو جہاد بھی ایک عمل ہے اس کی بھی تصحیح کی جائے تاکہ نیک حکمراں حاصل ہو ، " نفس کے ساتھ جہاد جہاد اکبر ہے " کی منطق سوائے مفروضے کے اور کچھ معلوم نہیں ہوتی ہے ، کیوں کہ نفس کے ساتھ جہاد کی نوعیت جداگانہ ہے ، نماز کے لیے نفس

کو تیار کرنا ، روزے کے لیے نفس کو تیار کرنا ، زکوٰۃ کے لیے نفس کو تیار کرنا بلاشبہ مجاہدے کا کام ہے لیکن جہاد کے لیے نفس کو تیار کرنا دیگر اعمال سے بڑھ کر مجاہدے کا کام ہے ، یہی وجہ ہے کہ جہاد کا سب سے بڑا دشمن نفس ہے ، لہذا نفس کے ساتھ جہاد کا مطلب یہ ہوا کہ نفس کو جہاد کے لیے تیار کیا جائے ، کیوں کہ جہاد کا سب سے بڑا دشمن یہی ہے ۔

الغرض جہاد فی سبیل اللہ ایک عظیم تحفہ ہے ، اس میں سستی اور کوتاہی سوائے شومیٔ قسمت اور حرماں نصیبی کے کچھ بھی نہیں ، جب تک امت میں قرآن اور تلوار ساتھ ساتھ تھے تب تک امت عزت و شرف ، احترام و افتخار کے ساتھ زندگی جی رہی تھی لیکن جوں ہی دونوں بعد پیدا ہوا تو امت مسلمہ زخم خوردہ ہو کر رہ گئی ، اقبال نے اسی حقیقت کو چند لفظوں میں بیان کیا :

این دو قوت حافظ یک دیگرند ۔۔۔ کائنات زندگی را محورند

تا مسلمان کرد با خود آنچہ کرد ۔۔۔ گردش دوران بساطش در نورد

مرد حق از غیر حق اندیشہ کرد ۔۔۔ شیر مولا روبہی را پیشہ کرد

یہ دونوں قوتیں (تلوار اور قرآن) ایک دوسرے کی محافظ ہیں اور زندگی کی کائنات کا محور ہیں ، زندگی انہی دو کے گرد گردش کرتی ہے ، یہاں تک کہ مسلمانوں نے اپنے آپ سے کیا جو کچھ کیا اور زمانے کی گردش نے ان کی بساط لپیٹ دی ، اللہ کے یہ بندے غیر اللہ سے ڈرنے لگے، مولا کے اس شیر (مسلمان) نے لومڑی کا پیشہ یعنی بزدلی اختیار کرلی ۔

واقعی جہاد سے غفلت نے مسلمان کو کس قدر ذلت و خواری کی کھائی میں دھکیل دیا ہے ، مسلمانوں کی وہ تہذیب و ثقافت ، عظمت و وقعت سبھی کچھ لوٹ لیا گیا ، حکمراں کے عادل ہونے کا تصور ، تلواروں کی جھنکار میں قرآن و نماز کی حلاوت میدانوں میں پروان چڑھنے کا جذبہ ہی کافور ہوچلا ہے ، سلام ہو ان بہی خواہان قوم پر جو ہمہ وقت ظلم کی آندھیوں سے ٹکرانے کا ہنر رکھتے ہیں ، جن میں شبانہ روز امت کے مظلومین کا درد جوالہ بن کر قلب و جگر کو جلا رہا ہوتا ہے ، جن کا جینا مرنا سبھی کچھ جہاد کے لیے ہوتا ہے ، دین خداوندی کی سربلندی کے لیے کوشاں رہتے ہیں ، جن کی راتیں رب سے باتیں کرتے ہوئے مصلے کی پشت پر گزرتی ہیں ، جن کی فطرت و طبیعت میں صالحیت و سالمیت ہے ، جن میں جذبۂ جہاد خوں کی طرح گردش کر رہا

ہے ، وہ رب سے ملاقات کے مشتاق ہیں، شہادت کے لیے بے قرار ہیں ، دین اسلام کے پہرے دار ہیں ، وہ میدانوں کے غازی اور شہسوار ہیں ،اہلِ ایمان پر ہوتے ظلم و ستم پر وہ دل فگار ہیں ، وہ ہم نوائے خالد و ضرار ہیں ، جن میں صدیق کی صداقت ، فاروق کی عدالت ، عثمان کی سخاوت ،اور علی کی شجاعت ہے ، جن میں امیر معاویہ ؓ کی سیاست، ابو عبیدہ جیسی امانت کوٹ کوٹ کر بھری ہے ، یہی وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ نے اپنے دین کی سربلندی کے لیے قبول کرلیا ہے ، لیکن زخم خوردہ امت کا حال دیکھ کر دل زخمی زخمی ہے ، فلسطین کا حال کسی سے مخفی نہیں ہے عزم و ہمت ، صبر و استقامت کو دیکھ کر یوں محسوس ہوتا ہے کہ انہوں نے اپنے اجداد سے صبر و استقامت کا وافر حصہ پایا ہے ، وہ کتنے اپنے کھو چکے ہیں ، ظلم و ستم کی حدیں متجاوز ہوچکی ہیں، جن کے آشیانوں سے بم و بارود کے دھوئیں شب و روز اٹھتے رہتے ہیں، پھر بھی استقامت دیکھیے قلت کے شکار ہوکر بھی صبر و ہمت کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے دشمن سے بر سر پیکار ہیں، اور ہم کثرت میں ہیں ، لیکن پھر بھی ظلم و ستم کی چکی چلتی رہتی ہے، سب کے منہ پر تالے لگے ہیں، کوئی عملی طور پر پیش قدمی کرنا ہی نہیں چاہتا، فلسطین جل رہا ہے لیکن پھر بھی اقوامِ متحدہ کو یہ ظلم کیوں نظر نہیں آتا ، ماؤں بہنوں کی آہ و بکا ، نالۂ فریاد خیموں چھپروں میں بلند ہوکر وہی دب کے رہ جاتی ہے، انہیں پتہ ہے کہ سوائے خدا کے اور کوئی ہمارے لیے کیا کرسکتا ہے ،مسلمان حکمران کہاں ہماری امداد کو آئیں گے ! وہ تو اپنے خوابوں خیالوں میں مست ہیں، جائیے بھی فلسطین کا دورہ کیجئے، اور جائزہ لیجئے کئی گودیں اجڑی ہوئی دکھائی دیں گی ،کئی سہاگنوں کا سہاگ چھین چکا ہے ، جس کا دل خراش نشان ان پر واضح نظر آئے گا، جن گھروں میں قہقہوں کی فضائیں تھیں ، وہ گھرانے سوگوار نظر آئیں گے ، جہاں بھی حسرت و غم کا سایہ تک نہ تھا، وہاں آج بزمِ عشرت بزمِ ماتم نظر آئے گی، جہاں ساحل کے سرے کھڑے باد نسیم میں لہلہاتے سبز چادر تانے حسن بکھیرتے درخت باد سموم سے خشک نظر آئیں گے ، نالوں کی زینت کو دوبالا کرتا، بل کھاتا پانی آج ظلم سے سرخ ہوچکا ہے، لیکن جہاد پھر بھی اپنی آب و تاب کے ساتھ جاری ہے، مائیں اپنے بچے دے رہی ہیں ،اپنے شہزادوں کے سروں پہ ہاتھ پھیر کر قافلۂ حق کے ہمراہ رخصت کررہی ہیں ، ایک ہم ہیں اس قدر بد قسمت ہیں کہ آزمائش کے بھی لائق نہیں اہل فلسطین اہل افغانستان اہل برما وہ اس قابل تھے کہ خدا انہیں آزماتا کیوں کہ آزمائش بقدر ایمان آتی ہے اور رہے ہم تو ایمان خالی ہیں ، ہمیں تو دشمن نے جمہوریت اور کرکٹ میں پھنسا رکھا ہے جبکہ فلسطین مکمل طور پر تباہ ہوچکا ہے ، کاش کہ مسلمانوں کو بھی کوئی ایسا حکمران مل

جاتا جو ان کی داد رسی کرتا ، ان کے لیے جان نچھاور کرتا ، ہندوؤں کو مودی مل گیا ، عیسائیوں کو ٹرمپ مل گیا ، اور یہودیوں کو بن یامین نیتن یاہو مل گیا لیکن افسوس ہمیں کوئی مخلص حکمران نہیں مل سکا جو بھی آیا اپنی بانسری بجائی اپنا راگ الاپا اور چلتا بنا ، اہل فلسطین کی حالت زار ناقابل دید و بیاں ہے حکمرانوں کی خاموشی اور منافقت عروج پر ہے ، جب مسلمانوں کی تلواریں زنگ آلود ہوجائیں اور گھوڑے شادیوں میں رقص کرتے نظر آئیں تو سمجھ لو کہ تباہی ہماری منتظر ہے ، آج اپنوں کا خوں اتنا منجمد ہوگیا ہے کہ سب ک ھ دیکھ کر کانوں سے سن کر بھی دل میں درد نہیں اٹھتا ، فلسطین کا صفایا ہوچکا ہے لیکن سر پہ جوں تک نہیں رینگتی ، حقیقت یہ ہے جس کا کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ غزہ پٹی کو جو پانچ مرکزی صوبوں پر مشتمل ہے، منظم طریقے سے مٹایا اور تباہ کر دیا ہے ،

رفح صوبہ : اسے مکمل طور پر مٹا دیا گیا ہے، اس کے باشندوں کو نسلی طور پر صاف کر دیا گیا ہے اور اس پر قبضہ کر لیا گیا ہے۔

خان یونس صوبہ : مکمل طور پر تباہ ہو چکا ہے اور رہائش کے لائق نہیں رہا ہے ، وسطی صوبہ: 30٪ تباہی کا شکار ہوا ہے اور مسلسل بمباری کے نتیجے میں تباہی بڑھتی جارہی ہے ،

غزہ صوبہ : اس کے 70٪ علاقے کو تباہ کر دیا گیا ہے اور 70٪ باشندوں کو نسلی طور پر صاف کر دیا گیا ہے، اس کی 40٪ سے زیادہ زمین پر قبضہ کر لیا گیا ہے،

شمالی غزہ : مکمل طور پر تباہ ہو چکا ہے، اس کے باشندوں کا نسلی صفایا کر دیا گیا ہے، اور اس کی زمین پر مکمل طور پر قبضہ کر لیا گیا ہے ، اس مسلسل جارحیت کے نتیجے میں 50,000 سے زیادہ افراد شہید ہو چکے ہیں اور 200,000 سے زیادہ زخمی ہو چکے ہیں، اور نسلی صفایا اور تباہی کا سلسلہ بغیر کسی وقفے کے جاری ہے ، کہاں ہیں حقوقِ انسانی کی رٹ لگانے والے ؟ کہاں ہیں مساوات کا درس دینے والے ؟ ان مسلم حکمرانوں کو کیا ہوگیا ہے ؟ آج اگر محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم زندہ ہوتے تو کب کا ایک لشکر جرار روانہ کر چکے ہوتے ، آج اگر عمر فاروق زندہ ہوتے تو ہرگز یہ ظلم ستم گوارا نہ کرتے ، گریٹر اسرائیل کا خواب دیکھنے والے اب تک خاک و خون میں تڑپ رہے ہوتے ، گھڑی کی سوئیاں ایک بجا رہی ہیں ، شب کی اس تاریکی میں بابری مسجد کی بار بار یادیں زخم کو تازہ کر جاتی ہیں ، کل یوم الجمعہ ٦ دسمبر ہے ، ہماری کوتاہی کے سبب جہاد سے دوری کی

وجہ سے اسی روز دشمنانِ اسلام نے ہماری پیاری مسجد کو شہید کرکے حرام مندر بدنام مندر تعمیر کردیا ، اور ہمارے ضمیروں نے جنازے پڑھ لیے ۔

مبارک ہو اے طالبان ، مبارک ہو اے شہ سوارانِ حماس تم نے جہاد کو زندہ کیا ، دلوں کو مسرت کی بہاروں سے شاداں و فرحاں کردیا ، مضمحل چہروں کو تروتازگی بخش دی ، برسوں پرانی دعاؤں میں مانگی مرادیں بر آئی ، اور یہ بات ثابت ہوگئی کہ جب مادی قوت و طاقت کا روحانی طاقت و قوت سے اجتماع ہوتا ہے تو مادی قوت ہار جاتی ہے، روحانی قوت جیت جاتی ہے ، اے مجاہدینِ اسلام تم نے کس طرح دیکھتے ہی دیکھتے عالم اسلام میں ہمت و حوصلگی ، زیست و زندگی کی ایک نئی لہر پیدا کردی، اے اللہ تیری طاقت بہت بڑی ہے تیری قوت کے سامنے دنیا بھر کی ساری ہی طاقتیں ہیچ ہیں، یہ چند مشت بھر تیرے پراسرار بندے ، خود کو سپر کہنے والوں سے ٹکرا گئے، تیرے نافرمانوں فرعونوں کی سازشیں طاقتیں مکڑی کے جالے ثابت ہوئی، اے اسلام کے بے بال و پر شاہینوں کیا یہ جہاد کے نتیجے میں ملنے والی فتح و کامرانی قدرتِ خداوندی کا عجیب و انوکھا شاہکار نہیں ہے ؟ ایک ایسے وقت میں جب جہاد کا سورج غروب ہوا جارہا تھا ، حماس کی پرجوش تحریک نے رات کے تھکے ہارے مسافروں کو نویدِ سحر سنائی، خوابیدہ و خفتہ حوصلوں کو عزم نو بخشا پرکیف زندگی سے مایوس امارت اسلامیہ سے ناامید افراد کو چراغِ زندگی کے فروزاں ہونے کی اطلاع دی ، سحابِ ظلمت کے چھٹنے، موسمِ خزاں کے رخصت ہونے اور فصلِ بہاراں کی آمد سے باخبر کیا ،سردی سے ٹھٹھرتے لوگوں کو اپنے حوصلوں اور اپنے لہو سے حرارت اور جلا بخشی، ظلم و ستم کے ریگستانوں میں بھٹکتے بادیہ نوردوں کو نخلستانوں کی اہمیت سے آشنا کیا ، بحر بیکراں کی موجوں سے ناواقف بحر ذخار کی لہروں سے نا آشنا افراد کو تموجِ دریا سے واقف کروایا ، نامرادی مایوسی کی شکنوں کو چہروں سے کافور کیا اور آج درافشاں ستارے بن کر ابھرے ہیں نقاب پوش کتائب القسام کا نشاں سر پہ سجائے اسلحہ اٹھائے رب کی طاقت و قوت پر بھروسہ کیے ہوئے، صالحانہ لباس میں ملبوس اسلامی طرزِ حیات کو گلے لگائے ہوئے اعلاء کلمۃ اللہ کا جھنڈا لہرارہے ہیں ۔

غلامی میں نہ کام آتی ہیں شمشیریں نہ تدبیریں

جو ہو ذوق یقیں پیدا تو کٹ جاتی ہیں زنجیریں

الحمدللہ شامی مجاہدین نے بھی اب محاذ کھول دیے ہیں فتوحات کا سلسلہ جاری ہے ، ان شاءاللہ افغانستان کا وہ کردار شام و فلسطین میں بھی دہرائے گا ، یہ جنگ جاری رہے گی یا موقوف ہو جائے گی اس بابت کچھ نہیں کہا جاسکتا ممکن ہے یہ جنگ تیسری جنگ عظیم کا پیشہ خیمہ ہو ، شاید نیتن یاہو ہی دجال کا استقبال کرے ، واللہ اعلم

ہمارا کام یہ ہے کہ جو جان لگا سکتا ہے وہ جان لگا دے ، جو مال لگا سکتا ہے وہ مال لگائے ، جو زبان کھول سکتا ہے وہ زبان کھولے ، جو لکھ سکتا ہے وہ قلم کو حرکت دے ، جو کچھ نہیں کر سکتا تو کم از کم دعا کے لیے ہاتھ اٹھا لیا کرے۔

وَ لَرُبَّ نازِلَةٍ يَضيقُ لَهَا الفَتى ذَرعاً وَعِندَ اللهِ مِنها المَخرَجُ

ضاقَت فَلَمّا اِستَحكَمَت حَلَقاتُها فُرِجَت وَكُنتُ أَظُنُّها لا تُفرَجُ

ترجمہ : اور آنے والی کتنی ہی مشکلات ایسی ہیں جن سے انسان تنگ ہو جاتا ہے، لیکن اللہ کے ہاں سے ان کا حل نکل آتا ہے ، مشکلات بڑھ گئی اور جب ان کی گرہیں مضبوط ہوگئی تو کشادگی کردی گئی حالانکہ میں سمجھتا تھا کہ کشادگی نہیں کی جائے گی۔

مختصر تاریخ فلسطین

فلسطین کی تاریخ کا آغاز تقریباً 3000 سال قبل مسیح سے ہوتا ہے جب یہ علاقے کنعانی لوگوں کے زیر اثر تھے کنعانی لوگ زراعت اور تجارت میں ماہر تھے، اور مختلف شہروں جیسے یروشلم، یریحو اور غزہ کی بنیاد رکھی ، حضرت ابراہیم علیہ السلام بابل سے ہجرت کرکے فلسطین جا بسے ، وہیں آپ کی اولاد پروان چڑھی ، حضرت اسحاق کے فرزند حضرت یعقوب اور ان کے پسر نیک حضرت حضرت یوسف علیہ السلام بقضائے الٰہی بازارِ مصر جا پہنچے جس کا مفصل ذکر قرآن پاک میں ہے ، بالآخر یعقوب علیہ السلام بھی مصر آ بسے جہاں ان کی حکومت 430 سال تک قائم رہی ، یہ نسل بڑھتی گئی ، جو بنی اسرائیل کہلائی ، موجودہ اسرائیلی اسی نسل سے ہیں ، جب بنی اسرائیل کا دور ختم ہوا، تو ایک نیا فرعون آیا جس نے بنی اسرائیل کی بڑھتی ہوئی تعداد اور طاقت کو خطرہ سمجھا ، اس نئے فرعون نے بنی اسرائیل کو غلام بنانے کا فیصلہ کیا تاکہ وہ مصر کی معیشت کے لیے

کام کریں ، فرعون نے بنی اسرائیل کو سخت محنت اور مشقت کا شکار بنایا ، انہیں تعمیرات، کھیتوں، اور دیگر کاموں کے لیے استعمال کیا گیا ، ان پر سختیوں کے علاوہ انہوں نے بچوں کو پیدا ہونے سے پہلے قتل کرنے کا بھی حکم دیا تاکہ ان کی تعداد کم کی جا سکے ، اللہ عزوجل نے اس ظلم کے خاتمے اور لوگوں کی رشد و ہدایت کے لیے جلیل القدر پیغمبر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو پیدا فرمایا ، جن کے ذریعے فرعون اپنے انجام کو پہنچا ، بائبل اور اسلامی روایات میں اس فرعون کا نام "فرعون" ہی ہے، جو کہ ایک لقب کی حیثیت رکھتا ہے ، کچھ تاریخی مکاتب فکر میں اسے "رمسیس" (Ramses) یا " توت انخ آمون" (Tutankhamun) سے منسوب کیا گیا ہے ، جس کی پختہ صراحت نہیں ملتی ہے ، بعض مؤرخین اس دور کو تقریباً 13 سے 12 سو قبل مسیح کے درمیان قرار دیتے ہیں ، اللہ تعالیٰ نے ان واقعات کو قرآن کریم کے مختلف مقامات پر بیان فرمایا ہے ، مختصراً یہ کہ فرعون کو بحر قلزم میں غرق کردیا گیا اور اللہ نے بنی اسرائیل کو نجات عطا فرمائی ، بحر قلزم، جسے انگریزی میں Sea Red کہا جاتا ہے، ایک اہم سمندری راستہ ہے جو مشرقی افریقہ اور عرب کے درمیان واقع ہے ، بحر قلزم جنوب میں عدن کے خلیج سے اور شمال میں سوئیز کینال کے ذریعے بحیرہ روم سے جڑتا ہے ، یہ سٹریٹ آف باب المندب کے ذریعے بحر ہند سے بھی جڑا ہوا ہے ، یہ تقریباً 2,300 کلومیٹر لمبا اور 300 کلومیٹر چوڑا ہے ، بنی اسرائیل بحر قلزم سے ہوتے ہوئے وادیٔ تیہ میں آ گئے ، یہاں کیمپ لگا لیے ، اللہ نے ان ناشکروں پر اپنی نعمتوں کے دہانے کھول دیے ، آسمان سے من و سلویٰ اتارا ، سایہ کے لیے بادلوں کو سائبان بنا دیا ، یہیں تورات عطا ہوئی انکار پر پہاڑ کو معلق کیا گیا۔

فائدہ : میدان تیہ مصر اور شام کے درمیان ستائیس میل کا ایک وسیع و عریض میدان ہے ، اسے "وادی تیہ" اور "صحرائے سینا" بھی کہتے ہیں ،یہ جزیرہ نما سینا کا ایک حصہ ہے، ملحل جزیرہ نمائے سینا تقریبا 67 ہزار مربع کلومیٹر پر پھیلا ہوا ہے ، فی الحال یہ خطہ عربی جمہوریہ مصر کا حصہ ہے ،اس کے شمال میں بحیرہ روم، مغرب میں خلیج سویز اور نہر سویز، مشرق میں فلسطین (غزہ کی پٹی اور اسرائیل ،(خلیج عقبہ، اور جنوب میں بحیرہ احمر(لال سمندر، بحر قلزم) واقع ہے ، اسے براعظم افریقہ اور ایشیا کے درمیان لنک سمجھا جاتا ہے، اس وادی سے اللہ کے برگزیدہ نبی حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام اور ان کی قوم بنی اسرائیل کے بہت سے آثار وابستہ ہیں، اسی میدان میں بنو اسرائیل اپنے نبی حضرت موسیٰ کے ساتھ گستاخانہ اور عدم تعاون کا رویہ اختیار کرنے کی وجہ سے

چالیس سال تک مارے مارے پھرتے رہے ، "تیہ" عربی زبان کا لفظ ہے،جس کے معنی ہیں سرگرداں رہنا، گھومتے رہنا ، تیہ لق و دق بیابان یا ایسے بیابان کو بھی کہتے ہیں جس میں مسافر گم ہو جائے ، اسی خطہ میں واقع پہاڑ کو قرآن کریم میں "طور سینا" بھی کہا گیا ہے اور "طور سینین" بھی ، اسے "جبل موسیٰ اور جبل طور" بھی کہتے ہیں ،"سینین" دراصل جزیرہ نمائے سینا ہی کا دوسرا نام ہے، اب یہ سارا ہی علاقہ جس میں کوہ طور واقع ہے ، جو اب مصر کے قبضہ میں ہے، "صحرائے سینا" کے نام سے مشہور و معروف ہے ، سینین بنیادی طور پر اس خطہ کا نام ہے؛ البتہ اس کے کئی اور معانی بھی آتے ہیں، جن میں "خوب صورت، اچھا، وہ پہاڑ جس پر گھنے یا پھل دار درخت ہوں،شامل ہیں ، طور سینین کو سورۃ المومنون کی آیت نمبر 20 میں طور سیناء کہا گیا ہے اور آج کل بھی سیناء کا نام سیناء ہی ہے ، صحرائے سینا اور کوہ طور یہ دونوں مصر کے ایشیائی حصے میں ہیں، جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ، آپ اگر زمین کا نقشہ دیکھیں تو آپ کو لال سمندر (بحیرۂ احمر) غلیل کی وی(V) کی طرح دو حصوں میں بہتا نظر آئے گا، غلیل کی یہ وی درمیان میں مثلث بناتی ہے اور یہ مثلث سینا کہلاتا ہے، مثلث کی نوک پر مصر کا سیاحتی شہر "شرم الشیخ" آباد ہے؛ جب کہ اوپری حصہ چار ملکوں اور بحیرہ روم سے جا ٹکراتا ہے، وہ چار ملک سعودی عرب ، اردن ، فلسطین،اسرائیل اور مصر ہیں ، حضرت موسیٰ علیہ السلام دومرتبہ اس مثلث یعنی جزیرہ نمائے سینا میں داخل ہوئے ، آپ پہلی بار اس وقت سینا میں آئے جب آپ فرعون کے لے پالک صاحبزادے تھے آپ کی پرورش محل میں ہوئی تھی، آپ فرعون کے وارث بن رہے تھے؛ لیکن پھر ان سے نادانستہ طور پر ایک قبطی قتل ہو گیا اور آپ سزا اور فرعون کے ظلم سے بچنے کے لیے سینا میں پناہ لینے پر مجبور ہو گئے ، سینا اس وقت فرعون کی سلطنت میں شامل نہیں تھا، حضرت موسیٰؑ صحرا میں چلتے چلتے مدائن پہنچ گئے، دوسری بار جب اللہ تعالیٰ نے آپ کے ذریعے بنو اسرائیل کو فرعون اور اس کے لشکر سے نجات عطا کی۔(از : خالد حسین نیموی)

پہلا مرحلہ: ابھی یہ وادی سینا میں ہی تھے جبکہ وہاں فلسطین پر ایک جنگجو قوم عمالقہ قابض ہوچکی تھی ، اس بھاری بھرکم مضبوط تناور قوم سے مقابلہ آسان نہ تھا ، لیکن خدا جب کسی چیز کا امر کرے تو امر کے حمل کی صلاحیت خود ہی پیدا فرما دیتے ہیں ، یہ واقعہ بھی قرآن کریم کے چھٹے پارے میں جزوی طور پر موجود ہے ، چنانچہ بنی اسرائیل پر عمالقہ سے جہاد فرض کردیا گیا تھا لیکن انہوں نے انکار کیا بلکہ روکھے تیکھے جوابات وقت کے پیغمبر کو دیے ، ذلت و مسکنت کے

لیے یہی کیا کم تھا، نتیجہ یہ نکلا کہ ارض مقدسہ چالیس سال تک کے لیے حرام کردی گئی ۔

سوال : یہودیوں کا فلسطین پر اقتدار اور قبضہ کے دعوی کا استحقاق کس بنیاد پر ہے؟ تاریخی بنیاد پر یا مذہبی بنیاد پر ؟ اگر تاریخی بنیاد پر ہے تو یہ درست نہیں ہے، تمام مورخین کا اس پر اتفاق ہے کہ اس شہر کو کنعانیوں اور یبوسیوں نے آباد کیا تھا، چنانچہ رابطہ عالم اسلامی کے رکن عبد اللہ بن صالح بن العبید لکھتے ہیں :

اس زمانے میں یہودیوں کا دعوی ہے کہ القدس ایک عبرانی شہر ہے، یہ دعوی ان تاریخی دستاویزات کو نظر انداز کرنے پر مبنی ہے جو یہ ثابت کرتے ہیں کہ القدس شہر کے طور پر برونزی عہد کی ابتدا میں آباد ہونا شروع ہوا تھا اور اس کی تعمیر کنعانیوں نے کی تھی ، آثار قدیمہ کے انکشافات اور تاریخی ماخذ کے مطابق فلسطین میں عربوں کی تاریخ ۶ ہزار سال پرانی ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ فلسطین میں عربوں کا وجود اسرائیلی حملے سے ۲۶۰۰ سال مقدم ہے ، اس سے یہودیوں کی القدس پر ملکیت کے سارے دعوے دھرے کے دھرے رہ جاتے ہیں ، حالانکہ قدیم تاریخ کے مطابق یہودیوں کی القدس پر حکومت مسلسل ۷۰ سال سے زیادہ نہیں رہی۔ (ہفت روز و العالم الاسلامی، خلاصہ ص: ۱۵ تا ۲۱ ، ۱۹۹۹)

(۱) سوال : اگر قبضے کے دعوے کا استحقاق مذہبی بنیاد پر ہے تو یہ بھی درست نہیں استشراقی مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے عموماً قرآن کریم سے استدلال کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ آیت قَالَ فَإِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ ۛ أَرْبَعِينَ سَنَةً ۛ يَتِيهُونَ فِي الْأَرْضِ ۚ فَلَا تَأْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ ، ترجمہ : اللہ تعالی نے کہا اچھا! تو وہ سرزمین ان پر چالیس سال تک حرام کر دی گئی ہے ، یہ (اس دوران) زمین میں بھٹکے پھریں گے ، تو (اے موسیٰ!) اب تم بھی ان نافرمان لوگوں پر ترس مت کھانا " (المائدہ : ۲۶) سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ زمین چالیس سال تک کے لیے حرام کردی گئی تھی ، جب یہ زمین چالیس سال تک کے لیے حرام کردی گئی تھی تو چالیس سال پورے ہوگئے تو پھر اس زمین کے مالک یہودی ہونے چاہیے ؟

جواب : اس زمین کی ملکیت کے لیے محض چالیس کا گزرنا ہی کافی نہیں تھا ، بلکہ چند شرائط بھی تھیں اگر یہ شرائط پوری کردی جاتی تو اس زمین کے مالک وہی ہوتے لیکن انہوں نے اس کے خلاف ورزی کی ، قرآن کریم ان شرائط کو سورۃ المائدۃ میں بیان کرتا ہے : وَلَقَدْ أَخَذَ اللَّهُ

مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيبًا ۖ وَقَالَ اللَّهُ إِنِّي مَعَكُمْ ۖ لَئِنْ أَقَمْتُمُ الصَّلَاةَ وَآتَيْتُمُ الزَّكَاةَ وَآمَنتُم بِرُسُلِي وَعَزَّرْتُمُوهُمْ وَأَقْرَضْتُمُ اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا لَّأُكَفِّرَنَّ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَلَأُدْخِلَنَّكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۚ فَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ مِنكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاءَ السَّبِيلِ ۔ ترجمہ : اور یقیناً اللہ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا تھا، اور ہم نے ان میں سے بارہ نگراں مقرر کئے تھے اور اللہ نے کہا تھا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں ، اگر تم نے نماز قائم کی، زکوۃ ادا کی ، میرے پیغمبروں پر ایمان لائے، عزت سے ان کا ساتھ دیا اور اللہ کو اچھا قرض دیا ، تو یقین جانو کہ میں تمہاری برائیوں کا کفارہ کر دوں گا، اور تمہیں ان باغات میں داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی ، پھر اس کے بعد بھی تم میں سے جو شخص کفر اختیار کرے گا تو درحقیقت وہ سیدھی راہ سے بھٹک جائے گا .(المائدۃ : ۱۲)

سوال : قرآن کریم یہ آیت ، وَأَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِينَ كَانُوا يُسْتَضْعَفُونَ مَشَارِقَ الْأَرْضِ وَمَغَارِبَهَا الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا ، ترجمہ : اور جن لوگوں کو کمزور سمجھا جاتا تھا، ہم نے اُنہیں اس سرزمین کے مشرق و مغرب کا وارث بنا دیا جس پر ہم نے برکتیں نازل کی تھیں ، (الاعراف : ۱۳۷) میں لفظ اَورثنا کا استعمال ہوا ہے ، اور وراثت میں بندہ مالک بنتا ہے ، لہذا اس زمین کے مالک یہودی ہونے چاہیے ؟

جواب : یہ اصطلاح قرآن کی اس آیت میں بطور انعام کوئی چیز نوازنے کے لیے استعمال ہوئی ہے ، اگر اس سے دائمی ملکیت ثابت ہورہی ہوتی تو پھر یہ آیت : قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ اسْتَعِينُوا بِاللَّهِ وَاصْبِرُوا ، إِنَّ الْأَرْضَ لِلَّهِ يُورِثُهَا مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِينَ ، ترجمہ : موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا: "اللہ سے مدد مانگو، اور صبر سے کام لو ، یقین رکھو کہ زمین اللہ کی ہے ، وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے، اُس کا وارث بنا دیتا ہے اور آخری انجام پرہیزگاروں ہی کے حق میں ہوتا ہے ۔ جس میں فرعون کو وارث بنانے کا ذکر ہے ، اگر وراثت سے دائمی ملکیت مراد ہوتی تو فرعون کو سرزمینِ مصر سے بے دخل کرنے کا کیا مطلب ؟. دوسری بات یہ کہ اگر ارض مقدسہ پر یہود کا حق تسلیم کرلیا جائے تو یہ ایمان اور نیک اعمال کے ساتھ مشروط تھا ، چنانچہ قرآن کریم میں ہے ، وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُورِ مِن بَعْدِ الذِّكْرِ أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصَّالِحُونَ ، ترجمہ : اور ہم نے زبور میں نصیحت کے بعد یہ لکھ دیا تھا کہ زمین کے وارث میرے نیک

بندے ہوں گے ، (الحج (۱۰۵: یہود کی کارستانیاں اظہر من الشمس ہیں ، کس قدر بے ایمانی سے کام لیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کے منکر ٹھہرے ، آپ کو قتل کرنا چاہا ، کیا ان خباثتوں کے ہوتے ہوئے یہود ارض مقدسہ کے مستحق ہوسکتے ہیں ؟ ۔

سوال : قرآن مجید کی آیت : يَا قَوْمِ ادْخُلُوا الْأَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِي كَتَبَ اللَّهُ لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوا عَلَىٰ أَدْبَارِكُمْ فَتَنقَلِبُوا خَاسِرِينَ ، ترجمہ : اے میری قوم! اُس مقدس سرزمین میں داخل ہو جاؤ جو اللہ نے تمہارے واسطے لکھ دی ہے، اور اپنی پشت کے بل پیچھے نہ لوٹو، ورنہ پلٹ کر نامراد جاؤ گے ،(المائدۃ) سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ارض مقدسہ کو یہود کے لیے مقدر فرما دیا ہے ، لہذا اب یہ اس کے مالک ہیں ، ان کو سرزمین فلسطین سے بے دخل کرنے کا کوئی حق نہیں ہے ؟

جواب : اگر آیت کریمہ کا یہی مطلب ہوتا تو آقا علیہ السلام انہیں ان کی سر زمین یاد دلاتے ، حضرت عمر فتح فلسطین کے بعد اگر واقعی یہود اس کے حقیقی وارث ہوتے تو انہیں ان کی سر زمین سپرد کر دیتے ، دوسری بات یہ کہ لفظ "کتب " کے بہت سے معانی ہیں ، ایک بھی معنی دائمی ملکیت کے معنی پر دلالت نہیں کرتا ہے ، رہی یہ بات کہ یہود سے جو وعدہ کیا گیا تھا اس کی تکمیل کیوں کر ہوگی ؟ مفسرین کی وضاحت کے مطابق جوابا عرض ہے کہ جب ایک مرتبہ یہود ارض مقدسہ میں داخل ہوچکے ہیں تو یہ وعدہ بھی پورا ہوچکا ہے ۔

الغرض موسی علیہ السلام کی حیات میں فلسطین آزاد نہ ہوسکا ، آپ کے بعد آپ کے جانشین حضرت یوشع بن نون بنے ، جن کی قیادت میں بنی اسرائیل نے عمالقہ سے جہاد کیا اور پھر اللہ نے انہیں فتح عطا فرمائی ، قوم عمالقہ کے ہزیمت خوردہ افراد افریقہ چلے گئے اور بربر کہلائے ، فلسطین کی آزادی کا پہلا مرحلہ تمام ہوا ۔

دوسرا مرحلہ : اس کے بعد بنی اسرائیل میں غفلت و سستی در آئی ، فلسطین کی بت پرست قوم نے رفتہ رفتہ فلسطین پر اپنے پنجے گاڑے ، اور ظلم کی چکی نے گردش شروع کردی ، جالوت ظلم و تعدی کی آندھی بن کر مسلط ہوا ، اور تابوت سکینہ اٹھا کر لے گیا ، فلسطین کو آزاد کرانا ضروری تھا ، چنانچہ قوم کی درخواست پر وقت کے نبی حضرت شموئیل نے ایک طالوت نامی بادشاہ کی سرکردگی میں جہاد کا حکم دیا ، اولا قوم نے بادشاہ کے خوشحال نہ ہونے کے سبب پس و پیش سے

کام لیا ، جبکہ بادشاہت کے لیے علم سیاست اور قدرتِ جسمانی ہونا کافی ہے ، علم تو وہ تدبر و انتظام کے لیے اور جسامت تو رعب و وقار کے لیے ، بالآخر قوم نے ہامی بھرلی ، کچھ لوگ نہر پر آزمائے گئے ، کھوٹے سکوں نے لاطاقۃ لینا کہہ کر بزدلی کا ثبوت دیا ، بالآخر تین سو تیرہ مجاہدین نے حضرت داؤد علیہ السلام کے ہمراہ جہاد کرکے فلسطین کو آزاد کرا لیا ، حضرت داؤد نے جالوت کا کام تمام کیا تھا، اس خوشی میں طالوت نے اپنی بیٹی کا نکاح حضرت داؤد سے کردیا ، اور یوں بادشاہت آپ کے خاندان میں منتقل ہوگئی ، اس کا ذکر سورۃ البقرۃ میں موجود ہے ، آپ نے چالیس سال حکومت کی اور اپنا جانشین اپنے بیٹے حضرت سلیمان علیہ السلام کو بنایا ، فلسطین کی آزادی کا دوسرا مرحلہ تمام ہوا۔

تیسرا مرحلہ : اس کے بعد یہودیوں میں عقائد میں اختلاف کے ساتھ ساتھ حکومتیں بھی تقسیم ہوگئی ، ایک نے یہودا کے نام سے اور دوسرے نے اسرائیل کے نام سے الگ الگ حکومت بنالی ، اسے عہد انقسام کہا جاتا ہے ، چنانچہ انتشار و خلفشار کے سبب اجتماعی قوت ختم ہوگئی ، اس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے بخت نصر نے بیت المقدس پر دھاوا بول دیا ، جس کے سبب یہود سے اپنے ملک کی آزادی کھوگئی ، یہ واقعہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی وفات کے نو سو ننانوے سال بعد پیش آیا ، بخت نصر شہر بابل کا ایک معروف بادشاہ تھا ، اور بابل قدیم میسوپوٹامیا کا ایک مشہور شہر تھا، جو آج موجودہ دور کے عراق میں واقع ہے ، یہ شہر دریائے فرات کے قریب بسا ہوا تھا اور اس کی بنیاد تقریباً 2300 قبل مسیح کے آس پاس رکھی گئی تھی ، بابل بغداد سے تقریباً 55 میل (85کلومیٹر) کے فاصلے پر واقع ہے ، بابل نے کئی ادوار میں طاقتور بادشاہت کی حیثیت سے خدمات انجام دیں ،لیکن اب سوائے کھنڈرات کے کچھ نہیں بچا ، بخت نصر بابل کے نیو بابلین سلطنت کا عظیم بادشاہ تھا ، اس کی حکمرانی کا دور تقریباً 605 قبل مسیح سے 562 قبل مسیح تک جاری رہا ، الغرض بخت نصر نے یروشلم پر 586 قبل مسیح میں بخت نصر نے حملہ کیا ، اور یروشلم کی دیواریں توڑ دیں ، شہر میں لوٹ مار کی اور شہریوں کو قتل کیا ، یہ واقعہ شہر کی مکمل تباہی کا باعث بنا ، بخت نصر نے یروشلم کے مرکزی مذہبی مقام ، ہیکل سلیمانی، کو بھی تباہ کر دیا، جو یہودی قوم کی روحانی اور ثقافتی زندگی کا مرکز تھا ، اس حملے کے نتیجے میں تقریباً ستر ہزار یہودیوں کو بابل جلا وطن کیا گیا، اس جلاوطنی کو BabylonianExile کہا جاتا ہے ، قرآن کریم کی آیت : أَوْ كَالَّذِي مَرَّ عَلَىٰ قَرْيَةٍ وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَىٰ عُرُوشِهَا ، ترجمہ : یا (تم نے) اس جیسے شخص (کے

واقعے) پر (غور کیا) جس کا ایک بستی پر ایسے وقت گذرہوا جب وہ چھتوں کے بل گری پڑی تھی ۔ اس آیت میں اسی یروشلم کی بستی کی طرف بدرجۂ احتمال غیر، اشارہ ہے ۔

فائدہ: یہ صاحب کون تھے؟ اور یہ بستی کونسی تھی؟ یہ بات قرآنِ کریم نے نہیں بتائی، اور کوئی مستند روایت بھی ایسی نہیں ہے جس کے ذریعے یقینی طور پر ان باتوں کا تعین کیا جاسکے، بعض حضرات نے کہا ہے کہ یہ بستی بیت المقدس تھی، اور یہ اس وقت کا واقعہ ہے جب بخت نصر نے اس پر حملہ کرکے اسے تباہ کرڈالا تھا، اور یہ صاحب حضرت عزیر یا حضرت ارمیا علیہاالسلام تھے، لیکن نہ یہ بات یقین سے کہی جاسکتی ہے، نہ اس کھوج میں پڑنے کی ضرورت ہے ۔(آسان ترجمۂ قرآن، سورۃ البقرۃ)

اس دوران بیت المقدس ستر سال تک ویران رہا، پھر سائرس اعظم Great the Cyrus جو کہ قدیم فارس (ایران) کا بادشاہ تھا، اس نے یہود کو بابل کی قید سے آزاد کرایا، یہ واقعہ تقریباً 539 قبل مسیح کا ہے جب سائرس نے بابل کو فتح کیا، اس وقت یہودی بابل میں اسیر تھے، یہ قید تقریباً 70 سال تک جاری رہی، جو 586 قبل مسیح سے شروع ہوئی اور 538 قبل مسیح میں سائرس کے ذریعہ بابل کی فتح کے بعد یہودیوں کی واپسی کے ساتھ ختم ہوئی، بابل کے بادشاہ بخت نصر نے یہودیہ کو تباہ کر کے یہودیوں کو قیدی بنا لیا تھا، جب انہوں نے بابل کو فتح کیا تو یہودیوں کو واپس یروشلم جانے کی اجازت دی اور انہیں ان کے معبد ہیکل سلیمانی کی تعمیر نو کے لیے مدد فراہم کی، فلسطین کی آزادی کا یہ تیسرا مرحلہ تمام ہوا۔

انبیاء کرام بنی اسرائیل میں آتے رہے اور خدا کا پیغام پہنچاتے رہے، حضرت یحیٰؑ کی پیدائش کے چھ ماہ بعد حضرت عیسی تشریف لائے، آپ کو تیس سال کی عمر میں نبوت سے سرفراز کیا گیا، یہود نے بنی اسرائیل کے آخری نبی کی بات نہ مانی، مزید قتل کی سازش ہوئی، چنانچہ اللہ نے علی اختلاف الاقوال 33 سال کی عمر میں آسمان پر اٹھالیا، اب تک یہود کا شمار اہل حق کے پلڑے میں ہوتا تھا لیکن وقت کے نبی کو جھٹلا کر مردود، ضال و مضل ٹھہرے، ان کی سرکشی و طغیانی مزید بڑھتی گئی، چنانچہ اللہ نے70 عیسوی میں طیطوس کو مسلط کیا، طیطوس رومی ایک معروف رومی بادشاہ تھا جس نے پہلی صدی عیسوی میں بہت اہم عسکری مہمات سر انجام دیں، اس کا فلسطین پر حملہ 70 عیسوی میں ہوا، جو یہودیوں کی پہلی جنگ کا ایک اہم واقعہ تھا، جنگ رومی سلطنت اور یہودیوں کے درمیان تھی، جو تقریباً 66 سے 73 عیسوی تک جاری رہی، 70 عیسوی

میں طیطوس نے یروشلم کا محاصرہ کیا، اور بعد ازاں شہر کو فتح کیا ، اس محاصرے کے دوران، رومی فوجوں نے یروشلم کی دیواریں توڑ دیں اور شہر میں داخل ہو گئے، جس کے نتیجے میں بڑے پیمانے پر قتل عام اور تباہی ہوئی ، روشلم کی فتح کے بعد، رومیوں نے ہیکل سلیمانی کو بھی تباہ کر دیا، جو یہودیوں کے لیے ایک انتہائی مقدس مقام تھا ، اس کے بعد یہودیوں کو اپنی سر زمین سے بڑی تعداد میں نکال کر در بدر کردیا گیا ، بحوالہ تاریخ امت مسلمہ ۱۳ ۵ عیسوی میں ایک اور حکمران اڈریان نے مزید ستم ڈھائے اور انہیں بیت المقدس سے نکال دیا ، یہود منتشر ہو کر مختلف محلوں میں جا بسے ، ان میں سے کچھ جزیرۃ العرب آکر حجاز کے شہر یثرب میں آباد ہو گئے، اس کے بعد انہیں کہیں جائے پناہ نہ ملی یوں ہی بکھرے بکھرے مارے مارے پھرتے رہے ، قرآن کریم کی سورۃ الاسراء میں اس بابت اشارات موجود ہیں ،

وَقَضَيْنَا إِلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ فِي الْكِتَابِ لَتُفْسِدُنَّ فِي الْأَرْضِ مَرَّتَيْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا كَبِيرًا ، فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ أُولَاهُمَا بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ عِبَادًا لَّنَا أُولِي بَأْسٍ شَدِيدٍ فَجَاسُوا خِلَالَ الدِّيَارِ ۚ وَكَانَ وَعْدًا مَّفْعُولًا ، ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَأَمْدَدْنَاكُم بِأَمْوَالٍ وَبَنِينَ وَجَعَلْنَاكُمْ أَكْثَرَ نَفِيرًا ،إِنْ أَحْسَنتُمْ أَحْسَنتُمْ لِأَنفُسِكُمْ ۖ وَإِنْ أَسَأْتُمْ فَلَهَا ۚ فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ الْآخِرَةِ لِيَسُوءُوا وُجُوهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوهُ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَلِيُتَبِّرُوا مَا عَلَوْا تَتْبِيرًا .

ترجمہ : اور ہم نے کتاب میں فیصلہ کرکے بنو اِسرائیل کو اس بات سے آگاہ کر دیا تھا کہ تم زمین میں دو مرتبہ فساد مچاؤ گے اور بڑی سرکشی کا مظاہرہ کروگے ، چنانچہ جب ان دو واقعات میں سے پہلا واقعہ پیش آیا تو ہم نے تمہارے سروں پر اپنے ایسے بندے مسلط کر دیئے جو سخت جنگجو تھے،اور وہ تمہارے شہروں میں گھس کر پھیل گئے اور یہ ایک ایسا وعدہ تھا جسے پورا ہو کر رہنا ہی تھا ، پھر ہم نے تمھیں یہ موقع دیا کی تم پلٹ کر اُن پر غالب آؤ تمہارے مال ودولت اور اولاد میں اضافہ کیا، اور تمہاری نفری پہلے سے زیادہ بڑھادی ، اگر تم اچھے کام کروگے تو اپنے ہی فائدے کے لئے کروگے اور بُرے کام کروگے تو بھی وہ تمہارے لئے ہی بُرا ہوگا ، چنانچہ جب دوسرے واقعے کی میعاد آئی (تو ہم نے دوسرے دُشمنوں کو تم پر مسلط کر دیا) تاکہ وہ تمہارے چہروں کو بگاڑ دالیں ،اور تاکہ وہ مسجد میں اسی طرح داخل ہوں جیسے پہلے لوگ داخل ہوئے تھے، اور جس جس چیز پر اُن کا زور چلے،اُس کو تہس نہس کرکے رکھ دیں ۔(آسان ترجمہٴ

قرآن)

اسی طرح حدیث پاک سے بھی ان واقعات کی طرف اشارہ ملتا ہے ، " حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ بیت المقدس اللہ تعالی کے نزدیک معظم و محترم ، بلند مرتبہ اور عظیم القدر مسجد ہے ؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا : جی ہاں! دنیا کے سب گھروں میں وہ ایک ممتاز عظمت والا گھر ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے سلیمان علیہ السلام کے لیے سونے چاندی، جواہرات و یاقوت اور زمرد سے بنایا تھا اور اس کی صورت یہ ہوئی تھی کہ جب سلیمان علیہ السلام نے اس کی تعمیر شروع کی تو اللہ تعالیٰ نے جنات کو آپ کے تابع کر دیا ، جنات کھانوں سے سونا چاندی لائے اور وہ جواہرات ، یاقوت اور زمرد بھی لائے، اللہ تعالی نے سلیمان علیہ السلام کے لیے جنات کو مسخر کر دیا تھا ، چنانچہ انھوں نے اس جمع کئے ہوئے مواد سے مسجد بنائی ، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ ! پھر بیت المقدس سے یہ چیزیں کیسے چھین لی گئیں؟ آنحضور علیہ السلام نے فرمایا کہ: " جب بنی اسرائیل نے اللہ تعالی کی نافرمانی شروع کی اور انبیاء کو قتل کیا تواللہ تعالی نے ان پر بخت نصر بادشاہ کو مسلط کر دیا ، جو مجوسی تھا اس کے خاندان نے سات سو سال تک حکومت کی تھی ، ارشاد باری ہے : پھر جب ان دو میں سے پہلا موقعہ آئے گا تو ہم اپنے سخت جنگجو بندے بھیجیں گے جو گھروں میں گھس پڑیں گے اور یہ پہلا وعدہ پورا ہو کر رہنے والا ہے اس میں اس طرف اشارہ ہے ، چنانچہ اس نے حملہ کیا اور اس کا لشکر بیت المقدس میں گھس گیا اور مردوں کو تہ تیغ کیا اور عورتوں اور بچوں کو قید کر لیا اور بیت المقدس کے تمام اموال اور سونے چاندی اور جواہرات کو لوٹ کر لے گیا اور سو سال تک بنی اسرائیل سے بیگار لیتا رہا ان کو اپنا غلام بنا کر طرح طرح سے رسوا کرتا رہا اور سزا دیتا رہا ، پھر اللہ تعالیٰ نے ان پر رحم کھایا اور فارس کے بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ کو اشارہ کیا کہ مجوسیوں کے دارالسلطنت بابل پر حملہ کرے اور جو بنی اسرائیل مجوسیوں کے ہاتھ میں قید ہیں ان کو چھڑائے، چنانچہ اس بادشاہ نے حملہ کر کے بابل کو فتح کر لیا اور باقی ماندہ بنی اسرائیل کو مجوسیوں کی قید سے آزاد کیا اور جو زیورات وہ بیت المقدس سے لائے تھے ان کو بھی چھڑا یا ، یوں اللہ تعالیٰ نے سب سامان حسب سابق بیت المقدس کو پھیر دی اور اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل سے فرمایا کہ اگر تم نافرمانی اور گناہ کرو گے تو ہم پھر تم کو قتل و قید کی سزا دیں گے۔

پھر جب بنی اسرائیل بیت المقدس لوٹ آئے تو پھر معاصی اور بد اعمالیوں میں مبتلا ہو گئے ، اس بار اللہ تعالیٰ نے ان پر روم کے بادشاہ قیصر کو مسلط کیا اس نے بنی اسرائیل پر بری اور بحری دونوں راستوں سے حملہ کیا اور ان کو قید کیا قتل کیا اور اموال اور عورتوں کو لوٹا اور بیت المقدس کے تمام ساز و سامان کو لے گیا۔ (ہدایت القرآن ، سورۃ الاسراء)

چوتھا مرحلہ: یہود اس کے بعد سے 1945 تک سر گشتہ و درماندہ رہے ، اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس دوران بیت المقدس پر کس کا قبضہ رہا ؟

جواب : اس دوران عیسائیوں کا تسلط رہا ، پھر یہ تسلط 635 عیسوی میں عہد فاروقی میں جاکر ٹوٹا ، حضرت عمر فاروق کے دور خلافت میں شام میں حمص ، دمشق ، وغیرہ فتح ہوچکے تھے لیکن بیت المقدس کے تقدس کے سبب بغیر خوں خرابے کے قبضے کا سوچا ، سن ١٦ھ میں اس مقدس شہر کا گھیراؤ کیا گیا ، مقامی عیسائیوں نے مقابلہ مناسب نہ سمجھا اور صلح کی شرائط پیش کر دیں ، یہ مقام عیسائیوں، یہودیوں اور مسلمانوں تینوں کے لیے انتہائی مقدس مقام کی حیثیت رکھتا تھا ، اس لیے عیسائیوں کی خواہش تھی کہ امیر المؤمنین خود ہی آئیں ، مشورے کے بعد حضرت عمر بالآخر رجب سنہ ١٢ ہجری میں حضرت عمر نے حضرت علی کو اپنا نائب بنا کر مدینہ طیبہ سے تنہا ایک اونٹ پر سوار ہوکر بیت المقدس روانہ ہوئے ، شام کی سرحدوں میں داخل ہونے تک آپ کی قمیص میلی ہو چکی تھی ، مقام جابیہ محل ملاقات و گفتگو طے ہوا تھا ، وہاں پہنچ کر صلح کے امور طے پاگئے اور درج ذیل معاہدے پر دستخط کیے گئے:

اللہ کے بندے امیر المؤمنین عمر کی طرف سے ایلیاء (بیت المقدس) والوں کے لیے جان و مال کی امان ہے ، ان کے گرجے صلیبیں اور پوری قوم سب مامون ہیں، ان کی عبادت گاہوں کو کوئی رہائش گاہ بنائے گا نہ ان کو منہدم کیا جائے گا، نہ ان کی تعمیرات اور احاطے میں کمی کی جائے گی، نہ ان کی صلیبیں اور اموال چھینے جائیں گے، دین بدلنے پر مجبور نہیں کیا جائے گا کسی کو کچھ نقصان نہیں پہنچایا جائے گا ، بیت المقدس کے باشندوں پر لازم ہوگا کہ وہ دوسرے شہر والوں کی طرح جزیہ ادا کریں، ان پر یہ بھی لازم ہے کہ رومی (سپاہیوں اور عملے) کو شہر سے نکال دیں ۔

معاہدے کے مطابق مقامی باشندوں نے تین دن کے اندر رومی سپاہیوں کو شہر سے نکال دیا اور حضرت عمر رضی اللہ قبلہ اول کی زیارت کے لیے تشریف لے گئے ،آپ نے وہاں پہنچ محراب

داؤد کے پاس دو رکعت تحیۃ المسجد ادا کی ، رومیوں نے صخرۂ مقدسہ کو جو یہودیوں کا قبلہ تھا ، یہودیوں کو طیش دلانے کے لیے نجاست کا ڈھیر بنا رکھا تھا، حضرت عمر فاروق مقدس چٹان کو کھوجنے لگے تو حضرت کعب اخبار نے آپ کو اشارے سے بتایا کہ صخرۂ مقدسہ یہاں ہے ، آپ نے مقدس چٹان کے آگے اس طرح مسجد بنانے کا حکم دیا کہ نمازیوں کا رُخ کعبہ کی طرف اور پشت صخرۂ مقدسہ کی طرف رہے تا کہ یہودیوں سے مشابہت کا کوئی ذرا سا بھی امکان نہ رہے ، چنانچہ آپ کے حکم سے صخرۂ مقدسہ سے کوڑا کرکٹ ہٹایا جانے لگا ، اور اس جگہ کو پاک صاف کیا گیا اور سامنے مسجد تعمیر کی گئی جو آج تک مسجد عمر کے نام سے مشہور ہے ،حضرت عمر کچھ دن شام میں ٹھہرے اور پھر سنہ ۱۷ ہجری کے آغاز میں واپس مدینہ منورہ تشریف لے آئے ، اور یوں بغیر خانہ جنگی اور کشت و خون کے فلسطین فتح ہوگیا ، فلسطین کی آزادی کا چوتھا مرحلہ تمام ہوا۔

پانچواں مرحلہ : ہماری تاریخ رہ چکی ہے، دنیا نے وہ دور بھی دیکھا ہے ،جب مکہ کی پتھریلی سر زمیں سے ایک در یتیم اٹھا ،اور دیکھتے ہی دیکھتے چڑھتے سورج کی طرح افق جہاں پر اپنی ضیاء پاش کرنوں سے ہر ایک کو ضیا، اور روشنی بخشتا گیا، اور اپنے نور سے ذرے کو تاباں کردیا، کفر کی ضلالت موجزن تھی ،سیاہ تاریک اندھیرے روز بروز چھائے جارہے تھے ،پھر وہ انقلاب آیا کہ مصر و روما اور شام قدموں میں آپڑے، سپر پاور طاقتوں کے غرور اور تکبر کے ناپائیدار محل زمیں بوس ہوگئے ،معزز و محترم سمجھے جانے والے، خاک و خوں میں تڑپنے لگے ، تیس پینتیس سال کے عرصے میں نا قابلِ فراموش جد و جہد ،قابلِ فخر و شکر خدمات سے اسلام کی عزت و حرمت اس کی سربلندی کے علم نصب کردیے، سرزمین حجاز سے اٹھنے والے امام المجاھدین صلی اللہ علیہ و سلم اور ان کے اصحاب کے ہمراہ چراغِ زندگی فروزاں کرکے آئندہ نسل کے واسطے مشعلِ راہ بن کر اور اسرار زندگی سے واقف کروا کر اپنی یادیں چھوڑ گئے، اے میری قوم کے جیالو یاد کرو اپنی عظمت رفتہ کو، کیوں ہم نے اپنے اسلاف کو اپنی تاریخ کو بھلادیا ؟یاد کیجئے تاریخ اندلس کو ؟یاد کیجئے ہندوستان کے سات سو سالہ حکومت کو؟ وہ ماضی کے تابندہ روشن ستارے، امت مسلمہ کے قابل فخر ستارے، دین اسلام کے متوالے ،وہ ایک ہاتھ میں تلوار لیے، دوسرے ہاتھ میں قرآن لیے اپنے اسلاف کے نقش قدم پر چلتے ہوئے، اعلاء کلمۃ اللہ کے علم گاڑتے گئے، بالآخر جہاد کی برکات نے کفر و شرک کو سرنگوں ہونے پر مجبور کردیا ،جایئے تاریخ کے اوراق الٹیے، اہل اسلام

کے غلبے اور فتوحات اسلام کا ایک سنہرا باب اور ایک خوشگوار پر امن دور نظر آئے گا ،جسے سن اور پڑھ کر سر فخر سے بلند ہوجاتے ہیں، آؤ ہم اپنی عظمت رفتہ یاد کریں، ان جانبازوں کا ذکر خیر کریں، جنھوں نے دین اسلام کی سر بلندی کے لئے اپنا تن من دھن لٹا دیا ،جنھوں نے اپنے صبر و استقامت شوقِ شہادت جزبہ و حرارت سے اس فصل کو خون جگر سے سینچ کر سر سبزی و شادابی بخشی ،گلشن و گلزار کی یہ باغ و بہار انہی خدا مستوں کی خوش کن نتیجہ خیز حسن کار کردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے، یہود و نصاریٰ کے حوصلے انہی کے رعب و دبدبے سے شکست خوردہ ہیں، رہتی دنیا تک ان غازیان صف شکن کے کارنامے یاد رہیں گے ، مردہ قلوب کو زرخیزی ،ناامیدی کے جزیروں میں بھٹکتوں کو ساحل کا پتہ دیتے رہیں گے ،اخلاف ان اسلاف سے رہنمائی حاصل کرتے رہیں گے، ان تابندہ ستاروں میں، عظمت کے میناروں میں، یہودیت و نصرانیت کے لیے ایک شمشیر آہنی وہ ایک صلاح الدین ایوبی بھی ہے، جس کا انتظار آج بھی فلسطین کررہاہے ،بابری مسجدَ مسجد اقصی اسی شہباز کی راہ تکتے ہیں، ابھی وہ وقت تھا ،جب یہود و نصاری کے سایے بیت المقدس کو اپنی چنگل میں لیے ہوئے تھے، امیر المؤمنین عمر بن خطاب ؓ نے اسے آزاد کروایا تھا ،جس سے کفر کے نجس سایے یکایک چھٹ گئے، اسلام کی فصل گلستاں میں بہار و پھوار آگئی ،بے سہاروں کو سہارا مل گیا ،لیکن وقت گزرنے کے ہمراہ اسلامی حکمرانوں کی بے غیرتی، ایمانی غیرت و حمیت ، اور جزبہ جہاد سرد پڑ گیا ،تو قبلہ اول پر سن1099 ء ، 492 ھ میں کفار و مشرکین کے نجس پنجے پھر بیت المقدس کی طرف بڑھے، یوں بیت المقدس اپنی آزادی کھوگیا، قبلہ اول کا چھن جانا عالم اسلام کی نا امیدی کو بڑھاتا گیا ،روز بہ روز صلیبیت کا سیلاب سیل رواں کی طرح اسلامی ریاستوں کو اپنے پنجۂ استبداد سے ظلمتِ کفر میں داخل کرتا جارہا تھا، مکۃ المکرمہ اور مدینۃ المنورہ کے ارد گرد کے علاقوں پر بھی خطرہ منڈ لارہا تھا ،اب کسی مرد مجاہد کی ضرورت تھی، جس میں خلوص و للّٰہیت ،غیرت و حمیت اور جذبۂ جہاد موجزن ہو ، اللہ نے سلطان عماد الدین زنگی کی صورت میں ایک مرد مومن مرد حق کو بھیجا جس نے بگڑے ہوئے دستور میخانہ کو سنوارنے کی کوشش کی ،صلیبیوں سے جنگ کا آغاز عماد الدین زنگی رحمہ اللہ نے ہی کیا تھا ، پھر کیا تھا فتوحات کا باب کھلا ،اور وہ دور لوٹ آیا ،اب ظلمت کے بادل چھٹتے جارہے تھے، مقبوضات اب رفتہ رفتہ مسلمانوں کے ہاتھوں میں آرہے تھے، اہل اسلام کی امیدیں بندھ رہی تھیں ، لیکن زندگی نے وفا نہ کی ، بالآخر وقت موعود آپہنچا، اور سن 541 ھ میں وہ جان جان آفریں کے سپرد کرکے مقام شہادت پر فائز ہوگئے، ان کے بعد یہ سعادت آپ کے فرزند

سعادت مند کے ہاتھوں آئی ، آپ نے بڑی جانفشانی سے علماء فقہاء تک حالات پہنچائے علماء نے اپنی تقریروں سے لوگوں کے تن و من میں روحِ جہاد پھونک دی ، سن 558 ھ میں بقیعہ کے معرکے میں شکست ہوئی جس نے مزید شیر کو غضباک بنا دیا ، قسم کھالی کہ جب تک صلیبیوں کو شکست نہ دوں گا تب تک چھت تلے نہ آؤں گا، چنانچہ اللہ نے آپ کو بڑی بڑی فتوحات سے نوازا ، فلسطین کے بیشتر علاقے چھڑائے ، لیکن بیت المقدس فتح نہ ہوسکا ، آپ یہی تمنا لیے سن 569 ھ میں سوئے دار القرار چل دیے ، اب ساری ذمداری اس ہستی کے سر آپڑی تھی، جسے دنیا آج صلاح الدین ایوبی کے نام سے جانتی ہے، رب العالمین نے آپ کو ایک فطری ذوق بخشا تھا، جہاد سے آپ کو بے پناہ محبت تھی ،کفر و شرک کی نفرت رگ و پے میں پیوست تھی، آپ کو دیکھ کر لوگ کہا کرتے تھے، کہ اللہ تعالی نے آپ کو پیدا ہی جہاد اور فتح بیت المقدس کے لئے کیا ہے، شب و روز بس جہاد کی دھن ہی سوار تھی ،چونکہ نورالدین زنگی کے باقی ماندہ کام کو آگے بڑھانا تھا ،اس لیے مختلف منصوبہ بندیاں حملوں کی تیاریاں بڑے زور و شور سے جاری تھی، اور یہ تو ہونا تھا ،کیونکہ خزاں کے بعد بہاروں کا سماں ہوتا ہے، شبِ ظلمت کے بعد صبح فروزاں طلوع ہوتی ہے، دانہ خاک مل کر گل و گلزار بنتا ہے، اہل فلسطین بڑے صبر آزما دور سے گزرے تھے، کل کو فتح و کامرانی کی بہاریں دیکھنی باقی تھی، وہ وقت مسرت آپہنچا ، جس کا انتظار تھا ، سلطان نے صلیبیوں کے خلاف محاذ آرائی کی، اب وقت یاوری کررہا تھا ،مسلمانوں کی کھوپڑیوں سے ستون تعمیر کرنے والے خاک و خوں میں تڑپ رہے تھے، اجسام خوں میں لتھڑے پڑے تھے، اہل کفر پر مایوسی چھائی جارہی تھی ،دنیا بھر کے کفار اپنی پسپائی پر نالاں ہوئے جارہے تھے، بیت المقدس کی فتح اہل کفر کے لئے ذلت کا تمغہ تھی، جبکہ اہل ایمان کے قلوب فرحت و مسرت سے لبریز ہوئے جارہے تھے، چہروں پہ شادمانی رقصاں تھی ،سن 583 ھ میں سلطان نے بیت المقدس کو ظالموں سے چھڑالیا، اب دوبارہ اسلام کی عظمت و رفعت کا علم لہرانے لگا 27، رجب سن 583ھ میں بیت المقدس میں داخل ہوئے ، نوے سال کے بعد مسجد اقصی میں جمعہ ہوتا دیکھ کر مسلمانوں کے قلوب سرشار تھے، علماء فقہاء عوام و خواص نعرۂ تکبیر بلند کرتے ہوئے اقصی کی جانب بڑھ رہے تھے، ہر سو خوشیاں ہی خوشیاں، رونقیں ہی رونقیں دکھائی دے رہی تھی، سلطان خدا کے فضل سے اپنا ہدف پاچکے تھے، اس آزادی کی خوشی سلطان کو سارے غم بھلانے پر مجبور کررہی تھی ،لیکن خوشی بھی اسی کو ہوتی ہے، جسے کفر سے گھٹن ہوتی ہو ، اسلام کی سربلندی جس میں انگڑائیاں لیتی ہو ،جذبۂ جہاد موجزن ہو، غلبۂ اسلام کے لیے آنکھیں ترس

رہی ہو ،دل تخت پر خلافت کے لیے بیتاب ہو ،اور اگر ہم جیسے ہو ،جنہیں حاکمیت و محکومیت کا پتہ ہی نہ ہو، جن کے نزدیک کھانا پینا ہی آزادی ہو ،غیروں کی غلامی جن کی طبیعت بن گئی ہو، ان کے لیے خلافت کوئی معنی نہیں رکھتی ، فلسطین کی آزادی کا پانچواں مرحلہ تمام ہوا۔

اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہودیوں کے فلسطین سے دستبردار ہونے کے بعد ان کا کیا بنا ؟ جواب یہ ہے کہ خیبر کے علاوہ یہودیوں کی جنگ عظیم اول تک بھی بھی مسلمانوں سے کشمکش نہیں ہوئی ، بلکہ اس دوران صلیبی بر سرپیکار رہے ، یہ تقریباً بارہ تیرہ سو سال بنتے ہیں جن میں یہود مسلمانوں کی پناہ میں تھے ، ان کے لیے اندلس کی مسلم حکومت اور خلافتِ عثمانیہ سے بہتر جائے پناہ کہیں نہ ملی ، انہیں اعزاز و اکرام حاصل رہا ، اس دوران یہود اور نصاریٰ کے درمیان کافی تناؤ اور کشیدگی رہی ، یہاں تک کہ عیسائیوں نے یہودیوں کی خوب پٹائی کی ، جلانا قتل کرنا وغیرہ ایک عام سی بات تھی ، ان کا آخری راؤنڈ ہٹلر والا ہے جسے ہولوکاسٹ کہا جاتا ہے ، ہولوکاسٹ دوسری عالمی جنگ کے دوران نازی جرمنی کی طرف سے یہودیوں اور دیگر اقلیتی گروہوں کے خلاف کی گئی منظم نسل کشی کا واقعہ ہے ، جس میں تقریباً چھ ملین یہودیوں کو قتل کیا گیا ، اس کے علاوہ روما (خانہ بدوش) پولینڈ کے باشندے، سوویت جنگی قیدی، معذور افراد، ہم جنس پرست، اور دیگر کئی اقلیتی گروہ بھی نازیوں کی نسل پرستی کا نشانہ بنے ، نازی پارٹی کا دور 1933 سے 1945 تک جاری رہا ، نازی پارٹی جسے نیشنل سوشلسٹ جرمن ورکرز پارٹی بھی کہا جاتا ہے اس کے اقتدار میں آنے کے بعد ہولوکاسٹ ہوا ، جس کا عرصہ 1941 سے 1945 تک ہے ،جب ایڈولف ہٹلر نے جرمنی میں یہودیوں کے خلاف قوانین بنائے اور انہیں سماجی، سیاسی اور اقتصادی زندگی سے الگ تھلگ کرنا شروع کیا تو ان قوانین کے تحت یہودیوں کے حقوق ختم کر دیے گئے، ان کی جائیداد ضبط کی گئی، اور انہیں مخصوص علاقوں میں رہنے پر مجبور کیا گیا ، یہودیوں کو منظم طریقے سے قتل کیا گیا ، اس مقصد کے لیے یورپ بھر میں حراستی اور موت کے کیمپ قائم کیے گئے، جیسے آشوٹز، تربلنکا، اور سوبی بور، جہاں لاکھوں افراد کو گیس چیمبرز میں ہلاک کیا گیا یا بھوک ، بیماری کے باعث جان سے ہاتھ دھونا پڑا۔

یہودیوں کو فلسطین کا خیال ستائے جارہا تھا اور وہ ہر آنے والی نسل کے ذہن و خیال میں یہ بات چسپاں کرتے آرہے تھے کہ یہ ہماری زمین ہے ہمیں اسے حاصل کرنا ہے ، اس خیال کو حقیقت کا جامہ پہنانے کے لیے خفیہ طور پر یہودیوں کے سربرآوردہ شخصیات نے منصوبوں کے تانے

بانے بننے شروع کردیے ، بالآخر خفیہ دستاویزات تیار کرلی گئی ، جس میں تسخیر کائنات کے منصوبے درج تھے ، جنھیں بعد میں یہودی پروٹوکولز کا نام دیا گیا ، یہ صرف کسی ایک شخص کے تخیلات کا مجموعہ نہ تھا بلکہ یہ اجتاعی ، غیر جذباتی ، یہودی ، عظیم بین الاقوامی شخصیات کی عظیم شیطانی اذہان کی عرق ریزیوں کا کمال تھا ، چنانچہ ان منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے 1897 میں سویزرلینڈ کے شہر باسل میں تھیوڈرہرزل کے زیر قیادت صہیونی کانفرنس منعقد ہوئی جس میں ان دستاویزات کو زیر بحث لایا گیا ، اس کانفرنس میں دور دراز سے یہودی پراسرار شخصیات نے شرکت کی ، تخریب کاری ، دولت کا ارتکاز ، صہیونی ریاست کا قیام ، جیسے اہم منصوبوں کو ترتیب دیا گیا ، ان دستاویزات کی نقل صرف سربرآوردہ شخصیات ہی کو دی گئی ، لیکن ایک نقل یہودی تنظیم کی رہنما عورت کی گھریلو ملازمہ نے بڑی شاطر دماغی سے چرالی ، اور روسی پادری سرجی نائلس کے حوالے کردی ، پھر اس کا ترجمہ عبرانی زبان سے روسی زبان میں کیا گیا ، جب پادری نے ان دستاویزات میں مرقوم سازشوں کو جانا تو سٹی ہی گل ہوگئی ، انہوں نے اس سازش کا پردہ فاش کرنے کے لیے کتابی شکل دے کر تقسیم کا سوچا ، اس کا دوسرا نسخہ 1905 میں برٹش میوزیم میں پہنچا ، وہاں اس کا انگریزی ترجمہ ہوا ، تعجب کی بات یہ ہے کہ جب بھی یہ کتاب چھپتی ، تو بازار سے غائب کردی جاتی ، دوسری بات تعجب کی یہ ہے کہ بعد میں پیش آنے والے واقعات اسی نہج پر ہوئے ، جنھیں یہودیوں نے قبل از وقت متعین کیا تھا۔

الغرض اسی کانفرنس میں صہیونی تحریک کی بنیاد رکھی گئی ، اس کانفرنس کو منعقد کرنے کا صرف یہی مقصد تھا کہ گریٹر اسرائیل کا خواب پورا ہو اور فلسطین میں ایک آزاد ریاست کو تشکیل دیں ، کیوں کہ ان کے خیال میں دنیا میں حکومت کا حق صرف انہیں ہی ہے ، ہم ہی خدا کے برگزیدہ ہیں ، وغیرہ

تلمود میں ہے : ہر قائم چیز کو گرا دو ، ہر پاک چیز کو ناپاک کرو، ہر سبز چیز کو جلا دو، تاکہ ایک یہودی کو ایک پیسہ فائدہ ہو ، جتنا ہو سکے غیر یہودیوں کو قتل کرو ، یہودیوں کے علاوہ ہر مذہب کے سربراہوں پر دن میں تین بار لعنت بھیجو۔

پروٹوکولز جسے انگریزی میں " The Protocols of the EldersofZion " کہا جاتا ہے ، اس میں ہے : غیر یہودیوں کو اللہ نے اپنے چنے ہوئے لوگوں کے گدھے بنا کر پیدا کیا ہے ، جب بھی ایک گدھا مر جائے، ہم دوسرا گدھا سوار کر لیتے ہیں ، یہودیوں نے پوپ کے تخت کو تباہ کرنے

اور عیسائیت کو ختم کرنے کی منصوبہ بندی کی ، پروٹوکولز میں ہے : ہم عیسائیوں کے دلوں سے خدا کا خیال نکال دیں گے ۔

ان کا خیال یہ ہے کہ یہ منصوبہ گریٹر اسرائیل کی صورت میں پورا ہو گا ، بنیادی طور پر ان کے دو مقصد ہیں آزاد صیہونی ریاست کی تشکیل ، اور اس کے بعد گریٹر اسرائیل کا قیام ، حضرت داؤد نے ایک عظیم الشان ریاست قائم کی ؛ جس کا دارالخلافہ شہر یروشلم تھا؛ جسے شہر داؤد بھی کہا جاتا تھا ، اس سلطنت کو سلطنت داؤد (گریٹر اسرائیل) کے نام سے موسوم کیا گیا ، اس میں عراق ، شام ، اردن ، لبنان ، مصر اور سعودی عرب کے بعض علاقے شامل ہیں یہ تمام علاقے دریائے دجلہ اور دریائے نیل کے درمیان میں واقع ہیں ، نیٹ پر موجود نقشے کے مطابق اس منصوبے میں مدینہ منورہ بھی شامل ہے ، یہودیوں کے مطابق یہ علاقہ ان کا موروثی علاقہ ہے ، اس علاقہ پر ان کا حق ہے غیر یہود اقوام سے ان علاقوں کو چھین کر اس پر سلطنت داؤد کی بنیاد رکھی جائے گی ، اب ان مقاصد کو بروئے کار لانے میں اگر کوئی مانع تھا تو خلافت عثمانیہ تھی ، اولیں وہلے میں انہیں اسے راستے سے ہٹانا ضروری تھا ، چنانچہ اس رکاوٹ کو دور کرنے کے لیے ترکی میں اسلام دشمن تنظیم فری میسنری کو متحرک کیا گیا جس نے ترکی فوج میں اپنے اثرات کو پھیلایا ، انتھک محنت کر کے سات سال تک اپنی سازشوں کو اس حد تک پروان چڑھا دیا کہ سلطان عبد الحمید کا تختہ الٹا جا سکے ۔

شیخ عبداللہ عزام شہید رحمہ اللہ اپنی کتاب " حماس الجذور التاریخیۃ و المیثاق " میں لکھتے ہیں : یہودیوں کا سلطان عبد الحمید سے رابطہ ۱۸۸۲ میں شروع ہوا، جب "محبان صیہون" نامی تنظیم نے عثمانی قونصل سے درخواست کی کہ انہیں فلسطین میں آباد ہونے کی اجازت دی جائے ، سلطان کا جواب تھا : عثمانی حکومت ان تمام یہودیوں کو مطلع کرتی ہے جو ترکی میں ہجرت کے خواہاں ہیں کہ انہیں فلسطین میں آباد ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

یہودیوں نے کئی وفود بھیجے، لیکن انہیں ہمیشہ سلطان کی طرف سے انکار ہی ملا ، امریکی سفیر نے مداخلت کی تو سلطان نے کہا : جب تک عثمانی سلطنت قائم ہے، میں یہودیوں کو فلسطین میں آباد ہونے کی اجازت نہیں دوں گا ، ۱۸۹۶ میں جب ہرتزل نے سلطان سے ملاقات کی اور یروشلم میں ایک کالونی کے قیام کی اجازت مانگی تو سلطان نے کہا : عثمانی سلطنت عثمانیوں کی ملکیت ہے، وہ

اس بات کی اجازت نہیں دے سکتے ، اپنی رقم اپنے جیبوں میں محفوظ رکھیں۔

بال کانفرنس کے بعد صیہونی تحریک میں تیزی آئی، جس کے باعث سلطان نے اپنا مشہور فرمان جاری کیا جو استنبول میں تمام نمائندوں تک پہنچایا گیا ، یہ فرمان ۱۹۰۱ء میں جاری کیا گیا، جس میں یہودی حجاج کو فلسطین میں تین ماہ سے زیادہ قیام کرنے کی اجازت نہیں دی گئی ، ان کے پاسپورٹس فلسطین میں داخل ہوتے وقت ضبط کر لیے جاتے اور ان کی جگہ انہیں عارضی اقامتی پرمٹ جاری کیے جاتے جو شخص مقررہ مدت کے بعد ملک نہیں چھوڑتا اسے زبردستی باہر نکالا جاتا ، سلطان نے یہودیوں کے لیے ایک خاص اقامتی پرمٹ "ریڈ پاسپورٹ" جاری کیا تاکہ انہیں نکالنا آسان ہو ، اسی وجہ سے یہودیوں نے بعد میں بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر سفارتی پاسپورٹس کے لیے سرخ رنگ عائد کر دیا جن کی تفتیش نہیں کی جاتی .

۱۹۰۱ء میں سلطان نے ایک اور فرمان جاری کیا جس میں یہودیوں کو فلسطین میں کوئی زمین خریدنے سے منع کیا گیا ، ہرتزل نے ہار نہیں مانی اور ۱۹۰۲ ء میں ڈاکٹر رُوبن (Rubin) قرصو کے ساتھ ایک وفد تشکیل دیا اور سلطان کے پاس پرکشش پیشکشیں لے کر پہنچا، لیکن سلطان نے ملاقات سے انکار کر دیا ، انہوں نے اپنی پیشکشیں وزیر اعظم تحسین پاشا کو پیش کیں۔

سلطان عبد الحمید کو کی جانے والی پرکشش پیشکش

(۱) سلطان کی ذاتی جیب کے لیے ایک سو پچاس لاکھ انگریزی پاؤنڈ۔

(۲) سلطنت عثمانیہ کے تمام قرضے جو ۳۳ ملین انگریزی پاؤنڈ سونے کے تھے، ان کی ادائیگی۔

(۳) سلطنت کی حفاظت کے لیے ایک بحری بیڑا ، جس کی لاگت ۱۲۰ ملین فرانک سونے کی تھی۔

(۴) ریاست کی مالی حالت کو بہتر بنانے کے لیے بغیر سود کے ۳۵ ملین سونے کے پاؤنڈ کا قرضہ ۔

(۵) یروشلم میں ایک عثمانی یونیورسٹی بنانا۔

سلطان عبد الحمید نے ان پیشکشوں کا جواب دیا جیسا کہ ہرتزل کی یادداشتوں میں آیا ہے : ڈاکٹر ہرتزل کو مشورہ دیں کہ وہ اس معاملے میں سنجیدہ اقدامات نہ اٹھائیں ، میں زمین کا ایک انچ بھی

نہیں چھوڑ سکتا، یہ میری ذاتی ملکیت نہیں ہے بلکہ میری عوام کی ملکیت ہے ، میری عوام نے اس زمین کے لیے جدوجہد کی ہے اور اسے اپنے خون سے سیراب کیا ہے، یہودی اپنی دولت کو محفوظ رکھیں ، اگر بھی میری سلطنت ٹوٹ گئی تو وہ اس وقت فلسطین کو بغیر قیمت کے لے سکتے ہیں، لیکن جب تک میں زندہ ہوں، میرے جسم پر چھری چلانا اس سے زیادہ آسان ہوگا کہ میں فلسطین کو اپنی سلطنت سے کاٹتا دیکھوں، یہ بھی نہیں ہوگا ، میں اپنے جسم کو زخمی کرنے کی اجازت نہیں دے سکتا جبکہ ہم زندہ ہیں۔

دین، زمین، خون اور عزت کی حفاظت ایک بہت مہنگی اور بھاری قیمت والا معاملہ ہے ، اس کی لالچوں اور دھمکیوں کے سامنے وہی نفوس ثابت قدم رہتے ہیں جو اللہ پر بھروسہ کرتے ہیں، اس کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رکھتے ہیں، اس کی پناہ میں آتے ہیں، اور اپنے ایمان کی بلندی سے دنیا کی دولت اور اس کے عارضی فائدوں پر غالب آتے ہیں، جبر اور طاغوت کے سامنے استقامت دکھاتے ہیں۔

اور انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ سلطان عبد الحمید مظلومیت کی حالت میں رخصت ہوگئے، اور مسلمانوں کی زبانیں ان کا گوشت چبانے میں مصروف رہیں ، انہیں آمر ، غرور اور تکبر کے القابات سے نوازا گیا، ان کی حقیقی قدر و منزلت کو پوشیدہ رکھا گیا یہاں تک کہ ہرتزل کی یادداشتیں ۱۹۲۰ کے بعد شائع ہوئیں، تب لوگوں نے ان کے اعلیٰ مقام کو پہچانا اور پچھتائے، لیکن اس وقت پچھتانے کا کوئی فائدہ نہ تھا ، لیکن ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ اگر مسلمانوں نے ان کا حق نہیں پہچانا، اگر انہوں نے ان کی قربانیوں کو نہیں سمجھا، تو رب العزت بھی نہ بھولتا ہے نہ گمراہ ہوتا ہے ، ہم امید کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان بلند و بالا مواقف کو ان کے اعمال نامے میں شمار کرے گا جب ہر بوجھ اپنی جگہ پر رکھا جائے گا۔

یہودیوں نے اس ملاقات کے بعد فیصلہ کیا کہ وہ سلطان کو معزول کریں گے، اور قرہ صوہ آفندی نے انہیں ایک برقی پیغام بھیجا، جس میں کہا کہ آپ کو اس ملاقات کی قیمت اپنی بادشاہت اور جان سے چکانی پڑے گی۔

انہوں نے جمعہ کی نماز کے دوران اس مقام کو بم سے اڑانے کی کوشش کی ،جس پر سلطان بیٹھا کرتے تھے، لیکن اللہ نے انہیں محفوظ رکھا ، پھر انہوں نے افسران اور اعلیٰ حکام سے تعلقات

قائم کرنا شروع کر دیے، خاص طور پر سالونیک میں ماسونک لاجز کے ذریعے (فری میسن)، انہوں نے ماسونک لاجز کو پھیلایا اور آئین کے نفاذ کا مطالبہ کیا (یہود اور نصاریٰ کو مسلمانوں کے برابر کرنے کے لیے) فوج کے کچھ دستے متحرک ہوئے اور ۲۳ جولائی ۱۹۰۸ کو سلطان کو آئین نافذ کرنے پر مجبور کیا، اس کے بعد مجلس مبعوثین (مجلسِ نمائندگان) کا انتخاب ہوا، جس میں یہودی اور نصاریٰ شامل ہوئے جو ماسونک لاجز میں تربیت یافتہ تھے، نو مہینوں کے اندر ۲۷ اپریل ۱۹۰۹ کو نوجوان ترک تنظیم (اس تنظیم کا نام پہلے نوجوان عثمانی تھا، پھر نوجوان ترک رکھا گیا، اس کے بنیادی ارکان ملٹری اور میڈیکل اسکولز کے نوجوان طالب علم تھے) کے ہاتھوں سلطان عبد الحمید کو معزول کر دیا گیا۔

فری میسن ایک تعارف

یہاں فری میسن کا تعارف ضروری ہے، خلافتِ عثمانیہ کا سقوط میں بھی فری میسزی کا کردار رہا، جیسے کہ مذکورہ سطور میں جان چکے ہیں، اس کا مفصل تعارف ہمارے محترم مفتی ابولبابہ شاہ منصور صاحب کی کتاب "یہودی تنظیمیں" میں جان سکتے ہیں، یہ چند اوراق اس تفصیل کے متحمل نہیں، بندہ ان تفصیلات کو اجمالاً پیش کر رہا ہے، یہودیوں کی بہت سی تحریکیں ہیں، جو مختلف طریقوں سے اپنے ہدف کے لیے کوشاں ہیں، لیکن ان میں سے ایک انتہائی خفیہ، حد درجہ موثر، سب سے زیادہ خطرناک ہے اور وہ انٹرنیشنل فری میسزی "International "Feemasonry ہے، اس کا ہدف عموماً صاحب ثروت، اربابِ حکومت، اور صدر مملکت وغیرہ ہوتے ہیں، ہر ملک میں ان کے خفیہ مراکز قائم ہیں، جنہیں لاج کہا جاتا ہے، پھر ان لاجز میں درجہ بندی ہوتی ہے، باہم دو درجات والے ربط و ضبط نہیں رکھ سکتے، باہم کوئی کسی درجے کے مقاصد و منصوبوں کو کسی صورت نہیں جان سکتا ہے، ان کی گفتگو ان کی پہچان مختلف کوڈز اور خفیہ اشاروں میں ہوتی ہے، جیسے کہ شکل مثلث، اس تنظیم کا رکن بننے کے لیے کسی رنگ و مذہب کی قید نہیں ہے، رکن بننے کے بعد انہیں اس طرح استعمال کیا جاتا ہے کہ پتہ بھی نہیں چلتا، ان کا ہیڈکوارٹر تک پردۂ خفا میں رہتا ہے، فری میسن نے بدنام زمانہ تنظیم نائٹ ٹمپلرز سے جنم لیا ہے، یوں سمجھیے کہ نائٹ ٹمپلرز، فری میسن کی شکل میں وجود پزیر ہوئی ہے، نائٹ ٹمپلرز نے فلسطین کے دارالحکومت القدس میں یورپ کے صلیبیوں کے قبضے کے دوران ترقی پزیر ہوئی تھی، سلطان صلاح الدین ایوبی رحمہ اللہ نے جب القدس فتح کیا تو ٹمپلرز اپنے منصوبوں سمیٹ

سمیت یورپ منتقل ہوگئے ، اس تنظیم کا ڈھانچہ اہرام مصر کی شکل رکھتا ہے ، اس میں کچھ اعتبار سے مماثلت ہے ، فری میسن کے خیال میں اہرام مصر کا بنانے والا ماسٹر مین ایک آنکھ والا تھا ، جو ادنی درجے کے مزدوروں پر خاص نظر رکھتا تھا ، فری میسن تنظیم میں بھی ادنی درجے کے کارکنوں کو سامنے رکھ کر کام لیا جاتا ہے اور ان پر خاص توجہ رکھی جاتی ہے ، اہرام کی چوٹی پر ایک آنکھ نصب ہے ، جسے میسونک لارڈ کہا جاتا ہے ، جس کا مطلب ہے کہ اپنے ماتحتوں پر چیل سی نظر رکھی جاتی ہے ، نیز اس میں دیگر تنظیموں کی طرح درجے پائے جاتے ہیں ، ان درجات کو ڈگری کہا جاتا ہے ، اس کے تنظیمی ڈھانچے دو طرح کے ہیں ، ایک کو اسکاٹش رائٹ کہا جاتا ہے ، یہ تین ڈگریوں پر مشتمل ہے ،

(۱) ابتدائی درجہ Apprentice Intered " انٹرڈ اپرنٹس" یہ نئے آنے والوں کے لیے ہوتا ہے۔

(۲) ثانوی درجہ Craft Fellow۔" فیلو کرافٹ " نو وارد شخص کو پرکھنے کے بعد فری میسنری کے تصورات سے مطابقت رکھنے کی صورت میں یہ ڈگری دی جاتی ہے ۔

(۳) آخری درجہ Master mason۔ " ماسٹر میسن " ۔

تیسری ڈگری اولیں دو ڈگریوں کے بعد ہی ملتی ہے ، نیز اولیں دو درجات پر کسی طرح کا کوئی راز کھولا نہیں جاتا ہے ۔

دوسرے ڈھانچے کو امریکی رائٹ کہا جاتا ہے ، اس میں ۳۳ ڈگریاں ہیں ، بہت کم افراد ان بلند درجات پر فائز ہوتے ہیں ، نیز ہر امیدوار سے حلف لیا جاتا ہے ، حلف کے خلاف ورزی پر سزا بھی دی جاتی ہے ۔

فری میسن نے اپنی تنظیم کے افراد کی شناخت خفیہ رکھنے کے لیے کچھ علامات و نشانات وضع کی ہیں یہ دو قسم پر ہیں ،

پہلی قسم : جنہیں فری میسن پھیلانا چاہتی ہے تاکہ جب مناسب وقت میں انہیں سامنے لایا جائے تو کسی کو قبول کرنے میں تردد نہ ہو ، کچھ علامات یہ ہیں ...

(۱) آنکھ میسونک لارڈ Masonic lodge۔ (۲) ڈالر کا نشان $ ۔

(۳) حرف یہ Geometry یا The Universe Grand Arehitect کا مخفف ہے ۔

(۴) ڈبل اسکوائر ، Square and Compass۔

دوسری قسم : وہ خفیہ علامات ہیں جن سے صرف ماسٹرز مین واقف ہوتے ہیں ، وہ علامات یہ ہیں ..

(۱) خصوصی مصافحہ : یہ ادھورا مصافحہ ہوتا ہے جس میں آپ کی ہتھیلی دوسرے شخص کی ہتھیلی سے پوری طرح نہیں ملتی بلکہ محض ایک دوسرے کی انگلیاں چھوئی جاتی ہیں ، اس طرح آپ کا انگوٹھا از خود دوسرے فرد کی انگلیوں کی پشت پر کسی انگلی کے جوڑ سے مس کرتا ہے ، آپ اپنا رتبہ یا درجہ بتانے کے لیے اپنے انگوٹھے سے دوسرے فرد کی متعلقہ انگلی کا جوڑ دباتے ہیں ، اگر آپ پہلی ڈگری یعنی ابتدائی درجہ کے مین یعنی " انٹرڈاپرنٹس" ہیں تو آپ دوسرے شخص کی انگشت شہادت کا جوڑ دبائیں گے ،اگر آپ دوسرے یعنی ثانوی درجے کے مین یعنی فیلو کرافٹ ہیں تو درمیانی انگلی کا جوڑ دبائیں گے اور اگر تیسری ڈگری رکھنے والے رکن یعنی ماسٹر مین ہیں تو آپ تیسری انگلی یعنی رنگ فنگر کا جوڑ دبائیں گے ، سامنے والا " برادر جواب میں اپنی ڈگری کے مطابق آپ کی متعلقہ انگلی کو دبائے گا ،اس کے بعد لاج اور ممبر شپ کے بارے میں دوسری معلومات کا تبادلہ ہوگا ، اگر وہ میسن نہیں ہے تو اسے آپ کے اشارے کی سمجھ نہیں آئے گی اور آپ کی شناخت نہیں ہو سکے گی۔

(۲) مخصوص جملے : بیوہ کا بیٹا Widow of Son فری میسنز کا ایک اشارہ ہے ، اگر آپ کسی ایسی پوزیشن میں ہیں کہ مصافحہ نہیں کر سکتے تو پھر آپ اپنی فری میسنری کا اعلان یہ مخصوص جملہ کہہ کر بھی کر سکتے ہیں ، اسے آپ اپنی گفتگو کے دوران کسی وقت بھی ادا کر سکتے ہیں۔

(۳) مخصوص اشیاء : جن میں فری میسن سے جڑے شخص کی معرفت علامات دیکھ کر کی جاتی ہے ، جن میں انگوٹھی، اسٹڈ، بریسلیٹ اور آرائشی اشیا شامل ہیں ، گھروں اور دفاتر وغیرہ میں نمایاں نظر آنے والی علامات میں کمپاس ، مربع ، تکون ، اہرام اور چھ کونوں والا ستارہ داؤدی بھی شامل ہے ، اسی طرح اگر ملازمت کے لیے درخواست دینی ہے تو اپنی شناخت بتانے کے لیے درخواست کے

کاغذ کو مخصوص انداز میں تہہ کرنا ہوتا ہے یا اس پر انگریزی لفظ A لکھنا ہوتا ہے ۔

(۴) جادوئی علامات : جادو میں استعمال ہونے والی چیزیں بھی فری میسنری کی مخصوص علامات ہیں ، مثلاً : انسانی کھوپڑی اور ہڈیاں ، بکرے کے سینگ یا ہاتھ سے ایسا اشارہ جو سینگوں کی شکل بنائے ، یہ اشارہ در اصل شیطان کے سینگوں کی شبیہ ہے ، اُلو یا دیگر حرام جانوروں کے پر سانپ یا اژدھے کی مختلف شکلیں، شطرنج کا نشان، سانپ کی طرح بل کھاتی سیڑھی، 666 کا ہندسہ وغیرہ ۔

فری میسن سے منسلک چند مشہور شخصیات

فری میسن کی کوشش ہوتی ہے کہ وہ اپنا نمائندہ تلاش کرے ، اور ان سے اپنا کام نکالے ، چند شخصیات یہ ہیں : ترکی کا مصطفی کمال پاشا ، ایران کا آخری بادشاہ شاہ رضا بہلوی ، مصر کا صدر جمال عبد الناصر ، ایران کا وزیراعظم امیر عباس ، افغانستان کا امیر حبیب اللہ خان ، مصر کا صدر انور سادات ، فلسطین کا صدر یاسر عرفات ، ہندوستان کا لال کرشن ایڈوانی ، اور بال ٹھاکرے ، موجودہ فلسطین کا صدر محمود عباس ۔

فری میسن سے متعلق مشہور تحریکیں

قادیانی ، بہائی ، اسماعیلی شیعہ ۔

فری میسن سے متعلق چند مشہور ادارے

(۱) روٹری انٹرنیشنل Rotary International (۲) لائنز Lions (۳) این جی اوز NGOs۔

فری میسن سے منسلک ذیلی تنظیمیں

(۱) الیومیناتی Illuminati (۲) کمیٹی آف 300 the 300 - Committee of 300 (۳) شرائنرز Shriners۔

فری میسن کے سات مخصوص ہتھکنڈے

(1) با اثر حلقوں میں رسوخ حاصل کرنا ، (2) مذہبی طبقات میں رسوخ حاصل کرنا ،

(3) معاشرے کے اہم طبقات کو ایک دوسرے سے دور کرنا، (4) عوام میں افراتفری پھیلانا، (5) مذہبی رہنماؤں میں پھوٹ ڈلوانا، (6) مخالفین کو شہید کرنا، (7) مخالف جماعتوں میں اپنے ایجنٹ داخل کرنا۔

فری میسن کے سات خطرناک حربے

(۱) دینی، سیاسی اور عسکری قیادت کو بے اعتبار یا ختم کر دینا، (۲) احساس محرومی، شورش و انتشار اور غیروں سے امیدیں، (۳) بے مقصد تنازعات، لایعنی مباحث اور فرضی مسائل، (۴) قیادت کے اہل افراد کے خلاف جھوٹا پروپیگنڈہ، (۵) اپنا کام نکالنے کے لیے مخلص افراد کو آپس میں لڑوانا، (۶) مذہبی و اخلاقی پستی پھیلانا اور کھیل تماشوں کو فروغ دینا، (۷) مذہب کے مسلمہ امور کو مشکوک بنانا۔

فری میسن کا مختصر تعارف آپ کے سامنے پیش کر دیا ہے، مزید تفصیل مفتی صاحب کی کتاب میں ملاحظہ فرمائیں، یہ نقشہ بھی دیکھ لیجیے جس میں بیشتر علامات موجود ہیں...

الغرض یہودیوں نے خلافت عثمانیہ سے معاہدے کا سوچا، لیکن سلطان عبد الحمید نے فری میسن کے ان گماشتوں کے ناپاک عزائم کو بخوبی بھانپ لیا تھا، انکار کی صورت میں برطانیہ سے معاہدے کا سوچا چونکہ اس وقت برطانیہ بھی سپر پاور خیال کیا جاتا تھا، برطانیہ کو سائنس و ٹیکنالوجی فراہم کرنے کی، جنگی اخراجات کو پورا کرنے کی بلکہ ہر طرح کے تعاون کی یقین دہانی کرائی، ان دنوں برطانیہ جنگ عظیم اول کی تیاری میں مصروف تھا، 1914 سے1018 تک کا عرصہ جنگ عظیم اول کا ہے، اس میں برطانیہ کے مقابل جرمنی کو شکست ہوئی، خلافت عثمانیہ بھی جرمنی کے

ساتھ تھی ، جرمنی کی شکست گویا خلافت عثمانیہ کی شکست تھی ، جس کے نتیجے میں ترکی کی خود مختاری خطرے میں پڑ گئی اور متحدہ افواج ترکی میں داخل ہوگئی ، مزید ترکی کو مجبور کیا گیا کہ وہ اپنی حدود سے باہر تمام علاقوں سے دستبردار ہوگا ، چنانچہ ترکی اپنی چہار دیواری میں محصور ہو کر رہ گئی ، اب فلسطین پر قبضہ آسان تھا ، جنگ کے اختتام سے کچھ عرصہ قبل 2 نومبر 1917ء کو برطانیہ کے وزیر خارجہ آرتھر جیمز بالفور نے برطانیہ کی جانب سے یہودیوں کے لیے فلسطین میں ایک قومی وطن کے قیام کی حمایت کا اعلان کیا ، اس معاہدے نے مشرق وسطیٰ کی سیاست میں ایک بنیادی تبدیلی پیدا کی اور فلسطینی تنازعے کی بنیاد رکھی ، اس معاہدے کو بالفور ڈکلیریشن کے نام سے جانا جاتا ہے ۔

بالفور اعلامیہ کے ساتھ ساتھ برطانیہ نے مفتوحہ علاقوں کو اپنی تحویل میں لے لیا ، جن میں سے ایک فلسطین بھی تھا ، چونکہ یہ کھیر پہلے ہی تیار کی جا چکی تھی ، اس لیے برطانیہ نے 1920 سے لے کر 1945 تک اسے زیر کنٹرول رکھا ، اور اس دوران اسی کا نمائندہ حکومت کرتا رہا ، فلسطین پر قابض ہوتے ہی اس نے خلافتِ عثمانیہ کا وہ قانون منسوخ کردیا جس میں فلسطین کی زمینیں فروخت کرنے اور خریدنے پر ممانعت تھی ، پھر کیا تھا کہ دنیا کے کونے کونے سے یہودی آنے لگے اور زمین خریدنے لگے ، اس وقت کے علماء مفتیان کرام نے فروختِ اراضی پر حرمت کا فتویٰ دیا ، لیکن کسی نے کان نہ دھرے ، گرچہ زمینیں گراں قیمت میں فروخت ہوئی لیکن ارض فلسطین دشمن کے ہاتھوں چلی گئی ۔

پھر خلافتِ عثمانیہ کو 1924 میں مصطفی کمال اتاترک کے زیر قیادت ترک قومی تحریک کے نتیجے میں ختم کر دیا گیا ، خلافت عثمانیہ (1924–1299) ایک وسیع اور طاقتور سلطنت تھی جس کا دائرہ کار تین براعظموں تک پھیلا ہوا تھا ، جس میں جنوب مشرقی یورپ کے حصے یونان، بلغاریہ، سربیا، بوسنیا، مقدونیہ، البانیا، اور رومانیہ کے کچھ حصے شامل تھے ، اسی طرح مشرقی یورپ میں ہنگری اور یوکرین کے جنوبی علاقے ، ترکی کا یورپی حصہ تھریس ، استنبول بھی شامل تھے ، اسی طرح مشرق وسطیٰ میں موجودہ ترکی ، شام، لبنان، اردن، فلسطین عراق ، حجاز (مکہ، مدینہ) اور یمن جیسے اہم ملک شامل تھے ، اسی طرح شمالی افریقہ میں سے مصر ، لیبیا ، تیونس، الجزائر، اور مراکش کے کچھ حصے شامل تھے ، اسی طرح ایشیا میں سے قفقاز کے کچھ حصے (آرمینیا اور آذربائیجان کے علاقے) اور وجودہ ایران و افغانستان کے کچھ مغربی علاقے خلافت کے زیر اثر تھے

، اسی طرح بحیرہ روم اور بحیرہ احمر میں سے اہم جزائر :قبرص، کریٹ، اور روڈز ، بحیرہ احمر کے ساحلی علاقے خلافت عثمانیہ کے زیر سایہ تھے ، خلافت عثمانیہ 1299 میں قائم ہوئی اور 1924 میں ختم ہوئی، اس لحاظ سے یہ تقریباً 625 سال تک قائم رہی ۔

خلاصہ : سلطان عبد الحمید 31 اگست 1876ء سے 27 اپریل 1909ء تک سلطنت عثمانیہ کے سلطان رہے ، نوجوانانِ ترکی کی تحریک Movement Turks Young ، سلطان کی آمرانہ حکمرانی اور خلافت کے طرزِ عمل کے خلاف ابھری ، نوجوانانِ ترکی نے آئینی حکومت کا مطالبہ کیا اور 1908ء میں انقلاب کے ذریعے سلطان کو آئینی بادشاہت بحال کرنے پر مجبور کیا ، 1909ء میں ایک مذہبی اور سیاسی بغاوت ہوئی، جسے 31 Incident March ، تیرہ مارچ کا واقعہ " کہا جاتا ہے ، یہ بغاوت سلطنت کی آئینی حکومت کے خلاف تھی، لیکن نوجوانانِ ترکی نے اسے دبایا اور اس کا الزام سلطان عبد الحمید پر ڈال دیا ، اس واقعے کے بعد عثمانی پارلیمان نے سلطان عبد الحمید کو معزول کرنے کا فیصلہ کیا 27، اپریل 1909ء کو انہیں باضابطہ طور پر تخت سے ہٹا دیا گیا اور ان کے بھائی سلطان محمد پنجم کو تخت پر بٹھایا گیا ، معزولی کے بعد سلطان عبد الحمید کو قید کر کے سلانیک (آج کا یونان) بھیج دیا گیا، جہاں انہوں نے اپنی زندگی کے آخری سال گزارے ، بعد میں 1912 میں بلقان جنگ کے دوران سلونیکا پر یونانی قبضے کے خدشے کے پیش نظر، سلطان عبد الحمید کو واپس استنبول منتقل کر دیا گیا ، سلطان عبد الحمید دوم کا انتقال 10 فروری 1918ء کو استنبول کے بیلربے محل Palace Beylerbeyi میں ہوا ، جہاں وہ اپنی معزولی کے بعد نظر بند تھے، سلطان عبد الحمید کی معزولی کے بعد سلطنت عثمانیہ تیزی سے زوال پذیر ہوئی، اور 1924ء میں خلافت کا خاتمہ ہو گیا۔

اس کے بعد اقوام متحدہ نے فلسطین کی تقسیم کے لیے 29 نومبر 1947ء کو ایک منصوبہ پیش کیا جسے " اقوام متحدہ کی قرارداد "181 کے نام سے جانا جاتا ہے ، یہ منصوبہ فلسطین کو دو ریاستوں، ایک یہودی ریاست اور ایک عرب ریاست جبکہ یروشلم (بیت المقدس) کو ایک بین الاقوامی شہر کے طور پر تقسیم کرتا تھا ، بالفاظ دیگر یہ دو ریاستی فارمولہ تھا ، چنانچہ اقوام متحدہ نے فلسطین کو تین حصوں میں تقسیم کر دیا ، یہودی ریاست میں فلسطین کے شمالی علاقے " الجلیل " ساحلی علاقے " تل ابیب، حیفہ " اور جنوب میں نیگیو کے صحرائی علاقے شامل تھے ، عرب ریاست میں مغربی کنارے ، غزہ پٹی اور جنوبی فلسطین کے کچھ حصے شامل تھے اور تیسرا حصہ یروشلم اور اس کے ارد

گرد کے علاقے کو اقوام متحدہ کے کنٹرول میں ایک بین الاقوامی شہر قرار دیا گیا، تاکہ یہودیوں، مسلمانوں، اور عیسائیوں کے مقدس مقامات کا تحفظ کیا جا سکے ، کچھ ماہ بعد 14 مئی 1948ء کو یہودیوں نے فلسطین کے تقسیم منصوبے کے تحت اسرائیل کے قیام کا اعلان کر دیا ،اسرائیل کے قیام کے فوراً بعد دوسرے دن عرب ممالک (مصر، اردن، شام، لبنان، اور عراق) نے اسرائیل پر حملہ کر دیا ، اس جنگ کے نتیجے میں اسرائیل نے اپنی حدود کو اقوام متحدہ کے منصوبے سے زیادہ بڑھا لیا ، یروشلم دو حصوں میں تقسیم ہو گیا ، مغربی حصہ اسرائیل کے کنٹرول میں اور مشرقی حصہ اردن کے کنٹرول میں چلا گیا ، اور سات لاکھ فلسطینی عربوں کی کھیپ مہاجر بن کر رہ گئی ، یہ جنگ عرب اسرائیل ، اور نکبہ کے نام سے جانی جاتی ہے ۔

جنگ سویز : کچھ سال گزرنے کے بعد مصر کے صدر جمال عبد الناصر نے سویز نہر کو قومی ملکیت میں لینے کا اعلان کیا، جس پر پہلے برطانیہ اور فرانس کا کنٹرول تھا ، برطانیہ، فرانس، اور اسرائیل نے مل کر 29 اکتوبر 1956 کو مصر پر حملہ کیا ، یہ جنگ جاری رہی ، پھر 6 نومبر 1956 کو اختتام ہوا ، یہ جنگ جنگ سویز Suez Crisis کہلاتی ہے ۔

چھ روزہ : اسرائیل اور ہمسایہ عرب ممالک (مصر ، شام ، اردن) کے درمیان کشیدگی عروج پر تھی ، اسرائیل نے 1967ء میں عرب ممالک پر پہلے حملہ کیا یہ جنگ 5 جون سے 10جون تک جاری رہی ، اس جنگ کو Six–Day War یعنی چھ روزہ جنگ کہا جاتا ہے ۔

یوم کپور جنگ : 6 اکتوبر 1973 کو شروع ہوئی اور 25 اکتوبر 1973 تک جاری رہی ، یہ جنگ اسرائیل اور عرب ممالک، خاص طور پر مصر اور شام کے درمیان ہوئی ، مصر کے صدر انور السادات نے فیصلہ کیا کہ جنگ کے ذریعے گولان کی بلندیوں اور سینائی کے صوبے کو چھوڑنے کا مطالبہ کرنے کی کوشش کی جائے ،ابتدائی دنوں میں مصری اور شامی افواج نے بہتر کارکردگی دکھائی اور کئی مقامات پر اسرائیلی دفاع کو توڑ دیا ، ابتدائی کامیابیوں کے باوجود، اسرائیل نے جلد ہی اپنی افواج کو منظم کیا اور جوابی حملے شروع کیے، خاص طور پر جنوبی محاذ سینائی پر ، امریکہ نے اسرائیل کی حمایت میں ہتھیاروں اور رسد کی مدد فراہم کی، جبکہ سوویت یونین نے عرب ممالک کی حمایت کی ، آخر کار 25 اکتوبر 1973 کو جنگ بندی ہوئی، جو ایک غیر متوازن جنگ کے بعد آئی، جس میں دونوں طرف کی بڑی جانی اور مالی نقصان ہوا ، جنگ کے بعد، اقوام متحدہ نے قرارداد 338 پیش کی، اور اس کے نتیجے میں ایک نئے امن عمل کا آغاز ہوا، جو بعد میں کیمپ

ڈیوڈ معاہدے کی صورت میں سامنے آیا ، اس جنگ کو War Yom Kippur کہا جاتا ہے ۔

لبنان جنگ : جسے "اسرائیلی لبنان جنگ" بھی کہا جاتا ہے، فلسطینی لبریشن آرگنائزیشن ،(PLO) نے لبنان میں اپنی موجودگی بڑھائی، جس کی وجہ سے اسرائیل کی سرحدوں پر خطرات میں اضافہ ہوا ، اس جنگ کا آغاز 6 جون 1982 کو ہوا جس میں اسرائیل نے لبنان پر حملہ کیا اور شمالی لبنان میں داخل ہوگیا ، اس کی وجہ سے لبنان میں مختلف فرقوں اور گروپوں کے درمیان کشیدگی بڑھی ، اس جنگ کا بنیادی مقصد لبنانی شہر بیروت میں موجود فلسطینی مذہبی اور سیاسی جماعتوں کو ختم کرنا تھا۔

پہلی انتفاضہ : اس کے بعد بھی مزاحمت جاری رہی 1987ء میں غزہ پٹی کے علاقے میں ایک اسرائیلی فوجی گاڑی کے ساتھ حادثے میں چار فلسطینیوں کی موت ہوئی، جس کے بعد مظاہروں اور احتجاج کی لہر شروع ہوئی ، یہ مظاہرے جلد ہی پورے مغربی کنارے، غزہ، اور مشرقی یروشلم میں پھیل گئے ، اسکول اور کالج کے طلبہ نے اس تحریک میں نمایاں کردار ادا کیا ، یہ مزاحمت انتفاضۂ اولی کہلائی ، پہلی انتفاضہ کے نتیجے میں فلسطین لبریشن آرگنائزیشن (PLO) اور اسرائیل کے درمیان اوسلو معاہدہ ہوا، فلسطینی اتھارٹی کا قیام عمل میں آیا، لیکن اہم مسائل جیسے : یروشلم، مہاجرین، سرحدیں ، حل نہیں ہو سکے۔

دوسری انتفاضہ : اسرائیلی رہنما ایریل شیرون نے 28 ستمبر 2000ء کو یروشلم میں مسجد اقصیٰ کے احاطے کا دورہ کیا، جسے فلسطینیوں کی جانب سے اشتعال انگیزی سمجھا گیا ، چنانچہ پھر پتھر بازی ، دھماکے ، خود کش حملے ہوئے ، اس میں حماس اور جہاد اسلامی جیسی تنظیمیں سرگرم رہیں یہ مزاحمت پھر انتفاضۂ ثانیہ کہلائی ، اس میں تقریباً 3000 فلسطینی اور 1000 اسرائیلی ہلاک ہوئے ، فلسطینی معیشت تباہ ہوگئی، اور اسرائیل نے مغربی کنارے پر مزید کنٹرول حاصل کیا ، البتہ اتنا فائدہ ہوا کہ غزہ پٹی میں حماس کا اثر و رسوخ بڑھا، پہلی اور دوسری انتفاضہ میں فرق یہ تھا کہ پہلی انتفاضہ زیادہ پرامن اور عوامی تحریک تھی، جبکہ دوسری انتفاضہ زیادہ پرتشدد تھی۔

اس کے علاوہ حماس اور اسرائیل کے درمیان جھڑپیں ہوتی رہیں ، بالآخر طوفان الاقصی جیسا عظیم الشان معرکہ قائد و شہید شیخ یحییٰ سنوار رحمہ اللہ کی سرکردگی میں پیش آیا جس نے اسرائیلی ٹیکنالوجی کی دھجیاں بکھیر دیں ، خدا ہی جانے یہ سلسلہ کب تک جاری رہتا ہے ، ممکن ہے یہ

جنگ تیسری جنگ عظیم کا پیش خیمہ ہو ، فی الحال ملک شام کی فتح نے ساری قیاس آرائیوں کی تغلیط کردی ہے ، ظلم و ستم کے ایک طویل دور کا خاتمہ ہوگیا ، ان شاءاللہ یہ جہاد کی مقدس لہریں مزید آگے اپنا سفر جاری رکھے گی ، فلسطین آزاد ہو گا ، یہود کے تانے بانے بکھر کر رہ جائیں گے، یہ کچھ تفصیل تھی مظلوم فلسطین کی جس کے دامن کو تار تار کرنے کی کوششیں اب تک جاری ہیں، اور اہل فلسطین مسلسل ان مظالم کو سہتے آ رہے ہیں ، اہل فلسطین کے صبر و استقامت کو سلام ہو اگر کوئی اور قوم ہوتی تو اب تک پسپائی اختیار کر گئی ہوتی ، ان شاءاللہ اسرائیل جیسی جونک کا خاتمہ ہو گا ، صفحۂ ہستی پر اس کا وجود تک مٹ جائے گا ، خوردبین و دوربین سے دیکھنے والے بھی بھی اسے دیکھ نہ سکیں گے ، ان شاءاللہ ...

نور خدا ہے کفر کی حرکت پہ خندہ زن

پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا

کچھ کتاب کے بارے میں

یہ کتاب جس کا نام أشرف البعلوجی ہے ، ہمارے قائد و شہید کے وہ تابندہ و درخشندہ نقوش ہیں جسے آپ نے شہسوار حماس ، قافلۂ صدق و صفا ، کے عظیم مجاہد أشرف حسن یوسف البعلوجی کے لیے سینۂ قرطاس پہ ثبت کیے تھے ، جس میں مزاحمت کی تفصیل ، اہل فلسطین کا درد و کرب ، تحریک حماس کی جد و جہد ، غزہ کی مرکزیت کو ادبی اسلوب میں بحسن و خوبی بیان کیا ہے ، یہ کتاب عربی زبان میں ستر صفحات میں چار فصلوں پر مشتمل ہے ، انٹرنیٹ کے توسط سے صرف ایک ہی نسخہ ہاتھ آیا جو تقریبا 1992 کا ہے ، بندے نے فوراً ترجمہ کا کام شروع کردیا ، اور اصل کتاب سے قبل فلسطین کی مختصر تاریخ پر روشنی ڈالی ہے ، تاکہ قاری کے لیے قضیہ فلسطین کو سمجھنا نہایت آسان ہو ، ہمارا مقصد لوجہ اللہ بندگانِ خدا کو ظلم و تعدی کے خلاف برانگیختہ کرنا ہے ، اپنی شریعت و دین محمد کی حفاظت ، اور کفریہ نظام کو ختم کرکے نظام خلافت کو قائم کرنا ہے ، اس کتاب کا ترجمہ کچھ مقامات پر محاوری کیا گیا ہے ، البتہ بیشتر مقامات پر لفظی ترجمہ کیا گیا ہے ، لیکن اس بات کی پوری کوشش کی گئی ہے، کہ مطلب فہمی کا دامن ہاتھ سے نہ چھوٹے ، قارئین کرام جانتے ہیں کہ ترجمہ کرنا کس قدر مشکل ترین کام ہے ، پھر کتاب ادبی رنگ میں رنگی ہو تو ترجمہ اور بھی دشوار گزار ہوتا ہے ، مزید یہ کہ لکھاری ایک ادیب عربی داں ، انقلابی شخص اور

تاریخ کے نشیب و فراز سے پوری طرح واقف ہے ، مزید عربی زبان کی معنوی گہرائی ، خوبی و محاسن ، الفاظ و بیاں کی کشش و جاذبیت کا ایک اپنا ہی جہاں ہے ، ظاہر بات ہے ان تمام خوبیوں سمیت ترجمہ نگاری حد درجہ مشکل ہوتی ہے ، حتی الامکان بندے نے کوشش کی ہے ، پھر بھی اغلاط کا رہ جانا امر یقینی ہے ، لا ریب و بے عیب ، اغلاط و خطا سے پاک رہنا کتاب اللہ کی صفت ہے ، اگر کسی اعتبار سے کمی نظر آئے تو بندہ اہل ذوق اہل علم حضرات سے معذرت خواہ ہے ، اللہ تعالیٰ بذل مجہود کو قبول فرمائے جہاد و شہادت میں ہمیں بھی حظ وافر عطا فرمائے ، محبوبیت مقبولیت اور عافیت سے نوازے ، آمین

طالب العلم و الشهادة : حامد قاسم

11/12/2024-۸/۶/۱۴۴۶

بسم الله الرحمن الرحيم

من المؤمنين رجال صدقوا ما عاهدوا الله عليه فمنهم من قضى نحبه ومنهم من ينتظر وما بدلوا تبديلا ." وقال رسول الله . يوم القيامة صلى الله عليه وسلم " أهل الشام في رباط الى وخير رباطكم عسقلان " وقال على لسان ربه مخاطبا الشامي يا شام أنت خيرتي من بلادي أسوق اليك صفوتي من عبادي . " فرسان الحماس"-

مقدمہ

شہسوارانِ حماس

الحمد لله رب العالمين الذي أنعم علينا بأن جعلنا مسلمين فشرفنا بالانتساب اليه سبحانه وتعالى والصلاة والسلام على سيد خلق الله رفع اللواء لتحرير الانسان ولسيادة الحق على الأرض وسلمنا الراية من بعده لنلبي نداء الله الذي لبى من قبل " إنفروا خفافا وثقالا وجاهدوا بأموالكم وأنفسكم في سبيل الله ذلكم خير لكم إن كنتم تعلمون " التوبة . وبعد

یہ کہنا کوئی مبالغہ نہ ہوگا ، یہ میرے لیے فخر اور اعزاز کی بات ہے کہ میں اس سلسلے کو داستانِ شجاعت کے شاندار و خوشگوار صفحات پر قلمبند کر رہا ہوں ، جو اُس لا زوال معرکۂ حق کے بارے میں ہے جو تاریخ کے آغاز سے حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر جب تک کہ اللہ اس زمین اور اس پر موجود ہر چیز کا وارث نہ ہو جائے ، جاری رہے گا۔

جی ہاں ، یہ میرے لیے فخر کی بات ہے کہ میں اس دفتر و قرطاس پہ لکھنے کے قابل ہوں جہاں میں تاریخ کو درج کر رہا ہوں ، اور اس قوم و عوام اور ان مقدسات کی تاریخ کے نازک اور مشکل مرحلے کی دستاویز تیار کر رہا ہوں ، تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے یہ عظیم شرف بخشا کہ میں اس عظیم داستان کے حوادثات کو قریب سے دیکھ رہا ہوں ، یہ میرے لیے ایک عظیم شرف ہے۔

یہ ایک عظیم شرف ہے کہ مجھے ان بہادر شہسواروں سے ملنے کا موقع ملا جنہیں انبیاء کی تعلیمات

نے تراشا، جنھیں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے لیے پسند فرمایا ، ان کے قریب ہو کر میں نے ان کے ساتھ لحہ بہ لحہ زندگی گزاری، ان کے ساتھ درد و غم اور امیدوں کا حصہ بنا ، میں نے ان کے ساتھ حق کے بلند و بالا اور لہراتے پرچم اور آزادی کے سورج سے روشن مستقبل کی مسکراہٹ کے ساتھ زندگی گزاری ، ہاں یہ شرف ہے ، یہ کیسا شرف ہے کہ انسان ان شہسواروں کے ساتھ زندگی گزارے جنھوں نے موت کا سامنا کیا، اسے للکارا اور اس کا پیچھا کیا، اور اسے انتظار نہ کرنے دیا کہ وہ انہیں ان کے بستروں میں آ پکڑے ، ہاں یہ شرف ہے ، یہ کیسا شرف ہے کہ میں ان کی بہادری کی کہانیاں خود ان کی زبانی سنوں تاکہ میں انہیں پہلے اپنے زخم خوردہ وطن فلسطین کے پیاروں تک اور پھر پورے اسلامی دنیا تک پہنچا سکوں ، تاکہ دیگر احباب ان اسلامی فدائیوں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے شیروں کا نمونہ اور مثال بن کر زندگی گزاریں ، یہ وہ گروہ ہے جس نے موت کا مقابلہ کیا اور اللہ تعالیٰ نے چاہا کہ وہ زندہ شہید بن کر سامنے آئیں ، وہ لوگوں کے درمیان رہتے ہیں، کھاتے پیتے ہیں، سوتے اور جاگتے ہیں، لیکن در حقیقت شہداء ہیں ، ہاں انہوں نے موت کو دل سے طلب کیا اور اس کی طرف صدق دل سے بڑھ گئے، اور خود کو اس کی آغوش میں ڈال دیا جہاں تمہیں جانا ہی پڑتا ہے ، اللہ تعالیٰ نے ان کے ذریعے وہ سبق دیا جو پہلے صحابہ کرام نے سیکھا تھا : احرص علی الموت توھب لک الحیاۃ ، یعنی موت کی خواہش کرو، تمہیں زندگی عطا ہوگی " ان کے رب نے (ان شاءاللہ) ان کا نام شہداء میں لکھا اور انہیں بقید حیات رکھا تاکہ وہ اللہ کے دشمنوں اور اپنے دشمنوں کو غیظ و غضب دلائیں جب بھی کوئی یاد کرنے والا انہیں یاد کرے یا کوئی حدی خواں ان کی نغمہ سرائی کرے ، یا کوئی راہی ان کے ناموں کو گنگنائے ، کیا یہ شرف کی بات نہیں کہ کوئی انسان ایسے شہسواروں کے جھرمٹ سے ملے اور ان کے ساتھ زندگی گزارے، ان کے ہاتھوں اور سروں کو بوسہ دے جنھوں نے اس قدر ترقی و عروج حاصل کیا کہ چھوٹے دل اور کم ہمت و کم حوصلہ افراد کے بس کی بات نہیں۔

عَلَى قَدرِ أَهلِ العَزمِ تَأتي العَزائِمُ   وَتَأتي عَلى قَدرِ الكِرامِ المَكارِمُ

وَتَعظُمُ في عَينِ الصَغيرِ صِغارُها   وَتَصغُرُ في عَينِ العَظيمِ العَظائِمُ

ترجمہ : صاحب ارادہ کی قدر کے موافق ان کے ارادے ہوتے ہیں ، اور اہل سخاوت کی قدر کے

موافق ان کے عمدہ کام ہوتے ہیں ، اور چھوٹے اور کم قدر شخص کی آنکھ میں چھوٹے قصد یا چھوٹے مکارم بڑے معلوم ہوتے ہیں ، اور بلند ارادہ شخص کی نظر میں بڑے کام بھی چھوٹے معلوم ہوتے ہیں ۔

یہ لوگ اس مقام تک پہنچ گئے ہیں، لیکن ان کے قائد اب بھی اپنے دین، وطن اور امت کے حق میں خود کو کوتاہ خیال کرتے ہیں، مگر میں اس بات پر پختہ یقین رکھتا ہوں، جس میں کوئی شک نہیں کہ یہ میرے لیے عزت اور فخر کی بات ہے، اور اللہ کا شکر ہے کہ کسی نے بھی مجھ سے اس میں مقابلہ نہیں کیا ، بھلا میرے جیسا کون ہے جس نے ایسی جماعت کی صحبت حاصل کی ہو، اس کے بارے میں لکھا ہو اور اس کا ریکارڈ محفوظ کیا ہو؟ اور اگرچہ اس عظیم فخر اور بے پناہ خوشی کے عالم میں میرے جذبات پرواز کر رہے ہیں اور میرا جوش و جذبہ عروج پر ہے، لیکن پھر بھی یہ کسی حال میں اور کسی صورت میں مجھے ان لوگوں کا ذکر کرنے سے نہیں روک سکتا جن کا احسان میرے اوپر ہے، اور یہ کوئی نئی بات نہیں ، کیونکہ یہ حق ہے، جس میں کوئی مبالغہ نہیں کہ جب بھی کسی بہادر کا ذکر ہو تو اس کے استاد کا بھی ذکر ہونا چاہیے، اور جب بھی کسی ہیرو کا ذکر ہو تو اس کے کارنامے بنانے والے کا بھی ذکر ہونا چاہیے اور یہ بھی حق ہے، جس میں کوئی شک نہیں، کہ ہم احترام کے ساتھ کھڑے ہیں ان بہادروں کے استاد، ان کے مربی، ان کے رہنما، ان کے رمز اور ان کے سینوں میں بہادری کو بیدار کرنے والے، ان کے اعمال میں شجاعت پیدا کرنے والے، ان کی روحوں میں جوش و ولولہ بھرنے والے، ان کی گہرائیوں میں عظمت کی خواہش جگانے والے کے ساتھ ، جو انہیں موت کا پیچھا کرنے اور اس سے نبرد آزما ہونے کی ترغیب دینے والے ہیں ، وہ عظیم رہنما شیخ احمد یاسین ہیں، جی ہاں، وہ بلاشبہ اور بغیر کسی مقابلے کے ایک زندہ جاوید علامت ہیں جنہوں نے ان نوجوانوں کی روحوں میں زندگی کی لہر دوڑا دی، جس کے نتیجے میں انہوں نے بے پناہ قربانیاں دیں، موت کا سامنا کیا، کارنامے انجام دیے، اور عظمت کو نور یا آگ کے حروف سے ، یا درد و امید کے حروف سے ، یا احمد یاسین کے حروف سے رقم کیا یہی وہ روح ہے جسے اللہ نے ہم پر اتارا ، جو حماس کی صورت میں آئی جو نفوس کو منتقل کرتی ہے تاکہ انہیں اس منصوبے کے شکار سے نکالے جس کا مقصد کرائے کے گروہوں کی تیاری ہے، جن کے ذریعے یہودی ، علاقے پر قبضہ کرکے اور انہیں مکمل جنگِ آزادی کے پیشوا میں تبدیل کرکے پوری دنیا پر حکومت کرنا چاہتے ہیں ۔

میں ایک بار پھر اس بات کا شرف حاصل کر رہا ہوں کہ میں حماس کے شہسواروں کی اس رزمیہ داستان کو لکھوں، تاکہ اس میں نمایاں حروف کے ساتھ عصر حاضر کے ہیرو شیخ احمد یاسین اور حماس کے بہادر جانباز شہسوار عامر ابو سرحان، اشرف البعلوجی، محمد ابو جلالہ، یاسر داؤد اور دیگر وہ حضرات جو اس پاکیزہ و شریف راہِ فروسیت پر گامزن رہے ، میں ان کے واقعات کو درج کر سکوں ، مجھے امید ہے کہ یہ شہسوار مجھے معاف کر دیں گے اگر میں نے غیر ارادی غلطی سے ان میں سے کسی کی حق تلفی کی ہو، یا ان کی قدر و منزلت کو کم بیان کیا ہو یا ان کے جذبات کو صحیح طریقے سے نہ سمجھ سکا ہو ، جس دن وہ ایک بہادر سورما بن کر آگے بڑھے ، شاید میں نے ان کے بارے میں لکھتے وقت حد تجاوزی کر دی ہو ، جبکہ وہ یہ پسند کرتے ہوں کہ ایک گمنام سپاہی اور نقاب پوش شہسوار کی حیثیت سے موت کو گلے لگا لیں جنہیں کوئی نہ جانتا ہو ، شاید انہوں نے وصیت بھی کی ہو ، لیکن اللہ عزوجل نے چاہا کہ ان کے چہرے سے نقاب اٹھا دے اور سب کے سامنے ان کا ذکر ہو، تاکہ آنکھیں خیرہ ہوں اور دل اصحابِ عظمت کے سامنے جھک جائیں، اور وہ شہسوارانِ حماس کو فخر و عزت کی نظر سے دیکھیں ، چاہیے کہ توحید کے نعرے پورے وطنِ اسلامی میں گونج اٹھیں، اور ان کے دل خوشی سے دھڑکیں اور ان کی آنکھوں سے آنسو شوق سے بہیں، اور وہ یک زبان ہو کر یہ نعرے لگائیں ...

فتيان أحمد أوقدوا نار الفدى بحجارة وبخنجر وزجاج نار

شأمير أطرق صاغرا في ذلة و تعاظمت بحماسنا نور و نار

لو كان ينظر جيشه في رعبه فلم متاعه وارتحل أن إنفجار

لن يبق أخضر يابس يا ابن البلاد ستعود خيبر بل قريظة والفخار

ترجمہ : احمد کے نوجوانوں نے قربانی کی آگ جلائی ،پتھروں، خنجر اور شیشے کی آگ سے ،

شہنشاہ نے ذلت سے سر جھکا لیا اور ہمارے جوش و خروش سے روشنی اور آگ بڑھ گئی ،

اگر اس کی فوج خوف سے دیکھ رہی ہوتی تو وہ کیوں اپنا سامان چھوڑ کر بھاگ گیا جب دھماکہ ہوا

یا ابناء وطن !کوئی ہریالی یا خشکی نہیں رہے گی ،خیبر اور قریظہ اپنی عظمت کے ساتھ لوٹیں گے ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عزوجل نے چاہا کہ ان کے چہرے سے نقاب اٹھا دے اور سب کے سامنے ان کا ذکر ہو، تاکہ آنکھیں خیرہ ہوں اور دل اصحابِ عظمت کے سامنے جھک جائیں، اور وہ شہسوارانِ حماس کو فخر و عزت کی نظر سے دیکھیں ، " فرسان الحماس" کا ۱۹ سالہ یہ بہادر، اشرف حسن البلوجی ، غزہ کا رہنے والا ہے۔

غزہ کی تاریخی حیثیت مدخل و مرکزیت

نقاب اٹھتا ہے تو کیا دیکھتے ہیں کہ اس بار ہمارا شہسوار غزہ کا ایک نوجوان ہے... کیا آپ نے بھی غزہ کا دورہ کیا ہے؟ کیا آپ نے بھی غزہ کے بارے میں کچھ جانا ہے؟ خواہ وہ اس کی بزرگ خواتین کی کہانیوں کے ذریعے ہو ، کیا آپ کو یہ حقیقت معلوم ہے کہ شہر غزہ روئے زمین پر عظیم ترین براعظم ایشیا کا سرحدی دروازہ ہے ؟ اور یہ وہ ناف نال ہے جو اسلامی دنیا کے ایشیائی اور افریقی حصوں کو جوڑتا ہے، اور کوئی بھی مسافر جو زمینی یا سمندری راستہ اپناتا ہے، وہ لازمی طور پر غزہ سے گزرتا ہے یا کم از کم اس کے قریب سے گزرتا ہے اور اگر حالات نے اسے مجبور کیا تو وہ غزہ میں قیام بھی کر سکتا ہے ، میرے ذہن و خیال سے یہ بات نہیں خارج نہیں ہوتی کہ تاریخ کے دوران جتنی بھی افواج نے ایک براعظم سے دوسرے براعظم کا سفر کیا، وہ لازمی طور پر غزہ شہر سے گزری ہیں، جو ایشیا کی دلہن ہے اور فلسطین کا سرحدی دروازہ ہے ، اور ایشیا کا سرحدی دروازہ ہونے کے علاوہ یہ اسلامی دنیا کا مرکز بھی ہے اور اس نے اس مقام کو اپنی حیثیت کی وجہ سے

حاصل کیا ہے ، اسلام کا عظیم پھیلاؤ افریقہ میں اسی کے ذریعے ہوا ہے جسے غزة الساحل العروس الغناء سے تعبیر کیا گیا ہے ، اور یہ تو مرکزی فلسطین کا بھی مرکز ہے ، شاید کہ حساسیت (کی وجہ) اس کا عالم اسلام کے لیے دلہن ہونا ہے ،یہی وہ بات ہے جس نے دشمنوں کو اس بات پر اکسایا کہ وہ بدنیتی اور منصوبہ بندی کے ساتھ اس مرکزی مقام پر زہر آلود خنجر ماریں تاکہ اسلامی دنیا کے دونوں حصوں کو اس مکارانہ وار کے ذریعے بآسانی جدا کیا جا سکے ، جسے انہوں نے اسرائیل کا نام دیا ہے ، اس دروازے کے ذریعے اسی مقام سے ایک عظیم ریلوے لائن گزرتی تھی جو اس وقت کی اسلامی خلافت کی دارالحکومت استنبول کو اسلامی دنیا کے مغربی کنارے مراکش سے جوڑتی تھی ،یہ دو ریلوے لائنوں میں سے ایک تھی جو اسلامی خلافت میں رابطے کے نظام کی شہ رگ سمجھی جاتی تھیں، دوسری لائن استنبول سے مکہ مکرمہ تک جاتی ت ھی، جو اپنے طویل سفر کے ذریعے امت واحدہ کا تصور پیش کرتی تھی ، یہ ریلوے لائن غزہ کے دروازے اور مقام سے گزرتی تھی، اور شمال کی طرف استنبول کی جانب جاتی تھی اور کچھ دیر بعد مغرب کی طرف مڑ جاتی تھی، شمالی افریقہ کے ساحل کے ساتھ ساتھ ہوتی ہوئی مراکش پہنچتی تھی۔

کیا آپ نے کبھی غزہ کا دورہ کیا ہے؟ اگر آپ کو کبھی موقع ملا ہو کہ آپ رات کے وقت اس کے کنارے پر چہل قدمی کریں، تو آپ کی ناک لیموں کی خوشبو سونگھے گی ،یا یاسمین کی مہک آپ کو گھیر لے گی، یا بحیرہ روم سے آنے والی عظمتِ رفتہ کی یادوں سے بھرپور ، ٹھاٹھیں مارتے سمندر کی نمکینی سے پاکیزہ خوشگوار ہوا کے جھونکے آپ کی طبیعت کو خوش کردیں گے ، یہی وہ غزہ ہے جس کے بارے لوگوں کا کہنا ہے کہ غزہ کی نسبت ہاشم بن عبد مناف سے ملتی ہے، جو حضرت اسماعیل علیہ السلام اور ابو الانبیاء حضرت ابراہیم علیہ السلام کی نسل سے ہیں اور ہمارے

معزز و ہاشمی رسول رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے جد امجد ہیں جن کی نسبت ہاشم بن عبد مناف کی طرف ہے ، جو عربی نسب کا فخر ہیں ، کہا جاتا ہے کہ اس کا اصل نام "عزہ" تھا، جس کا مطلب ہے قوت اور طاقت، اور نام غزہ ہی زباں زد ہوگیا ، لیکن غساسنہ کے لیے جو یہاں آباد تھے ، 'ع' کا تلفظ مشکل تھا، (اس لیے انہوں نے عزہ کی عین کو غین سے ب‌دل دیا)، یہ بھی کہا جاتا ہے کہ غزہ کا ایک حصار تھا جو دیر سنید سے دیر بلح، اور وادی الشریعہ سے بحیرہ روم تک پھیلا ہوا تھا، اور یہ حصار تین ہزار پانچ سو سال قبل مسیح سے موجود تھا۔

یہ ہمارا قدیم غزہ ہے، در اصل یہ دو محلے تھے ، پہلا شجاعیہ میں واقع ہے، اور دوسرا محلہ الدرج ہے ،دونوں محلے مل کر تاریخی باحشمت غزہ بنتے ہیں ، اگر آپ خاص طور پر مشرقی شجاعیہ کی مشہور قمۃ المنطار سے نظر ڈالیں، تو آپ کو ایک ب‌لند و بالا مینار نظر آئے گا جو کانٹے دار تاروں، خون، آنسو اور راکھ اور کئی مساجد کے بلند و بالا میناروں کے درمیان ہے ، جو قدیم غزہ کے زندہ افراد کے لیے ایک عبرت ہے ، یہ مینار مسجد العمری کا ہے، جو محلہ الدرج کے قلب میں واقع ہے، یہ مسجد قدامت، اصلیت اور شاندار تاریخ کی شاہد ہے۔

شاطئ غزة

کہا جاتا ہے کہ یہ مسجد حضرت عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ سے منسوب ہے، اور اس کے بارے میں اہم روایات گردش کرتی ہیں کہ یہ پہلے مجوسیوں کی عبادت گاہ تھی، پھر نصاریٰ کا چرچ بنی، اور بعد میں حضرت فاروق رضی اللہ عنہ نے اسے مسجد میں تبدیل کر دیا، جہاں اللہ رب العالمین کا ذکر ہوتا ہے، خواہ روایات جو بھی ہوں اور ان کی صحت کچھ بھی ہو، ہم تاریخ کے لکھاری نہیں ہیں، بلکہ احساسات اور جذبات کو بیان کرتے ہیں ، یہ مسجد العمری کا مینار قدامت کا شاہد اور اصلیت کا نشان ہے، جو آپ کو آواز دیتا ہے کہ یہ غزہ ہے ، اگر آپ یہاں

اپنا دورہ شروع کرنا چاہتے ہیں، تو ضروری ہے کہ مسجد العمری سے آغاز کریں، کیونکہ یہ سب سے نمایاں مقام ہے ، اگر آپ کو قسمت یہاں لے آئے اور آپ نے غزہ اور اس کی مسجد العمری کی زیارت کی، تو آپ اپنے قدموں کو قابو میں نہیں رکھ سکیں گے، یہ آپ کو عمر المختار سٹریٹ کے ذریعے مشرق کی طرف لے جائیں گے ، آپ شہر کے میدان تک پہنچیں گے، جو ش جاعیہ اور الدرج کے درمیان واقع ہے ، یہاں سڑک آپ کو لے کر بہت زیادہ ڈھلوان میں ڈھلے گی اور آپ خود کو میدان کے پارک کے سامنے پائیں گے، جہاں زمین سبز مخمل سے ڈھکی ہوئی ہے، اور درمیان میں کھجور کے درخت ایستادہ ہیں، جو شان و شوکت کے شاہد اور وقار کی نشانی ہیں ، آپ وہاں بلند و بالا آسمان میں معلق پتوں کی لکیروں میں کھجور کے درخت کی چوٹی کے پاس یہ بات پڑھ س کتے ہیں کہ اس علاقے کے درخت ظلم کو مسترد کرتے ہیں اور ذلت کو قبول نہیں کرتے ،یہ اسباق اس نے اپنے خاندان سے سیکھے ہیں جنہیں وہ شام و سحر دیکھتا ہے اور سلام پیش کرتا ہے ، اس میدان سے آپ چار سمتوں میں حرکت کر سکتے ہیں : مشرق کی جانب شجاعیہ کے ذریعے بئر السبع اور صحرائے نقب کی طرف، جہاں حضرت یعقوب اور ان کے بیٹے رہتے تھے اور جہاں حضرت یوسف سے محبت و خلوص کے خلاف سازش ہوئی تھی، جو ان کے ہی اہل پر پلٹ آئی ، اور مغرب کی طرف ، جدید غزہ کے ذریعے اور الدرج کے محاذات میں آپ شارع وحدت یا شارع عمر المختار سے ہوتے ہوئے ساحلِ بحیرۂ روم تک پہنچیں گے جو صبر و تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے عظمت رفتہ کے شوق و سوزش کی طرف دیکھ رہا ہے ، جو کبھی جدت کے ساتھ لوٹے گی ، (ان شاءاللہ) جنوب کی طرف، آپ کو فلسطین کے جنوبی شہروں میں آخری شہر خان یونس لے جائے گا، جو آپ کو 1956 اور 1967 کے نفرت انگیز قتل عام کے بارے میں یاد دلائے گا ، جو سخت و بے خوف مزاحمت کی ایک جھلک ہے ، اور

بئرالسبع

رفح جہاں مصری سرحد ہے، تاکہ آپ جلد ہی صحرائے سینا جا سکیں، جو ان لوگوں کے لیے سزا اور گمراہی کا ذریعہ بن گیا تھا جنہوں نے اپنے نبی کے ساتھ چالبازی کی اور ان کی تذلیل کی جس وقت ان کے رب نے حکم دیا کہ وہ اس مقدس سرزمین میں داخل ہوں جو ان کے لیے اللہ عزوجل نے لکھ دی تھی ، تو انہوں نے کہا : " اِذھب أنت وربک فقاتلا اِنا ہاھنا لقاعدون " ضروری ہے کہ آپ کو آپ کے قدم ساحلِ فلسطین کی گہرائی میں لے چلیں جہاں عسقلان الرباط ، اسدود التاریخ ، یافا الصمود ، حیفا الکرمل واقع ہیں پھر احمد الجزار کا عکا الشموخ ، اور اس کی بلند و بالا دیوار جو اب بھی سمندری شور و گرج کو چیلنج کرتی ہے ، جب آپ اس میدان سے شمال کی طرف شارع صلاح الدین سے ہوتے ہوئے جائیں اور تھوڑا رکیں، تو آپ تاریخ و عزیمت کو یاد کریں گے ، ہر دیوار جو آپ کے محاذی ہے آپ کو پکارے گی ،ہر پتھر، ریت کا ہر ذرہ آپ کو آواز دے گا کہ آپ ٹھہر جائیں آپ شارع صلاح الدین میں ہیں، جہاں ہر قدم پر شہید کا خون بہہ کر پانی کے تالاب میں جمع ہوگیا ہے اور ہر دیوار پر شہداء کے جسم کے بکھرے ٹکڑے یا دشمنوں کے لاشے چپکے ہیں ، ہر دیوار کے پیچھے سے ایک بم پھینکا گیا ہے ، ہر چھت سے گولیاں برسائی گئی ہیں ، قابض فوج کی گشت کو موت کا مزہ چکھایا گیا ہے ، شارع صلاح الدین پر، جو آپ کے بالکل قریب ہے، چند کلومیٹر پر چاقوؤں کی جنگ کی چنگاری بھڑک اٹھی اور اس عجیب قوم کی جدوجہد کی تاریخ میں ایک نیا باب کھل گیا ، اس سے پہلے کہ آپ ریلوے لائن کے جنکشن تک پہنچیں، جو ہر وقت آپ کے ساتھ ساتھ سکون کے ساتھ بغیر آپ کو احساس دلائے چلتی رہی ہے ، جہاں لیول کراسنگ ہے، آپ کو وہ جگہ ملے گی جسے مقامی لوگ "السنافور" کہتے ہیں ، یہ ایک مرکزی بجلی کا کھمبا ہے، جو بلند و بالا اور فخر سے کھڑا ہے ، اس کے قریب آپ کو شیخ بشیر کی قبر ملے گی، جہاں بزرگ خواتین ولی سے برکت

مسجد عثمان بن عفان

حاصل کرنے کے لیے سکے پھینکتی ہیں اور دیے جلاتی ہیں ، اس سے پہلے کہ آپ پہنچیں آپ کے کانوں میں اذان کی آواز آئے گی، جو نماز کا وقت ہونے کا اعلان کرتی ہے ، آپ کو تینوں طرف سے تیس سے زیادہ مساجد سے اذان کی آوازیں سنائی دیں گی ، ہر قدم پر ایک مسجد موجود ہے اور آپ کو راستے کے مشرق یا مغرب میں موجود ان مساجد میں سے کسی ایک میں داخل ہونے میں کوئی دشواری نہیں ہوگی ، شجاعیہ کی مساجد مشرق کی سمت سے آپ کو پکارتی ہیں : الدار قطنی ، سیدنا علی، السیدہ رقیہ، ابن عفان، القزمری، الهواشی، ابن مروان، الاصلاح، التوفیق، المنظار، اور الدرج کی مساجد مغرب کی سمت سے آپ کو اپنی طرف متوجہ کرتی ہیں: السدرة، الایبکی، ابن سلطان، الصحابة، المغربي، علی ابن ابی طالب، القسام، المحطة، السيد هاشم، الهجانی وغیرہ ، لیکن آپ بغیر یادوں میں کھوئے یا مجبوری میں رکے کتنے قدم چل سکیں گے ؟ یہ رکاوٹ اس لیے نہیں کہ یہاں بہت زیادہ بھیڑ ہے، بلکہ اس لیے کہ دشمن کی ایک گشت آپ کو روک کر آپ کے شناختی کارڈ کی جانچ کرنے کے لیے کہتی ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کا نام مطلوبہ لوگوں کی اس فہرست میں نہیں ہے جو تفتیشی افسر کے ہاتھوں میں ہے اور یہ بھی کہ آپ کے کپڑوں کے نیچے کوئی چاقو، نقاب، آتش گیر بوتل یا پتھر نہیں چھپا ہوا ہے ، اگر آپ کا نام فہرست میں نہیں ہے اور آپ کے کپڑے مذکورہ چیزوں سے خالی ہیں تو شاید آپ بچ جائیں ، لیکن اگر آپ کے ہاتھ فلسطین کی مٹی سے غبار آلود ہیں، تو یہ ایک جرم ہے جس پر غزہ میں فوجی قانون کے تحت سزا دی جاتی ہے اور آپ کو احتیاطاً کم از کم 18 دن بغیر کسی تفتیش یا الزام کے قید کیا جا سکتا ہے ، لہذا اگر آپ غزہ کے مہمان ہیں تو محتاط رہیں کہ اس کی مٹی، پتھروں یا دیواروں کو نہ چھوئیں وغیرہ ..یہ سب کچھ قابض افواج کے تحت ممنوع ہے ، ورنہ پس چونکہ آپ نے عوامی سلامتی کے خلاف ورزی کی ہے اس لیے آپ پر وہ سزا واجب ہوگی جو جنگل کے قانون کے تحت قابض فوج کے یونیفارم اور ٹوپی میں ملبوس اہلکاروں کے ذریعے عائد کی جاتی ہے ۔

یہ ہے غزہ... غزہ، بحیرہ روم کا ساحل جو عسقلان شہر کا سب سے قریب ترین نقاط (closest points) ہے ، جسے دشمن نے 1948 میں قبضے میں لے کر "اشکلون" کا نام دیا ، ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عسقلان کے بارے میں فرمایا : "تمہارا بہترین رباط (چوکی) عسقلان ہے" (امام طبرانی نے صحیح سند کے ساتھ روایت کیاہے) آج عسقلان شہر میں ایک بھی مسلمان نہیں، سوائے کچھ سو قیدیوں کے جو عسقلان کی مرکزی جیل میں ہیں ، یقیناً مغربی ساحل ہی عسقلان کا

ساحل ہے، اور فرق صرف بیس کلومیٹر کا ہے جسے گاڑی چند منٹوں میں طے کر سکتی ہے ، یہ عسقلان بہترین چوکی ہے اور اس کے پڑوس میں غزہ، جو دین کے قلعوں میں سے ایک بلند و بالا قلعہ، دین کا حامی اور عقیدے کا محافظ ہے ، اگر آپ یقین کرنا چاہتے ہیں تو اس کے مساجد یا اسلامی علامات کی گنتی کریں، یا اس کی گلیوں میں دیکھیں تو آپ کو محسوس ہو گا کہ چہروں میں سلام و کلام میں، سلوک و معاملے میں ، داڑھی و حجاب میں شرم و حیا میں (کیسی اسلامی روح موجود ہے) اگر آپ حقیقت کے قریب جانا چاہتے ہیں تو وہاں کے باشندوں کے ساتھ معاملہ کریں ، وہاں آپ کو ایثار و قربانی سے بھری روح اور اور صدامی نفس ملیں گے جو ذلت اور بے بسی کو رد کرتے ہیں ، خاص طور پر آج کے غزہ کی گلیاں کچھ اور ہیں، جس طرح کہ وہاں کے باشندوں کے نفوس بھی کچھ اور ہیں ، اگر آپ کسی دوسرے سیارے سے جو ہماری زمین کے علاوہ ہے غزہ کی زیارت کرنے آتے ہیں اور آپ نے پہلے سے غزہ کے جنگی واقعات یا افسانے میں سے کچھ نہ سنا ہو تو یقیناً آپ کو حیرت یا خوف یا تعجب کا احساس ہو گا ، ان دیواروں اور دروازوں کو کیا ہوا ہے جو ہر جگہ مختلف رنگوں کے پینٹ سے لیپے ہوئے ہیں؟ ان چہروں کو کیا ہوا کہ ان پر کمال کی چوکسی ہے اور آنکھیں باز یا عقاب کی آنکھوں کی مانند شکار تلاش کر رہی ہیں لیکن اسے نہیں پا رہی ہیں؟ یہ ہے غزہ ۔

1987 کے آغاز میں کہا گیا کہ یہ اسرائیل کے سر میں ایک سیاہ سوراخ ہے، کہا گیا کہ یہ وہ زخمی جگہ ہے کہ جب بھی مندمل ہونے لگتی ہے تو از سر نو خون بہنے لگتا ہے، کہا گیا کہ یہ بارود کا ڈھیر ہے، کہا گیا کہ یہ ایک ٹائم بم ہے اور اس کے کسی شیر دل نوجوان نے مسجد کی دیوار پر پینٹ کے ڈبے کے ذریعے لکھا : أيها اليهود تعالوا إلى الموت في غزة، اے یہودیو ،! غزہ میں موت کے لیے آؤ" اور اگلے دن دشمن کے بڑے صحافی تجزیہ کار اپنے تجزیوں کے عنوانات میں اس نعرے کو لکھ رہے تھے ، تو ایسا کیا ہوا کہ یہ سب کچھ ہوگیا ؟ اچانک دشمن کے قائدین اور ذمہ داروں کی چیخ و پکار بلند ہوئی ، انہوں نے انکشاف کیا کہ ان کی انٹیلی جنس رپورٹس سطحی ہیں اور نہ صرف یہ بلکہ غیر صحیح بھی ہیں ، رپورٹس میں یہ یقین دہانی کرائی گئی تھی کہ غزہ ختم ہو چکا ہے، مٹ چکا ہے اور (اب اپنی سابقہ حالت پر) نہیں لوٹے گا ، وہاں افیون اور حشیش موجود ہے، کوکین اور ہیروئن نے اسے تباہ کر دیا ہے اور اخلاقی بدعنوانی نے اس کی ہڈیوں (بنیادوں) کو پارہ پارہ کر دیا ہے ، وہاں جاسوسوں کے نیٹ ورک بس چکے ہیں ، جس کا انہوں نے تصور کیا تھا

اسی کے مطابق اپنی رپورٹس کو لکھا ، جس سے سب نے سکون کا سانس لیا ، اسی غزہ نے طویل عرصے تک ان کے سروں سے نیند کو اڑائے رکھا ، اور انہوں نے نیند کے داخلے کو اپنے پر حرام کر رکھا ، جب انہوں نے سکون کی سانس لی اس سے قبل کہ وہ اسے مکمل کر پاتے ان پر یہ بات ظاہر ہوگئی کہ وہ غلط فہمی میں مبتلا تھے ، غزہ ہر طرف سے آگ سے بھڑک اٹھا ، تمام میناروں نے ایک آواز میں، بغیر کسی جھجک اور ہچکچاہٹ کے اعلان کیا : بسم اللہ اللہ اکبر بسم اللہ ، خیبر کا وقت آ گیا ہے " اور لوگوں نے دل کی گہرائیوں سے اس پکار کو دہرایا، کیونکہ وہ طویل عرصے سے میناروں سے اس اعلان کا انتظار کر رہے تھے اور ایک بار پھر مسجدوں کے میناروں نے نعرہ بلند کیا " خیبر خیبر یا یھود، جیش محمد سوف یعود " لوگوں کی روحوں نے طوعاً و کرہاً اس نعرے کو دہرایا کیونکہ ارواح و نفوس جیش محمد کی واپسی کا انتظار کر رہے تھے ، غزہ آگ سے بھڑک اٹھا ، اور آگ ہر گلی، ہر محلے، ہر گھر میں ایک جوش و جذبہ بن کر پھیل گئی ، آگ مزید بھڑک اٹھی، جوش نے جوش کو جنم دیا، خون بہنے لگا اور خون نے خون کو پکارا ، خون ندیاں بن کر بہنے لگا اور ایک معجزانہ افسانہ جنگ کا آغاز ہوا ، بچے محلے کی مسجد کے نعرے پر جاگ گئے، " الدم الدم " ہر ایک نے اپنی ماں سے پوچھا : کیا ہوا؟ تمام ماؤں نے جواب دیا، "جیش محمد سوف یعود " بچوں نے پوچھا : اس کا کیا مطلب ہے؟ ماؤں نے بلند آواز میں چیخ کر کہا "پتھر یا چاقو اٹھاؤ، دیر نہ کرو " بچہ چیخا دیکھا اور غرّایا ، " خيبر خيبر خيبر خيبر جيش محمد لن يتأخر ، ها قد أبشرها قد ابشر ، و بمئذنتي أشمخ أكثر أصدع أكثر ، خيبر خيبر خيبر خيبر جيش محمد لن يتأخر ، سجن يفتح لن تتأخر بيت يهدم شبل يزأر عظم يكسر شعب يثأر ، جرح يدمى مرحى مرحى ، لن تتأخر لن تتقهقر لن نتراجع لن نتأخر ، و الشيخ المعجزة ينادي والشعب المعطاء تفجر ، خيبر خيبر لن تتأخر ، و الطفل تنامى في عز و الحجر تعالى و يتلوه الخنجر ، خيبر خيبر خيبر جيش محمد لن يتأخر ، و الطفل تنامى في عن هذا أشرف ذا يتبختر ، خنجر خنجر خيبر خيبر جيش محمد لن يتأخر لن نتأخر لن نتأخر ، یہی غزہ ہے، جوش و خروش کی ایک چنگاری، ایک بلند و بالا عظیم آتش فشاں کا دہانہ۔

پہلی فصل : پیدائش اور ابتدائی حالات

(یہاں ایک سطر کا ترجمہ عربی عبارت میں سقم کے باعث ترک کر دیا ہے) یہیں خاص طور پر

آپ کے ٹھہرنے کے کچھ ہی فاصلے پر سنافور کراسنگ کے مقام اور ریلوے لائن کے سنگم کے پاس اور پہلو کی ذیلی سڑک میں تباہ شدہ گھر کے کھنڈرات پر بآسانی مطلع ہوں گے ، یہی وہ گھر ہے جہاں ہمارے ہیرو نے اپنی زندگی کے سال والدین کے درمیان گزارے، جو اسے محبت سے گھیرے رکھتے تھے، اور اس کے بہن بھائی، ان میں سے ایک بڑا بھائی ادہم جو 21 سال کا تھا، دوسرا چھوٹا بھائی محمد جو 17 سال کا تھا، اور دو بڑی بہنیں تھیں جو بعد میں شادی شدہ ہو گئیں ، اسی گھر میں ہمارے جانباز نے پرورش پائی ، اس نے اس کی محبت کا دودھ پیا اور اس کی وابستگی کو سمجھا ، وہ اپنی اس زمین سے محبت کرتا تھا جہاں اس نے بچپن گزارا تھا ، کیونکہ وہ ہمیشہ اسے بڑی محبت سے تھام لیتی تھی ، وہ اپنے اولیں قدم اٹھاتے ہوئے گھر کے دروازے کے قریب محلے کے بچوں اور بچپن کے ساتھیوں کے درمیان برابر چل رہاتھا، ھا اس نے اپنے المیہ کے گہرائی کی سمجھ حاصل کی ، غزہ معزز ہونے کے سبب ہر فلسطینی کے لیے عزیز ہے کیونکہ یہ ان کی جائے پیدائش ہے ، لیکن اس نے اپنی دادی کی کہانیوں سے یہ بات بہتر طور پر جھی ، وہ طویل عرصے تک بیر السبع کے خوشحال ایام کی کہانیاں سنتا رہا ، اشرف جب بچہ تھا اکثر اپنی دادی سے پوچھتا تھا کہ "السبع" کیا ہے؟ اور جب وہ بڑا ہوا اور سمجھنے کے قابل ہوا، تو اسے یہ سمجھ آیا کہ "السبع" دراصل شہر بئر السبع ہے جسے آج یہودی "بیر شیفع" کہتے ہیں ، دادی اور دادا نے اپنے بچے حسن اور دو بہنوں کے ساتھ خوشحال ایام گزارے تھے ، بیر سبع میں ماضی کے عیش و آرام کی بے شمار کہانیاں تھیں، جب تک کہ حالات نہ بدل گئے اور دادا کو اپنے بچوں کو لے کر قتل و غارت گری سے بچنے کے لیے اپنا سب کچھ پیچھے چھوڑ چھاڑ کر اڑان نہ بھرنی پڑی ، انہیں ہر چیز ، زمین، مکان، ساز و سامان وغیرہ چھوڑنا پڑا، حتی کہ دادا کی ایک ٹانگ بھی چھوڑنی پڑی جسے جانی دشمنوں کے گرائے گئے بموں یا توپوں سے پھینکے گئے گولوں کے ایک ٹکڑے نے کاٹ دی تھی، ان کا مقصد نہتے لوگوں کو ان کے گھروں سے نکال کر کہیں بھی بھیجنا تھا، چاہے وہ جہنم میں ہی کیوں نہ ہو ۔

اس نے المیہ کی گہرائی کو سمجھنا سیکھ لیا ، جب وہ دادی سے بات کرتا تھا تو حیران ہوتا تھا کہ وہ جواب کیوں نہیں دیتی ہے ؟ بلکہ کسی اور موضوع پر بات کرتی رہتی ہے؟ وہ گھر کے متعلق اس کے سوال کا جواب کیوں نہیں دیتی ہے ؟ وہ حیران ہوتا تھا کہ اس کے والدین دادی سے بات کرتے وقت اپنی آوازیں کیوں بلند کرتے ہیں؟ اور پھر وہ شور سے بیزار ہو جاتا تھا، بعد میں اسے

اس جملے کا مطلب سمجھ میں آیا جو اس سے کئی بار کہا گیا تھا جس وقت اس نے چیخنے کا سبب پوچھا تھا ، کہ اس کی دادی سماعت سے محروم ہے !! اور وہ اس بچے سے پوچھتا ہے جو بہرے ہونے کا مطلب سمجھنے لگا ہے ، وہ پوچھتا ہے کہ سبب کیا ہے ؟ میری دادی ماں کیوں نہیں سنتی؟ وہ سمجھ لیتا ہے اور بخوبی جان لیتا ہے کہ یہ کوئی پیش آمدہ معاملہ ہے ، دادی ماں کی (پہلے) نزاکتِ سماعت سے خوب لطف اندوز ہوتی تھی، لیکن وہ اس دن چلی گئی جب دشمن کے طیاروں نے اپنے توپوں کے دہانے کھول دیے ، ہمیں نہیں معلوم کہ کب واقعہ پیش آیا ، لیکن جب ایک گولہ ہمارے گھر پر گرا اور زیادہ تر حصے کو ایک گونج دار مہیب آواز پیدا کرتے ہوئے تباہ کردیا ، جس نے دادی ماں کو سماعت سے محروم کر دیا اور ان کی سماعت چھین لی ، گھر والے شدید خوف میں مبتلا ہو گئے اور انہوں نے از سر نو گھر کو لاحق شدہ تباہی و خرابی کی مرمت و درستگی کی کوشش شروع کر دی ، انہیں ہر طرح سے پیسے کی ضرورت تھی اور اس وقت پیسے کی اپنی ایک قدر تھی ، دادی ماں اکثر کہتی تھیں کہ "لیرہ" ایک وقت میں شہروں اور بندوں (بہت کچھ) کے برابر تھی، صورتحال بہت مشکل تھی اور اللہ ان لوگوں کی مدد کرے جو یہاں اس محلے میں رہتے تھے جسے "حارۃ التفاح" کہا جاتا ہے ، یہاں ہمارا ہیرو بڑا ہوا اور اس نے نشو نما پائی اس نے وابستگی کا احساس اپنایا ، وہ روزانہ پانچ بار اذان کی آواز سنتا، جو محلے کے ہر کونے اور گھر کے آس پاس کی درجنوں مساجد سے گونجتی ، وہ لوگوں کو مسجد کی طرف یہاں وہاں دوڑتے ہوئے اور نماز ادا کرتے ہوئے دیکھتا ، اور وہ اپنے بچپن کے ساتھیوں کے ساتھ مسجد کے دروازے پر کھڑا ہو کر انہیں دیکھتا کہ وہ صفیں باندھ کر رکوع و سجود کرتے ہیں ، پھر کھڑے ہوجاتے ہیں تاکہ دوبارہ زندگی کی طرف لوٹیں ۔

ہمارا ہیرو اپنی والدہ کی ان کہانیوں کو یاد کرتا جو اس کے ماموں کے بارے میں تھیں جنہیں 1967 میں غزہ پٹی کے قبضے کے بعد قابض حکام نے مصر جلا وطن کر دیا تھا ، کیونکہ وہ اخوان المسلمین سے تعلق رکھتے تھے ، اس نے اکثر اپنے ماموں شیخ ظاہر شبانہ یا بدر شبانہ کے متعلق کہانیاں سنی تھیں جو اخوان المسلمین سے تعلق رکھتے تھے ، لیکن وہ ان دو الفاظ کا مطلب نہیں سمجھتا تھا ، اس کی والدہ ہمیشہ اسے اور اس کے بھائیوں کو نماز پڑھنے کی تلقین کرتی تھیں " تاکہ وہ سچے حقیقی مرد بن سکیں جیسے ان کے ماموں شیخ ظاہر شبانہ یا بدر شبانہ جو اخوان المسلمین سے تعلق رکھتے تھے ، اس محلے میں " اشرف " بڑا ہوا اور اس گلی میں نشو نما پائی ، جہاں ہر کھیل

بلند و بالا فوارے کے سائے میں (لڑکے) ایک چھوٹے سے میدان میں کھیلتے تھے جو عام سڑک کے مشرق کی جانب، شیخ بشیر کے مزار کے قریب واقع تھا ، جہاں ہر روز عصر کے وقت بچے آتے، ان کے ساتھ وہ گیند ہوتی تھی جسے وہ صبح اسکول جاتے وقت اپنی جیب خرچ سے پیسے جمع کرنے کے بعد سب مل کر خریدتے تھے ، دو ٹیمیں کھیلتی تھیں ، کیا یہ ان کا حق نہیں کہ وہ کھیلیں، اگرچہ کوئی لڑکا گیند کے پیچھے بھاگتے ہوئے عام سڑک پر نکل جائے ، اور وہ گاڑیوں کی ٹکر کی پرواہ نہ کرتا تھا ، کیونکہ سب سے اہم بات یہ ہوتی تھی کہ گیند ضائع نہ ہو، کیونکہ دوسری گیند خریدنا آسان نہیں تھا اور اس کا مطلب یہ ہوتا تھا کہ اسکول کی کسی چیز کو خریدنے سے ایک یا دو دن کی محرومی ، میں اپنی ابتدائی اسکول کے سالوں کے دوران ہفتے میں چھ دن، دن میں دو مرتبہ فواروں کے پاس سے گزرتا تھا ، تاکہ میں اپنی ہاشمیہ اسکول پہنچ سکوں ، جو چند سو میٹر دور تھی ، مزید تین سالوں میں پڑھائی کے دوران پناہ گزینوں کے الشجاعیہ مڈل اسکول میں سینکڑوں بچے صبح کے وقت جاتے تھے، ان کی گردنیں فواروں کی طرف اٹھتی تھیں، اور دوپہر کو واپس آتے تھے، ہم بھی فواروں کے ساتھ مقابلہ کرنے کی کوشش کرتے تھے ، دس سال سے زیادہ ہو گئے، اور اشرف ہر روز آتا جاتا تھا، اس کے ہاتھ میں اپنی کتابوں کا بستہ ہوتا تھا، اور لڑکے اس کے ساتھ اور اس کے ارد گرد کھیلتے اور شور مچاتے تھے ، فوارہ اپنی جگہ پر تھا ، ایک قدم بھی پیچھے نہیں ہٹا تھا ، اور اب بھی برابر سر اٹھائے کھڑا تھا ، سالوں گزرنے اور آہوں بھری صداؤں اور مسلح بکتر بند قابض فوج سے بھری گاڑیوں کے شور و غل کے باوجود جو دن رات اس کے اردگرد منڈلاتی رہتی تھیں نہیں جھکا (وہ اسی مضبوطی سے کھڑا رہا)۔

اشرف کی خوشی مخفی تھی ، اچانک ایک دن ایک مسکراہٹ اشرف کے چہرے پر نمودار ہوئی جو اس کی والدہ نے چالیس سال سے نہیں دیکھی تھی ، یہ اشرف ہے جو ایک جواں مرد بن گیا تھا ، شام کے وقت اسے خوشی اڑا لے آئی اور وہ اپنی والدہ کے سامنے کھڑا ہوگیا، جو گھر کے کام میں مصروف تھیں ،اس نے اپنا ہاتھ لمبا کرکے اپنی جیب سے کچھ نکالا، اور اپنا ہاتھ بڑھا کر اپنی والدہ کو اپنی تنخواہ دی ، یہ کچھ ہزار لیرا تھے جو اس نے چند لمحے پہلے اس پرنٹنگ پریس کے مالک سے وصول کیے تھے جہاں وہ ایک مہینے سے اسکول سے واپسی کے بعد کام کر رہا تھا ، والدہ نے حیران ہو کر دیکھا : کون ؟ کیا ؟ اور خیالات دور تک چلے گئے ، یہ وہی اشرف ہے، جو ایک جواں مرد بن چکا ہے ، دس سال کی عمر کو پہنچ چکا ہے ، اس نے اس پرنٹنگ پریس میں کام کیا

جہاں والد اسے اپنے دوست کے پاس لے گیے تھے جو اس کا مالک تھا، تاکہ اسے سکھائے کہ کیسے ایک مضبوط مرد بنتا ہے، جو مشکلات کو شکست دے ، نہ کہ خود شکست کھائے ، کیوں کہ یہ معاملہ سنجیدہ ہے، وہی اشرف اس کے سامنے کھڑا ہے، اور اس کا ہاتھ نقدی کے نوٹوں کے ساتھ بڑھا ہوا ہے ،جو چند ہزار لیرے ہیں ، جن کے حصول میں بڑی قیمت نہیں ہے، لیکن ان کا مطلب ماں کے لیے بہت بڑا اور بہت اہم ہے، جو اپنے بچے کو ایک ایسے جواں مرد کے طور پر دیکھتی ہے، جو کام کرتا ہے اور کماتا ہے ،وہ اپنے والدہ کو اپنا ماہانہ وظیفہ دینے آتا ہے ، وہاں مطبع کے قریب، میدان کے پارک کی کھجور کے درخت بھی اپنی جگہ قائم و برقرار ہیں، ان کی شاخیں آسمان کی طرف بلند ہیں اور ان کے پتوں پر الفاظ نقش ہیں: نہ کوئی امن، نہ چہرے سے مٹی جھڑنے کا موقع، نہ کوئی صلح، نہ کوئی امن، نہ کوئی تسلیم اندھیرا ختم ہوچکا " ان کھجور کے درختوں کے نیچے بیٹھنا یا باغ میں موجود نرم و سبز گھاس پر کھیلنا خاص طور پر رمضان کی راتوں میں بہت ہی اچھا لگتا ہے ، اور کیا ہی خوبصورت منظر ہوتا ہے جب لڑکے کھیل کود کے دوران کھجور کے بے خم تنوں کے پیچھے چھپتے ہیں، جس طرح کہ انہیں رات کو شارع الوحدہ یا شارع عمر المختار پر چلنا پسند ہوتا ہے، وہ فٹ پاتھ پر اور سڑک کے بیچ میں یہاں وہاں کودتے پھاندتے ہیں، فٹ پاتھ کی پائپوں پر سے کودتے ہیں اور بند دکانوں کے سامنے لگی ہوئی سامان کی نمائش کی پائپوں سے لٹکتے ہیں ، اور کیا ہی خوبصورت منظر ہوتا ہے جب لڑکے ایک دوسرے کا پیچھا کرتے ہیں، دھکا مکی کرتے ہیں، ہنستے کھیلتے ہیں، اور لڑتے ہیں، بالآخر ابو فتحی کی آئس کریم انہیں خوشی اور مسرت کے ساتھ جمع کرتی ہے ،راستے کی واپسی (گھر واپسی) ہنسی مذاق اور چھوٹی موٹی نوک جھونک کے ساتھ شروع ہوتی ہے ، بالآخر گھر واپسی والدہ کے اپنے خوابوں کے شہزادے اشرف کے لیے تیار کردہ گرم بستر میں ادہم اور محمد کے جلو میں اختتام پذیر ہوتی ہے ۔

ایک دن گلی میں بہت شور ہوا اور لوگ تیزی سے وہاں سے بھاگنے لگے اور آپس میں سرگوشیاں کرنے لگے کہ "انہوں نے ایک یہودی کو ذبح کر دیا، اس کا خون زمین پر بہہ گیا ، " یہ واقعہ گھر سے صرف دس یا بیس میٹر کے فاصلے پر ہوا جب ایک فدائی نے بڑی مہارت سے اس یہودی کو ذبح کر دیا جو سبزی کے اسٹال پر جھکا ہوا تھا، وہ اپنے خون میں لت پت ہو گیا اور یہ خبر علاقے میں جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی ، چند ہی لمحوں میں ہی گلی کی صورت حال بالکل بدل گئی ، سینکڑوں فوجی ہتھیاروں سے لیس، انٹیلی جنس افسران کی گاڑیاں، فوجی گاڑیاں اور فوجی حکام وہاں

پہنچ گئے ، لوگ سوال کرنے لگے، "کیا وہ مر گیا؟" کوئی بھی جواب نہیں جانتا تھا ، چند دنوں بعد زندگی اپنی معمول کی طرف لوٹ آئی، لیکن علاقے میں یہودیوں کی آمد و رفت میں نمایاں کمی آ گئی۔

اشرف نے اپنی مڈل اسکول کی تعلیم مکمل کی اور یافا ہائی اسکول میں داخلہ لیا ، جو گھر کے چند سو میٹر مغرب میں ہی واقع تھا ، اس طرح اس کی روزانہ کی راہ تبدیل ہوگئی، لیکن وہ روزانہ صبح اور دوپہر میں "سنافور" سے ملتا رہا، جو کہ ایک عادت بن چکی تھی جسے وہ نو سالوں سے جاری رکھے ہوئے تھا اور سنافور وہی سنافور تھا ، جبکہ وہ علاقے میں کام کرنا چھوڑ چکا تھا کیونکہ وہ بڑا ہوگیا تھا اور چھاپہ خانہ کو اس کے ہم عمر مزدوروں کی ضرورت نہیں تھی ، لیکن باغ کی کھجور کے درخت وہی باغ کی کھجور کے درخت رہے۔

دوسری فصل : چنگاری ، گروہ بندی ، صاف گوئی

بچے محلے کی مسجد کی ندا (الدم الدم) پر جاگ گئے ، ہر ایک نے اپنی ماں سے پوچھا کہ کیا ہوا ہے؟ اور سب ماؤں نے جواب دیا " جیش محمد سوف یعود " بچوں نے پوچھا کہ اس کا کیا مطلب ہے؟ مائیں چلائیں اور ان کی آواز کی شدت (یہ کہتے ہوئے) بڑھ گئی " پتھر یا چھری اٹھاؤ، دیر نہ کرو" یہ واقعہ 1987 کے آخر میں 9 دسمبر کو پیش آیا تھا ، اس وقت غزہ میں آگ بھڑک اٹھی ، یا تاریخ نے فلسطینی قوم کی زندگی کے ایک نئے مرحلے یعنی مبارک انتفاضہ کا مرحلے کو درج کرنا شروع کر دیا تھا ، اور دلوں میں تلاطم خیز پتھر کی آگ نے پورے غزہ کی تمام گلیوں، سڑکوں اور محلوں کو لپیٹ میں لے لیا، اور تھوڑی دیر بعد یہ آگ فلسطین کے تمام شہروں ، دیہاتوں ، بستیوں، محلوں اور سڑکوں تک پھیل گئی ، جوش و خروش کی آگ جو دلوں میں بھڑک رہی تھی پھیل پڑی ، چنانچہ یہ واقعہ اس دور کے علاقے کے خطرناک ترین واقعات کا جنم دینے والا بنا ، یہ آتشیں لہریں مسجدوں کے بلند و بالا میناروں سے لاؤڈ اسپیکرز کے ذریعے پھیل گئی ، تاکہ وہ اس قوم کی اذان کو گونج دار بنائے ، جن کا صبر طویل ہو چکا تھا اور جس کا انتظار دلوں کو طویل ہوچکا تھا ، انہوں نے یقین کر لیا تھا کہ یہی وہ راستہ ہے ، تو ہمارے عظیم عوام کا یہ جم غفیر چل پڑا جس نے عجیب و غریب کارنامے انجام دیے اور تاریخ کو عزت، آتش، خون اور آنسو کے حروف سے لکھ دیا ، یہ جوش ایک چنگاری بن کر شروع ہوا اور پھر ہر جگہ آگ بن کر پھیل گیا، تاکہ پاکیزہ روئے زمین کو ڈھانپ دے ، جوش و جذبہ سینوں میں پروان چڑھا ، تاکہ اس کی حرکات و

فعالیات سے سب سے سریلا شیریں نغمہ پیدا ہو ، جس کی موسیقی ؛ گولیوں کی سنسناہٹ، گیس بموں کے دھماکے ، قابض فوج کی گاڑیوں کا شور شرابہ ، اور زمین میں ٹھونکے گئے کیلوں کی وجہ سے ٹائر پھٹنے کی آواز سے پہچانی جاتی ہے ، اور مبارک پتھروں کی بارش کی وجہ سے شیشے ٹوٹنے کی آواز ہر طرف سے آ رہی ہوتی ہے ، اس کی مٹھاس اس وقت بڑھ جاتی ہے جب نعرہ زن اللہ اکبر اور تکبیر کے ساتھ ابدی علوی نعرہ " خیبر خیبر یا یھود جیش محمد سوف یعود " بلند کرتے ہیں۔

اور اہل محلہ کئی بار اپنے مردوں، عورتوں، بزرگوں، چھوٹوں اور جوانوں کی آواز پر متوجہ ہوئے ، اشرف بھی مسجدوں کے لاؤڈ اسپیکرز کی ندا " حي علی الجهاد " کی آواز پر متوجہ ہوگیا جو ہر طرف سے ندا دے رہی تھیں ، خاص طور پر ایسی مسجد سے جو گھر کے مغرب میں صرف چند ہی میٹر کے فاصلے پر تھی اور آناً فاناً پورا علاقہ آگ سے بھڑک اٹھا ، لوگ ہلچل میں آ گئے ، اور دگرگوں ہوگئے اور ان کی بڑی تعداد گلیوں کے ذریعے سڑکوں اور راستوں کی طرف دوڑ پڑی ، یکایک ہر جگہ ہزاروں چہرے نمایاں ہوگئے تاکہ قابض فوجیوں کے سر پر فیصلہ کن پتھر برسا سکیں ۔

روشن ایام کی کسی صبح ، سات بجنے سے کچھ دیر قبل چین و سکون علاقے پر چھایا ہوا تھا ، کیا دیکھتے ہیں کہ جب گھڑی کی سوئیاں سات کے قریب ہوئیں ، تب اچانک ایک ہلچل سی شروع ہوگئی اور آوازیں بتدریج بلند ہونے لگیں، اس وقت طلباء اپنے اسکولوں کی جانب انفرادی اور اجتماعی طور پر جانے لگے ، میں نے اپنا بستہ اٹھایا اور ایک نئے دن (کا استقبال) کرتے ہوئے مسکراتا ہوا یافا سیکنڈری اسکول کی طرف روانہ ہوا، اور میرے اردگرد چہروں پر نئے دن کی روشن مسکراہٹیں تھیں ، صبح مناجات و دعا (prayer) اور گھنٹی بجنے سے قبل میں نے محسوس کیا کہ اسکول کے میدان میں کچھ غیر معمولی حرکت ہورہی ہے ، طلباء آپس میں سرگوشیاں کر رہے تھے: کیا ہوا ؟ ایک دوست کی سرگوشی میرے کان تک پہنچی کہ ہمیں یافا اسکول کے واقعات میں اپنا کردار اور مناسب موقف اختیار کرنا ، ایک زبردست مظاہرہ کرنا اور علاقے میں شدید مقابلے کا آغاز کرنا ضروری ہے ، مسکراہٹیں اچانک عزم و حوصلے میں ، تیاری اور جوش کی نظروں میں بدل گئیں اور طلباء کے دائمی نعرے بلند ہونے لگے: "بسم الله الله اكبر بسم الله قد حانت خيبر" ، طلباء کی گرجتی ہوئی آوازوں نے میدان کو لرزا دیا، اور دل دھڑکنے لگے اور نعروں نے ان کے لبوں سے

چھیڑ چھاڑ کی ، نبض کی شدت و حدت بڑھ گئی ، اور رگوں میں خون گرم و وافر مقدار میں جوش مارنے لگا، اور میں جذبات میں آگیا اور میری آنکھیں گرم گرم آنسوؤں سے بہہ پڑی ، عجیب احساسات مجھے گھیرے ہوئے تھے جب میں اپنے دل کی گہرائیوں سے گرجتے ہوئے مجمع کے درمیان نعرے لگا رہا تھا ، " بئر السبع " " عزت و شرافت کے ایام " " دادا کا پیر " "گھر کے انہدام کے سبب دادی کی ساعت " کی یادیں مجھے دور تک لے گئیں اور مجھے پرجوش ہجوم اور دھڑکتے سینوں میں واپس لے آئیں، 16 سال کے نوجوانوں کے سینے ؛ جوش و جذبہ ، عزت و عظمت کی محبت سے جوش مار رہے تھے ، ہجوم آہستہ آہستہ اسکول کے مرکزی دروازے کے سامنے شارع سدرہ کی طرف آگے بڑھا ، اچانک، دشمن کی فوجی گاڑیاں نظر آئیں ، اور وہی دور ٹھہر گئیں ، فوجی اترے اور اپنی گاڑیوں کے پیچھے دیواروں اور کونوں میں مورچہ زن ہوگئے ، انہوں نے دیوانہ وار فائرنگ اور گیس بم پھینکنے شروع کر دیے، اور ہمیں لازم تھا کہ ہم منتشر ہو کر اپنی اپنی جگہیں لے لیں تاکہ گولیوں سے بچ سکیں اور گولیوں کی تڑتڑاہٹ پر شیریں ترانے کا ایک نیا فقرہ شروع ہوگیا " گیس بموں کا پھٹنا " " یہاں وہاں سے نوجوانوں کی چیخ و پکار " " خبردار " " انہیں مشرقی جانب سے گھیر لو " " اور تکبیر و تہلیل " وغیرہ ، یہ ایک شاندار مقابلہ تھا جس میں ہماری ناک میں آنسو گیس کی بدبو پھیلی ہوئی تھی، ہم اُنہیں پیچھے ہٹانے میں اتنے کامیاب نہ ہوئے جتنا ہم چاہتے تھے کہ " وہ ہمارے پتھروں کے سامنے بہت پیچھے ہٹ جائیں " ہمارے پتھر ان تک پہنچنے کی طاقت نہیں رکھتے تھے ، وہ اتنے بزدل تھے کہ قریب آنے کی جرات نہیں کرتے تھے کہ کہیں وہ ہمارے ہاتھوں کی پہنچ میں نہ آجائیں ، وہ صرف دور سے اپنی بندوقیں سادھے ہوئے تھے تاکہ ہر اُس شخص کو نشانہ بنا سکیں جو اپنی کمین گاہ سے باہر آئے ، لیکن ہم نے کچھ کامیابیاں حاصل کیں ، ہم نے علاقے میں جوش و جذبہ پیدا کیا اور کئی گھنٹوں تک سڑک کو بند کر دیا، جس کی وجہ سے ہم نے اُن کی گاڑیوں کی آمد و رفت روک دی جو 1948 سے ہماری مقبوضہ زمین سے گزر کر غزہ کی سرکاری دفتروں کی طرف جاتی تھیں، اور سب سے خوبصورت بات یہ ہے کہ ہم نے ثابت کر دیا کہ ہم تصادم اور چیلنج کا سامنا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں ، ہم خوش ہوئے اور ہماری آنکھوں سے آنسو بہہ پڑے ، آنکھیں سرخ ہو گئیں اور گیس کے اثر سے ہم نے بہت چھینکیں لیں ، آخر میں ہم اگلے دن کی بھرپور محاذ آرائی کا عزم کرتے ہوئے، گھروں کو لوٹ آئے ، کئی بار ہم نے ان کی گاڑیوں پر حملہ کیا، ان کے فوجیوں کا پیچھا کیا اور انہوں نے ہمارا پیچھا کیا ، ہم نے سڑک بند کی، یہاں تک کہ شارع الوحدۃ

تک پہنچ گئے، اور ان کی گولیوں کے سامنے پیچھے ہٹ کر یافا سکول تک آ گئے ، ایک بار انہوں نے فوجیوں کی ایک بڑی تعداد میں ہمارے اسکول پر حملہ کیا، قریب تھا کہ وہ فوجی ہماری تعداد سے تجاوز کر جاتے ۔

یہی زندگی ہے ، ایک دن آپ کے حق میں تو ایک دن آپ کے خلاف، اور جنگ ہمیشہ جاری رہتی ہے ، لیکن ہر بار ہمارے دل مزید جوش و عزم سے بھڑک اٹھتے ، جیسے کہ ہماری پوری قوم ہماری مقدس سرزمین پر ، میں نہیں جانتا کہ کیوں آنسو گرم ہو کر بہنے لگتے تھے جب جلوس شروع ہوتا اور نعرے بلند ہوتے ! شدید جذبات مجھے اپنی لپیٹ میں لے لیتے تھے اور میرے دل کو جھنجھوڑ دیتے تھے ، میں کوشش کرتا کہ آنسو روکے رکھوں، انہیں چھپاؤں، اپنے اردگرد کے ساتھیوں سے شرماتے ہوئے پونچھ لوں اور میں دیکھتا کہ فتح کے نشان یا توحید کی بشارت کے ساتھ لہراتے ہاتھوں کے درمیان تمام چہروں پر آنسو بہہ رہے ہیں ، وہ تمام آنکھیں سرخ ہیں جن سے آنسو بہہ رہے ہیں ، خدایا ! یہ رونا کیوں ہے ؟ کیا یہ آنکھیں ضبط نہیں کر سکتی کہ وہ نم ہونے سے رک جائیں ؟ میں نے کوشش کی لیکن ہر بار یہ مجھے ہرا دیتے، اور میرے ساتھ محمد، حسن، خالد یا عبد الجبار کو بھی ہرا دیتے ، ان آنسوؤں کی تشریح کیا ہے؟ یہ ہمیں کیوں ہرا دیتے ہیں؟ کیا ہم اس حد تک کمزور ہیں؟ یہ آنسو مجھے حیران رکھتے اور سوالات میرے دماغ کے دروازے کھٹکھٹاتے ، لیکن مجھے جواب نہیں ملتا ، جتنا زیادہ آواز بلند ہوتی اتنا ہی زیادہ لوگ تہلیل و تکبیر اور نعرے لگاتے، آنسو مزید بہنے لگتے ، کیوں؟ میں اس بات سے ڈرتا کہ یہ خوف کو پیدا کرے گا ، لیکن ہر بار یہ واضح ہوگیا کہ یہ وجہ نہیں تھی ، جیسے ہی پہلی گولی کی آواز سنتا یا کسی فوجی کی ہیلمٹ دیکھتا یا اس کی پلاسٹک کی شیلڈ دیکھتا، جسے وہ ہماری پتھروں کے تانتے سے بچنے کے لیے استعمال کرتے، تو فوراً آنسو رک جاتے، اور میرے رخسار پر جم جاتے اور جو فی الحال آنکھ میں ہوتے وہ پتھر بن جاتے ، زمین انہیں اپنی طرف شدت و سختی سے کھینچتی، اور آنکھ انہیں واپس لینے پر اصرار کرتی ، جذبات مجھے اپنی لپیٹ میں لے لیتے... میں تقریباً جان گیا تھا کہ ان آنسوؤں کی وجہ کیا ہے، میرے اور میرے ارد گرد تمام آنکھوں میں آنسو جم جاتے اور عجیب عزم و اصرار میں بدل جاتے ، میں ہر بار پیچھے نہ ہٹنے ، مشکلات کو شکست دینے کے عجیب عزم و ارادہ کرتے ہوئے خود پر رشک کرتا تھا۔

ہائے ! وہ سالوں پہلے مطبع میں کام کرنے کی زندگی ، میں اس کے اثرات کو اپنے احوال میں ،

اپنی بہتے ہوئے آنسوؤں میں، حتیٰ کہ منجمد یا پتھریلی آنکھوں میں بھی بخوبی محسوس کرتا ہوں ، میں تقریباً اس کی وجہ سمجھنے لگا ہوں، زمین پر شدید پیاس ہے باوجودیکہ سردی نے ابھی کوچ نہیں کیا ہے اور موسم موسلا دھار بارشوں والا ہے اور زمین سر سبز و شاداب ہے، اور میرا وجدان، میری پوری ہستی، بلکہ میرے ارد گرد کے تمام جاندار ، مخلوقات، اور یہاں تک کہ کل جمادات، سب باہم لچک کھا رہے ہیں اور مل رہے ہیں ، ایک خوبصورت و شاندار ، عظیم و عجیب، شاعرانہ اور دلبرانہ معنیٰ ہیں جس میں جدائی درد کے ساتھ، محبت نفرت کے ساتھ، احتیاط بے خودی کے ساتھ، اور زمین انسان کے ساتھ ملتے جلتے ہیں ، اس زمین سے میرا پیار ہر گزرتے لمحے سے بڑھ گیا ہے، میں محسوس کرنے لگا ہوں کہ کسی عشق نے میری روح کو ہر اس چیز سے بھر دیا ہے جو میرے راستے میں آتی ہیں ، زمین کے لیے، درختوں کے لیے، پتھروں کے لیے، دیواروں کے لیے، مسجد اور اسکول کے لیے ، ایک عجیب تعلق ہے ، ایک حیرت انگیز اتحاد ہے اور ایک جنونی محبت ہے ، کیا یہ محبت میرے سینے میں چند دنوں قبل نہیں تھی؟ مجھے نہیں معلوم ... لیکن میں نے اسے کبھی اس طرح محسوس نہیں کیا جیسے اب کر رہا ہوں ، تو پھر وجہ کیا ہے؟ یہ سیلابی طوفان کیسے پھٹ پڑا ؟ اس انوکھی بے پناہ محبت کے چشمے کیسے جاری ہوئے؟ وجہ کیا ہے؟ میں برابر اس کی تلاش میں ہوں، لیکن مجھے یقین ہے کہ میں اسے پالوں گا ، مجھے محسوس ہوا کہ یہ میرے دل میں، ہم سب کے دلوں میں ، میرے اور یافا سکنڈری اسکول کے تمام عزیزوں میں، بلکہ التفاح محلہ کے تمام عزیزوں میں، غزہ کے الدرج محلہ میں، بلکہ اس پاک وسیع زمین پر بھی ہے ، تو عنقریب میں اس کی جستجو کروں گا، مجھے یقین ہے کہ میں اسے اپنی ہستی کی گہرائیوں میں ، اپنی روح میں پالوں گا ۔

یافا ثانوی نے انہیں بڑی حد تک بے چین کر دیا تھا، کیونکہ اس کا جائے وقوع ان کی آمد و رفت کے راستے پر تھا، اور اس میں تقریباً پانچ سو طلباء کا مجمع رہتا تھا جو اسے روزانہ کی بنیاد پر تصادم ، مڈبھیڑ اور مقابلے کا حساس مرکز بناتا تھا ، کچھ عرصے بعد انہوں نے اس بات کا ادراک کیا، لہٰذا انہوں نے ہمیں وہاں سے شجاعیہ کے انتہائی مشرق میں الفرات اسکول منتقل کرنے کا فیصلہ کیا، وہ اسکول ہمارے گھروں سے اور ان کی آمد و رفت کی نقل و حرکت سے بہت دور تھا ، ہم نے ایک طویل کوشش کی کہ اس فیصلے کو ناکام بنائیں، لیکن انہوں نے انہیں متنفر کرنے کے لیے جان کی بازی لگا دی، لیکن یافا ثانوی سمیت کئی اسکولوں نے ان کی آنکھوں سے نیند اڑا دی ،

حالات بگڑتے گئے اور یافا اور الفرات کے درمیان تعلیم غیر متوازن رہی، ہڑتال اور تصادم ہوتے رہے ، لہٰذا مجھے اپنی زندگی میں ایک نیا رخ اختیار کرنا لازم تھا ، کیونکہ گھر کی ضروریات بہت زیادہ تھیں اور والد ان تمام درخواستوں کو پورا کرنے کے قابل نہ تھے کیونکہ ان کی عمر تقریباً ساٹھ برس ہو چکی تھی ، اس طرح میں نے کام کی دنیا میں اپنا سفر شروع کیا ، کام کے دوران جبالیا میں واقع الفلوجہ سیکنڈری اسکول میں داخل ہوا، جہاں میں نے اپنی پہلی اور دوسری سیکنڈری کی سند حاصل کی، اور ہائر سیکنڈری تعلیم حاصل کرنے کا موقع بہت ہی کم ملا ، وہ چند مواقع جو مجھے یاد ہیں کہ میں جن میں صبح سویرے اپنی زندگی کے اس مرحلے سے قبل یعنی صبح چھ بجے سے پہلے گھر سے نکلا ، لیکن میں جانتا تھا کہ شارع صلاح الدین میں بہت زیادہ ہلچل اور شور ہے، جو فقط گھر کے مشرقی سمت میں دسیوں میٹر کے فاصلے پر ہے ۔

ہر صبح سوائے ہفتے کی صبح کے بڑی تعداد میں مزدور 1948 سے مقبوضہ علاقوں کے کام کرنے کے لیے نکلتے ہیں ، مجھے اس منظر کی حدود کو مکمل حد تک جاننے کا موقع نہیں ملا، کیونکہ جیسے ہی سورج کی نئی کرنیں نمودار ہوتی وہاں تل المنطار کے پیچھے سے حرکت رفتہ رفتہ کم ہو جاتی ، اس وقت مزدور اپنے توشے اور کام کے اوزار بیگ میں ڈال کر اپنے کندھوں پر لٹکائے ہوئے یا بوروں سے یا موٹے کپڑے کے ٹکڑوں سے ڈھکی پلاسٹک کی ٹوکریوں میں رکھے ہوئے شمال کی طرف کوچ کرتے ، اور جب سورج افق کو روشن کرتا اور ہمارے اسکول جانے کا وقت قریب آتا ، تو حرکت کم ہو چکی ہوتی ، یا تا حدِ انتہا کے قریب ہوتی ، میں صبح کی اس حرکت کی حقیقی شکل و صورت ، حجم و ضخامت کو مکمل طور پر نہیں سمجھ سکا تھا، لیکن میں شام کی حرکت کے بارے میں واضح طور پر جانتا تھا ، کیونکہ میں اسے اکثر ان شاندار ایام میں دیکھتا تھا یا اس کے اہم حصے دیکھتا تھا جب میں کچھ ہم عمر دوستوں کے ساتھ ہمارے گلی کے کنارے، پھاٹک کے قریب کھڑا ہوتا تھا ، ہم لوٹنے والی مختلف اقسام کی ہزاروں گاڑیوں کی حرکت کو دیکھتے تھے جو مزدوروں کو ایک طویل مزدوری کے دن کے بعد واپس لے جاتی تھیں ، مجھے دور سفر کرنے کا یا کسی ایسے طویل سفر پر جانے کا موقع نہیں ملا تھا جس کے لیے گاڑیوں کی ضرورت ہوتی ہے ، اس لیے میں اچھی طرح سے نہیں سمجھتا تھا کہ کندھوں پر بیگ اٹھانے اور ہاتھوں میں ٹوکریاں اٹھانے کی حالت میں ان آنے جانے والے ، نکلنے لوٹنے والے لوگوں کے لیے یہ حرکت کیا معنی رکھتی ہے ، والد بھی انہی کی طرح ہر صبح نکل جاتے تھے اور ہر شام دیگر لوگوں کی طرح بیگ

لٹکائے واپس آتے تھے ، میں بخوبی جانتا تھا کہ ان بیگوں کے اندر کیا ہوتا ہے اور میں اکثر سوچتا تھا کہ کیا یہ سب آنے جانے والے بھی اپنے دوپہر کا کھانا اسی طرح کھاتے ہیں جیسے میرے والد کھاتے ہیں ؟ کیا ان سب کو وہ سہولتیں حاصل نہیں ہیں جو ہمیں والدہ تب فراہم کرتی تھی جب ہم اسکول سے واپس آتے تھے ، مثلاً : تازہ روٹی، گرم کھانا اور محبت و شفقت سے بھرپور گھر کا ماحول؟ مجھے بالکل پتہ نہیں تھا کہ وہ کیسے جیتے ہیں؟ کیا کھاتے ہیں؟ ان کی بیگوں اور ٹوکریوں میں کیا ہوتا ہے جسے وہ اٹھائے ہوئے چلتے ہیں؟ "اور یہ بات مجھے زیادہ پریشان نہیں کرتی تھی، صحیح یہ ہے کہ میرے دماغ میں اکثر گردش کرتی رہتی تھی ،حالیکہ میں دور کھڑے ہو کر اس حرکت کو دیکھ رہا ہوتا تھا ، لیکن جب میں اپنے ہم عمر دوستوں کے ساتھ گھومتا پھرتا تو ہم کسی اور دنیا میں ہوتے ، میں اپنے والد کو روزانہ دیکھتا تھا جب وہ بہت ہی تھکے ہارے واپس آتے تھے، لیکن وہ نہایت خوش ہوتے تھے، خاص طور پر جب وہ پڑھائی کے سال کے آغاز میں میرا نیا لباس یا نیا جوتا یا نیا بستہ دیکھتے ، ان شاندار ایام میں جب میں بیدار ہوتا تھا تو انہیں گھر میں نہیں پاتا تھا، اور بعد میں میں نے جانا کہ وہ صبح سویرے سورج کی اولیں کرن پھوٹنے سے قبل ہی کام کے لیے نکل جاتے تھے ، اب مجھے اس زندگی کو جینا تھا اور اس کے بھیدوں کو اندر سے جاننا تھا ، میں ابھی سولہ سال کا نہیں ہوا تھا کہ میں نے اپنی بیگ اٹھانی شروع کردی ، جسے میری والدہ میرے لیے میرے والد اور ادہم کی بیگ طرح تیار کرتی تھی تاکہ میں صبح نکل سکوں ، میں اپنے خالو کا انتظار کرتا کہ وہ مجھے اپنے ساتھ کام کے لیے لے چلیں ، پہلی بار یہ ایک عجیب تجربہ تھا، ایک نئی زندگی اور نئی دنیا تھی ، جس میں آج میں داخل ہو رہا تھا ، میری آنکھیں اس منظر کی حقیقت سے کھل گئیں، خدایا ! روزانہ دسیوں ہزار مزدور سفر کرتے ہیں، ان میں سے کم از کم ایک گھنٹہ جانے اور ایک گھنٹہ واپس آنے کے لیے سفر کرتے ہیں تاکہ وہ اپنے کام کی جگہ پہنچ سکیں، اور کچھ لوگ تو گھنٹوں سفر کرتے ہیں ، میں نے بیگ اٹھایا ، والدہ اور بہنوں کی آنکھوں نے اس بھرپور ہمدردی سے الوداع کہا جسے میں پیدائش کے بعد سے جانتا ہوں ، اور میں اپنے خالو کا اس جگہ پر انتظار کرنے نکلا ، جس کا انہوں نے مجھے کل رات بتایا تھا، ہم دوسرے مزدوروں کے ساتھ گاڑی میں سوار ہوئے ، گاڑی شمال کی طرف روانہ ہوئی ، یہ ایک پرانی پیجو کی نوعیت کی کار تھی، مجھے گاڑیوں کے ماڈلز یا ان کے نتیجہ خیزی کے سالوں کے بارے میں کچھ نہیں معلوم ، (یعنی یہ گاڑی کس سال کا موڈل ہے ؟ (ہزاروں اس جیسی گاڑیوں کے درمیان یہ کار فراٹے بھرتے ہوئے جارہی تھی ، میری نظریں کبھی دائیں تو کبھی بائیں دیکھ رہی

تھیں ، مجھے اس زمین سے بڑی محبت محسوس ہو رہی تھی جس پر میرے قدم یا وہ گاڑی کے پہیے چل رہے تھے جس پر میں پہلی بار سوار تھا ، ایک عجیب احساس اور ، محبت و حیرت ، مدہوشی و ہمدردی ، ایک اجنبیت و بے سبعی کے درمیان جذبات کا ملاپ تھا ، راستہ لمبا اور وسیع تھا اور گاڑیاں تیزی سے چل رہی تھیں ، میں ان پرانی گاڑیوں پر حیران تھا جو نہ تو اپنی رفتار توڑتی تھیں کہ وہ اسی عجیب تیز رفتاری سے چل رہی تھیں اور نہ اپنے راستے سے ہٹتی تھیں کہ ایک دوسرے سے ٹکرا جائیں یا دور سڑک کے کنارے جا گریں ، ٹھیکیدار نے میرے سامنے مطلوبہ عمل کی وضاحت کرنا شروع کی جو مجھ سے پورے طور پر مطلوب تھا ، اور میں ان کی اس کام میں مدد کی کوشش کر رہا تھا جو مجھے آنے والے دنوں میں کرنا تھا ، جب تک کہ اللہ عزوجل میرے معاملے میں کوئی رہنمائی نہ فرما دیں ، میں مکسچر تیار کر رہا تھا اور ان کی مدد کرنے کی کوشش کر رہا تھا یا ان کو کام کرتے دیکھ رہا تھا، اس کے بعد انہوں نے مطلوبہ عمل یعنی دیواروں کی کچھ مرمت کرنا شروع کردیا ، کچھ وقت کے بعد میں نے سمجھا کہ وہ اس کام کو عبرانی میں "تو لتیم" کہتے ہیں یعنی تعمیر یا مرمت ، اور میں نے انہیں ضروری مواد اور آلات فراہم کرنے یا ان کے پیچھے صفائی کرنے میں اپنا کردار ادا کرنا شروع کر دیا ، دن بہ دن میں کام کا عادی ہوتا گیا اور اس طبقے کی زندگی کے بارے میں زیادہ سے زیادہ جاننے لگا ، میں نے ٹھنڈی باسی روٹی کھائی اور پچھلے دن کے پکے ہوئے باسی کھانے کا عادی ہونا شروع ہوگیا ، یا اللہ ، یہ ایک نئی ، پریشان کن ، سخت، مشکل ، اور بے رحم ، زندگی تھی ، خاص طور پر ان لوگوں کے لیے جو ابھی نوعمر تھے اور جن کی ہڈیاں ابھی مضبوط نہیں ہوئی تھیں ، گھر کا گرم ماحول ، ماں کی محبت کی حرارت ، اور آرام دہ پرسکون زندگی سے مفارقت کا ایک عجیب احساس تھا، لیکن جو ناگزیر ہے اس سے بچا نہیں جا سکتا ، کیا مشکلات نے میرا پیچھا چھوڑ دیا ؟ میرے خالو کو کام کے لئے بہت سے اوزاروں کی ضرورت ہوتی تھی، اور وہ انہیں روزانہ لے جانے اور واپس لانے سے قاصر تھے، اس لیے انہوں نے "تل ابیب" میں مرکزی بس اسٹیشن کے قریب ایک پرانا مکان کرائے پر لیا ، میں نے عبرانی کے کچھ الفاظ سیکھنا شروع کر دیے تھے بلکہ کچھ الفاظ تو میرے گفتگو میں بھی شامل ہوچکے تھے ، التحناة المركزية یہ بس اڈہ تھا ، اس علاقے کا نام شبیرہ تھا، جہاں انہوں نے ایک مکان کرائے پر لیا جس میں اوزار رکھے ہوئے تھے جن میں کچھ لکڑیاں، تعمیراتی اوزار، فلزی پلاسٹر ، پلاسٹک کی اشیاء، وغیرہ بالٹیاں وغیرہ شامل تھیں ، زیادہ تر اوقات اس جگہ پر جانا ضروری تھا تاکہ کچھ اوزار کام کے لیے لے جا سکیں یا واپس لا سکیں ، میں سمجھنے لگا کہ

ہماری قوم کے اس حصے کی زندگی میں ایک اور المیہ موجود ہے ، ہزاروں لوگ اپنے کام کی جگھوں پر انتہائی سخت حالات میں رہتے ہیں، جس کا میں نے بعد میں تجربہ کیا ، اس کی کئ وجوہات ہیں جو انہیں وہاں رہنے پر مجبور کرتی ہیں، جن میں سب سے اہم روزانہ سفر کی مشقت یا میری طرح غیر ہنر مند مزدوروں کے لیے گاڑیوں کے کرائے کی اجرت کو بچانا ہے ، مجھے یہ محسوس ہونے لگا تھا اور میرے لیے ضروری تھا کہ میں ان کے نقش قدم پر چلوں ، مجھے تعمیراتی اوزار کے لیے کرائے پر لیا گیا مکان سب سے مناسب جگہ لگی، اس لیے میں اور وہاں دوسرے رہنے والے لوگوں نے اوزاروں کے ڈھیر کے درمیان سونا ، کھانا ، جاگنا اور چائے پینا شروع کر دیا ، ہم جمعہ کی شام کو غزہ میں گھر واپس جاتے اور اتوار کی صبح کام اور رہائش کے لیے واپس آتے ، یہ حالت تقریباً چھ ماہ تک جاری رہی ، میں اس کے بعد ایک اور جگہ منتقل ہوگیا جہاں پہلے میرا بھائی ادہم کام کرتا تھا ، یہ ایک ایلومینیم کا گودام تھا ، ادہم کو رام اللہ کے ایک ٹیچرز انسٹی ٹیوٹ میں داخلہ ملا تھا اور والدین کے اصرار پر کہ وہ اپنی تعلیم مکمل کرے، اس نے کام چھوڑ دیا ، وہ بھی گھر کے خرچ میں مدد کرنے کے لیے کام کرنا چاہتا تھا، لیکن اس نے تعلیم جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ، اس کے کام کی جگہ خالی ہو گئی ، لہذا میں منتقل ہوگیا تاکہ اس کی جگہ بہترین اجرت و حالت کے ساتھ کام کر سکوں ، وہاں کارخانوں میں کام کرنا تعمیراتی ورکشاپس کے مقابلے میں بہتر تھا، لیکن رہائش وہی کرائے کا گھر تھا جو شبیرہ میں تھا ، تعمیراتی ساز و سامان اور لکڑی کے ڈھیر کے درمیان رہنا پڑتا تھا۔

ایک واقعہ جو اس گھر سے جڑا ہے، میری یاداشت میں ہمیشہ محفوظ رہے گا، اس نے میرے ذہن پر اچھا اور برا دونوں طرح سے اپنا نقش چھوڑا ہے ، سن 1948 میں مقبوضہ علاقوں کے اندر رہائش ممنوع تھی، جب تک کہ کوئی اجازت نامہ نہ ہو اور یہ بات معلوم تھی کہ پولیس ان لوگوں کا پیچھا کرتی ہے جو بغیر اجازت کے رہتے ہیں ، ایک رات پولیس نے مذکورہ گھر کا پتہ لگایا اور چھاپہ مارا، اور اس نے ہمیں پکڑ لیا ، جہاں ہم بغیر اجازت کے تھے ، میں سب سے چھوٹا تھا، میرے نصیب میں ایک تھپڑ تھا ، جس سے دنیا میری آنکھوں کے سامنے تاریک ہو گئی، اور کافی دیر بعد یہ تاریکی ختم ہوئی ، میری طرح ہزاروں لوگوں کو مارا پیٹا گیا، تھپڑ اور لاتیں ماری گئی اور میں نے اس تھپڑ سے زندگی کا ایک نیا مطلب سیکھا ، جو مطلب مجھے نہ تو باسی روٹی اور نہ باسی کھانے سے ، نہ دشوار سفر اور نہ اہل خانہ سے ہفتہ بھر کی جدائی سے اور نہ ہی دن بھر کی محنت

کے بعد لکڑی کے ڈھیر کے درمیان سونے سے سمجھ آیا تھا، ایک نیا نیا اور خطرناک مطلب، میں نے محسوس کیا کہ لوہے کی سردی میرے جسم میں سرایت کر رہی ہے، جو میرے اور میرے ساتھیوں کے پاؤں میں ہے، اور ہزاروں مزدوروں کے پاؤں میں بندھی ہوئی تھی اور وہ اپنے ہاتھوں سے ایک تمدن اور مقبوضہ ریاست کی تعمیر کر رہے تھے ، وہ خطرناک مطلب جسے میں نے محسوس کیا جب میں زندگی کے ایک لقمہ پر زیست سے نبرد آزما تھا، تاکہ میں اس خلا کو پُر کر سکوں جسے ادہم اپنی تعلیم مکمل کرنے کے لیے چھوڑ کر گیا تھا، اور جسے والد صاحب عمر رسیدہ ہونے کی وجہ سے چھوڑ گئے تھے ، ایک نیا مطلب جو میری زندگی کی سمجھ پر اثر انداز ہوا، میں اس حجم اور اس خطرے کو نہیں جانتا تھا، صحیح بات یہ ہے کہ میں جانتا تھا کہ ہم قبضے کے زیرِ سایہ زندگی گزار رہے ہیں اور صحیح یہ ہے کہ میں اپنے بھائیوں یعنی یافا اسکول کے طلباء کے ساتھ قابض فوج سے جھڑپوں اور تصادم میں شامل تھا، لیکن یہ ایک نیا سبق تھا، ایک نیا مطلب تھا، ایک نئی سوچ تھی، غصے کے آنسو میرے دل میں، حسرت و افسوس اور جوش جذبے کے ٹیلے کی طرح جم گئے۔

فی الحال اس کو چھوڑیں... میں نے تقریباً ایک سال ایلومینیم کے گودام میں کام کیا اور ادہم دوبارہ وہاں کام کرنے لگا، جب کام کا دباؤ کم ہوا تو میں نے یہ کام چھوڑ دیا اور واپس غزہ چلا گیا، ادہم نے گودام میں کام شروع کیا اور دوبارہ جب انسٹی ٹیوٹ جانا طے ہوا تو میں پھر سے اس کی جگہ پر کام کرنے لگا، میں عام طور پر گودام میں اکیلا عرب ہوتا تھا اور چار یا پانچ یہودی ساتھی تھے، ہر لفظ میں، ہر سرگوشی میں، ہر حرف میں، حتیٰ کہ نظروں میں بھی، اور اُن کاموں میں جو مجھ سے ان کے بغیر انجام دینے کو کہا جاتا اور ہر اس چیز میں جو میرے اردگرد تھی میں ان کے معاملات میں امتیاز اور برتری کے حوالے سے نسل پرستی کو محسوس کرتا تھا، میں محسوس کرتا کہ وہ مجھے کم تر سمجھتے ہیں، جیسے وہ اعلیٰ مقام پر ہوں، جب وہ مجھ سے مذاق کرتے تو ان کی ہنسی میں بھی، ، میں ان کے احساسات کو محسوس کرتا تھا کہ وہ مجھے ناقص، کمتر اور حقیر سمجھتے ہیں، مجھے اس پر تعجب ہوتا تھا کہ کیا ان کی چار آنکھیں ہیں اور میری دو؟ یا ان کے چار کان ہیں اور میرے دو؟ ان کے اس احساس و نظر کی کیا وجہ ہے؟ اور ہر نظر کے ساتھ میں اپنے پیروں میں بیڑی کی ٹھنڈک محسوس کرتا، اس بڑی زنجیر کی ٹھنڈک جو ہم سب کی گردنوں کو جکڑے ہوئے تھی، مجھے مکمل تو یاد نہیں پڑتا کہ یہ واقعہ کیسے پیش آیا، لیکن ایک دن ان میں سے کسی

نے مجھ سے گودام کی زمین صاف کرنے کا مطالبہ کیا ، آہ ! ان کے رویے میں غرور تھا اور وہ مجھے نظر حقارت سے دیکھ رہا تھا ، ہائے قید کی وہ سردی ! کیا انسان پستی و انحطاط کی اس حد تک پہنچ سکتا ہے ؟ میرے والد دور اندیش اور عقلمند تھے جنہوں نے بچپن سے ہی مجھے پرنٹنگ پریس میں لگا دیا تاکہ میں مشکلات کا سامنا کر سکوں ، کیونکہ ہماری تو پوری زندگی ہی مشکلات سے پُر تھی یا یوں کہیے کہ مشکلات ہی ہماری زندگی تھے ، میں نے اسے دیکھا اور محسوس کیا کہ میری نظروں نے اس کے سینے کو چیر کر اس کے دل میں خوف بھر دیا ہے ، تو وہ پلٹ گیا اور مجھ سے یہ نہیں پوچھا کہ میں نے زمین کیوں نہیں دھوئی ، لیکن قید کی برودت میرے جسم میں سرایت کر گئی اور مجھے شدت سے جھنجھوڑ دیا ، اور میرے لیے یہ بات بخوبی واضح ہو گئی کہ وہ دن ایک بابرکت دن تھا جب میں نے مزدوروں کی زندگی کو جانا، میرے ذہن میں حقیقت کی تصویر واضح ہوگئی ، وہ حقیقت جو دلکش پردوں میں لپٹی ہوئی ، دھوکہ دہی اور ملمع کاری کے دورِ ٹیکنالوجی میں حقیقتا غلامی ہے ، دن گزرتے گئے اور ہفتے بیت گئے ۔

